یہ شربت بلغمی اور خشک کھانسی کے لئے بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔ نزلہ اور زکام کی شکایت کو بھی رفع کرتا ہے۔

مغز حب المحلب، اصل السوس مقشر، گل بنفشہ، برگ بانسہ، تخم خطمی، تخم خبازی، برگ بادر نجبویہ، رونا یابس، سپستان ہر ایک 5 تولہ۔ برگ گاؤزباں، گل گاؤزباں، عناب ہر ایک 10 تولہ۔ خالص پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور ڈیڑھ قند میں حسب دستور شربت کا قوام بنائیں۔

مقدار خوراک:

صبح و شام تنہا سادہ پانی یا کسی مناسب عرق کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

شربت خمار

خمار کو دفع کرنے میں بے نظیر ہے اور اطبائے ہند کا مجرب ہے۔

آلوئے سیاہ 1 رطل۔ تمر ہندی 1 رطل۔ بھیدانہ 1 رطل۔ عناب 50 دانہ۔ پانی 6 رطل میں جوش دیں۔ جب دو رطل باقی رہ جائے اتار لیں اور آب انار ترش و شیریں آب سیب آب لیموں ہر ایک نیم رطل اضافہ کر کے ایک من قند میں شربت کا قوام کریں۔

مقدار خوراک:

2 تا 4 تولہ۔

ضماد وجع مفاصل

جوڑوں کے تمام دردوں کی اقسام میں مفید ہے۔

بابونہ 8 درم۔ خطمی 8 درم۔ اکلیل الملک 8 درم۔ اشق 10 درم۔ جاؤشیر 10 درم۔ مقل 10 درم۔ موم 5 درم۔ سرکہ 5 درم روغن شبت 20 درم۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال:

بطریق معروف ضماد تیار کر کے استعمال کریں۔

طلائے مجلوق خاص

عضو مخصوص کی اگر جڑ پتلی ہو گئی ہو تو اس طلا کے چند روزہ استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

جوز بوا' بسباسہ' اشنہ' چرک گوش آدمی ہر ایک 2 ماشہ۔ چربی خر آدھا پاؤ۔

ان سب کو شراب دو آتشہ میں کھرل کریں یہاں تک کہ ایک سیر شاہی شراب ان میں جذب ہو جائے۔

ترکیب استعمال:

بطریق معروف استعمال کرائیں۔

طلائے قیلتہ الماء

نہایت اور مجرب ہے۔

سیندرو' قسط تلخ' افیون ہم وزن لے کر کوٹ چھان لیں۔ اس کے بعد بادیان یا سویہ کے بیجوں کے جوشاندہ میں گوندھ کر لگائیں۔ اگر سیاہ مرچ کے چند دانے بھی اس میں شامل کر لیں تو زیادہ بہتر ہے۔

ترکیب استعمال:

حسب دستور استعمال کرائیں۔

طلائے مجلوق

عضو تناسل کی سستی کمزوری اور کجی کو جو جلق کی وجہ سے عارض ہو جاتی ہیں زائل کرتا ہے۔

Mypdfsite.com

سپنداں، حب الخروع، خرول ہر ایک 3 درم۔ کوکوٹ کر چنبیلی کے تیل میں ملائیں۔

ترکیب استعمال:

گرم کر کے عضو خاص اور خصیوں پر مالش کریں۔

طلائے برص

کوڑھ کے داغوں کو دور کرنے کے میں مجرب ہے۔

پوست چیتہ، بیخ سرکنڈہ مساوی لے کر آب لیموں میں حل کریں۔

ترکیب استعمال:

داغوں پر مالش کریں۔ مالش کے بعد آبلہ ہو کر تھوڑی دیر میں پھوٹ جائے گا۔ آبلہ پھوٹ جانے کے بعد اس پر روغن نیم کی مالش کریں۔ تھوڑی دیر میں داغ دور ہو جائیں گے۔

طلائے مجلوق خاص الخاص

ان لوگوں کے لئے جنہوں نے اپنی زندگی اپنے ہاتھوں تباہ کر لی اور اب ہر طرف سے مایوس ہو کر دنیا سے بیزار ہو گئے ہیں۔ یہ طلا ایک خاص نعمت ہے جس کے محض چند روزہ استعمال سے عضو مخصوص کی تمام خرابیاں مثلاً کجی، لاغری اور کوتاہی رفع ہو جاتی ہے۔ اکسیری چیز ہے۔ اس کی خوبیاں اس کے استعمال کرنے سے ہی معلوم ہو سکتی ہیں۔

سم الفار ایک تولہ کی سالم ڈلی لے کر شیر مدار میں چودہ روز تک تر رکھیں۔ اس کے بعد عطر موتیا ایک تولہ۔ مسکہ گاؤ ایک تولہ دونوں کو شامل کر کے اس میں سم الفار کو تین روز تک کھرل کریں۔ پھر ایک چینی کی رکابی میں ذرا ٹیڑھا کر کے دھوپ میں رکھ دیں۔ جب مقطر ہو کر تمام روغن ایک طرف نکل آئے روغن کو نہایت احتیاط سے علیحدہ کر لیں اور خیال رکھیں کہ سم الفار کے اجزء روغن میں نہ آ جائیں۔ اس کے بعد فی تولہ روغن کے حساب سے اجزائے ذیل اضافہ کر کے کھرل کریں۔

Mypdfsite.com

مشک خالص تین ماشہ۔ زعفران 3 ماشہ۔ عنبر اشہب 4 رتی۔ جائفل 2 ماشہ۔ جاوتری 2 ماشہ۔

ترکیب استعمال:

رات کو سر اور سیون بچا کر طلا کریں اور اوپر سے بنگلہ پان کا پتہ لپیٹ کر کچے دھاگہ سے باندھ دیا کریں اور صبح کھول کر علیحدہ کر دیا کریں۔ اس طرح دو تین روز کے عمل سے جب سرخ دانے نکل آئیں تو پھر بند کر دیں اور 21 روز تک یہ عمل جاری رکھیں اور تمام مناسب پرہیزوں کا خیال رکھیں۔

عرق اورام جگر تیر بہدف

رئیس الاطباء عالی جناب حکیم محمد ہاشم جان خان صاحب کیف دہلوی کا نادر روز گار نسخہ ہے۔ جگر کے اورام کے لئے بے حد مفید ہے۔ حکیم صاحب موصوف نے اب تک ہزار ہا مریضوں پر تجربہ کیا ہے۔ ہمیشہ تیر بہدف ثابت ہوا۔

گلونیب (نیم والی) 10 تولہ۔ برنجاسف ایک پاؤ۔ تخ کاسنی 10 تولہ۔ مکو خشک 7 تولہ۔ مویز منقی 11 تولہ۔ بادیان 9 تولہ۔ تخم خطمی 7 تولہ۔ تخم خبازی 5 تولہ۔ اصل السوس مقشر 5 تولہ۔ آب کسوندی، آب شادھی، آب کاسنی سبز، آب مکو سبز ہر ایک 2 سیر۔ آب انار 1 سیر۔ آب گذر 3 سیر۔ ترنجبین 1 پاؤ۔ شیر خشت آدھا پاؤ۔ آب باریاں 5 سیر۔ بدستور مشہور 12 سیر عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک:

دس تولہ صبح دس تولہ شام۔

عرق اناس

سنگ مثانہ کے لئے ہزار ہا بار کا تجربہ شدہ ہے۔ اناس کو پارہ پارہ کر کے بادیان،

Mypdfsite.com

انناس دونوں ایک ایک سیر۔ پیاز سفید' خارخسک دونوں دو دو سیر ملا کر دیگ میں ڈالیں اور دیگ میں پانی اس قدر ڈالیں کہ دواؤں سے چار انگل اونچا رہے پھر عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک:

چھ تولہ یہ عرق لے کر مصری ملا کر صبح و شام پلائیں۔

عرق احتباس الطمث

ایام حیض کے رک جانے سے مستورات کو جس قدر تکلیف اور اندوہ کا سامنا کرنا ہوتا ہے اس کا اندازہ آسان نہیں۔ عالی جناب حکیم محمد قاسم جان صاحب رئیس دہلی خلف الصدق اشرف الاطباء حکیم نواب جان خاں رحمۃ اللہ علیہ کا مایہ ناز نسخہ آپ کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے جو اس مرض کو بیخ و بن سے اکھاڑ دیتا ہے۔

پوست املتاس 5 تولہ۔ برگ بانسہ 5 تولہ۔ حب قرطم 7 تولہ۔ بادیان 5 تولہ۔ مشک طرامشیع 4 تولہ۔ خارخسک 10 تولہ۔ پانی 10 تولہ۔ میں ڈال کر سات بوتل عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک:

5 تولہ عرق ہمراہ شربت بزوری 4 تولہ۔

عرق مقوی

حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب مرحوم کا کامیاب نسخہ ہے۔ معدہ دل اور دماغ کو تقویت دیتا ہے۔ امراض سوداوی کا دافع ہے۔ بخارات کو دماغ میں چڑھنے سے روک دیتا ہے۔ کابوس تک کے لئے نافع ہے۔

اسطوخودس 12 تولہ۔ کشنیز خشک 3 پاؤ۔ پوست ہلیلہ زرد 1 سیر۔ گل سرخ 5 سیر۔ گاؤزباں آدھا پاؤ۔ ہلیلہ سیاہ ایک پاؤ۔

چار دن اور چار رات تک پانی میں تر کریں۔ اس کے بعد سات سیر عرق بطریق

Mypdfsite.com

معروف کشید کریں۔

مقدار خوراک:

حسب مزاج بدرقہ کے ساتھ پلائیں۔

عرق مقوی مجرب

تقویت باہ میں لاجواب ہونے کے علاوہ مبہی اور ممسک بھی ہے۔ بارہا مرتبہ تجربہ شدہ ہے۔ کبھی خطا نہیں ہوا۔

گل گڑہل آدھا پاؤ۔ بسباسہ، قرنفل، مصری، دارچینی ہر ایک ایک دام۔ کش مش آدھا پاؤ۔ نبات آدھا پاؤ۔ آب باراں دو سیر۔

تمام دواؤں کو جوکوب کر کے آب باراں میں ملا کر شیشہ میں داخل کریں اور تین چار روز تک دھوپ میں رکھیں تا کہ خوب جوش آ جائے۔

مقدار خوراک: 3 تا 4 تولہ۔

عرق گذر

فرحت پیدا کرتا ہے۔ قلب کو طاقت دیتا ہے۔ حرارت کو تسکین اور خفقان کو رفع کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔

گاجر کلاں 1 سیر (باریک کی ہوئی)۔ برگ گاؤزباں 2 تولہ۔ گل گاؤزباں سوا تولہ۔ برادہ صندل سفید ڈیڑھ تولہ۔ بہمن سفید ایک تولہ۔ تودری سرخ 1 تولہ۔ بطریق معروف عرق کشیدہ کریں۔

مقدار خوراک:

12 تولہ تک مصری ملا کر نوش کریں۔

Mypdfsite.com

عرق رنگترہ

دل ودماغ کوقوت دیتا ہے۔مفرح ہے۔بدن کے لئے مقوی ہے۔

آب رنگترہ آب زردک آب نیشکر، کش مش سبز ہرایک 10 سیر۔جوز 4 تولہ۔بسباسہ 4 تولہ۔قرنفل، دارچینی، گل گاؤزباں ہرایک 5 تولہ۔شکر طبرزد 15 سیر۔ عودغرقی 2 تولہ۔عنبر اشہب 4 ماشہ۔مشک 3 بدستور عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک:

1 تا 2 تولہ۔

عرق عنبر

دل ودماغ اور جگر کا تقویت دینا اس کا خاص فعل ہے اور ہر قسم کی غشی کو رفع کرنے میں اور اعادہ شباب وقوت میں بہت سریع الاثر ہے چنانچہ بہت سی وہ عورتیں جو کثرت سے خون حیض کی بنا پر انتہائی کمزور ہوگئی تھیں اور بہت سے وہ مرد جو بواسیر کے خون کی زیادتی سے صاحب فراش ہوگئے تھے۔محض اس عرق کے استعمال سے اپنی اصلی حالت پر آگئے۔ سینکڑوں عجیب وغریب فوائد اس عرق کے استعمال کرنے سے ظاہر ہوتے ہیں۔

مشک خالص 1 مثقال۔عنبر اشہب 2 مثقال۔مصطگی رومی 2 مثقال۔زرنباد، عودعرقی، کبابہ خنداں، اشنہ، سنبل الطیب، بھمنین ہرایک 5 مثقال۔

شقاقل مصری، ساذج ہندی، دارچینی، زعفران، قرنفل، بوزیدان، گل سرخ، طباشیر سفید، قاقلہ صغار وکبار، خس، پوست ترنج، آبریشم خام، صندل سفید، برگ ریحاں، سعد کوفی، قرفہ، کشنیز خشک، گل گاؤزباں، انیسوں، درونج عقربی، پوست بیرون پستہ ہرایک بیس مثقال۔آب سیب ولائتی، آب انار ترش، عرق بید مشک، عرق گاؤزباں آدھا سیر عالمگیری عرق بادرنجبویہ ڈھائی سیر، گلاب قسم اول 5 سیر کوفتنی دواؤں کو نیم کوب کرکے عرقوں میں ملا کر رات کو رکھ دیں اور صبح کو آب سیب، آب انار اس میں داخل کرکے دیگ میں ڈالیں اور

Mypdfsite.com

عنبر مشک کی پوٹلی بنا کر پنجہ میں باندھیں اور عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک:

ایک فنجان قہوہ سے لے کر چار فنجان تک لیکن طبیعت کو مریض کی حالت اور مزاج کے مطابق اس عرق میں تصرفات، جائز ہیں۔ جیسے تقویت معدہ کے لئے آب بہی ایک سیر تقویت قلب کے لئے بہاری نارنج 5 مثقال اور جس طبیعت کے لئے گل مسنجدیا استعمال کریں۔

عرق گذر عنبر خاص

مقوی دل و دماغ اور مقوی باہ ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے۔ مفرح ہے۔ چہرہ پر سرخ لاتا ہے۔

گذر مصفی 5 سیر۔ کش مش سبز ڈھائی سیر۔ مویز منقی ڈھائی سیر۔ بہی آدھا سیر۔ سیب آدھا سیر۔ انار شیریں 1 گل سرخ' الائچی' سبز الائچی' سرخ' ابریشم مقرض' برادہ صندل سفید ہر ایک 4 تولہ۔ برادہ صندل سرخ' برگ ریحاں ہر ایک 2 تولہ۔ کشنیز خشک' برگ گاؤزباں ہر ایک 4 تولہ۔ عرق گلاب' عرق کیوڑہ' عرق گاؤزباں ہر ایک 2 سیر۔ حسب معمول عرق کشید کریں۔

زعفران 1 تولہ۔ مشک 3 ماشہ۔ عنبر 3 ماشہ۔ تخم کاسنی' تخم خیارین ہر ایک 2 تولہ۔ تخم فرنجمشک 4 تولہ۔ تخم بالنگو 4 تولہ۔ طباشیر 6 ماشہ۔ گل گاؤزباں 2 تولہ پوٹلی بنا کر پنجہ کے منہ پر رکھیں۔

مقدار خوراک:

5 تولہ مصری یا شربت انار ملا کر نوش کریں۔

قرص گل

معدے کے درد اور تپ ہائے بلغمی کے لئے بہت مفید ہے۔

Mypdfsite.com

گل سرخ 1 درم' اصل السوس' عصارہ غافث' افسنتین ہر ایک 4 درم۔ مصطگی ایک درم' اسارون ایک درم' عود خام ایک درم' اذخر مکی 1 درم کوٹ چھان کر عرق گلاب کی مدد سے قرص بنالیں۔

قرص طباشیر ملین

تپ ہائے محرقہ کھانسی خشونت سینہ اور پیاس کے لئے نافع ہے۔ طبیعت کو نرم کرتی ہے۔

طباشیر' زرشک' شمونیہ' گل سرخ' کتیرا ہر ایک ایک درم۔

کوٹ چھان کر قرص بنائیں۔

مقدار خوراک:

دو ماشہ سے تین ماشہ تک۔

قرص طباشیر

پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ سینکڑوں اطباء کا مجرب اور آزمودہ ہے۔ بنسلوچن ساڑھے سات ماشہ۔ کتیرا 10 ماشہ۔ گوند ببول ساڑھے دس ماشہ۔ نشاستہ ساڑھے دس ماشہ۔ ست ملٹھی 2 تولہ۔ تخم خرفہ 4 تولہ ککڑی کے بیجوں کی گری 14 ماشہ۔ کھیرے کے بیجوں کی گری 14 ماشہ۔ میٹھے کدو کے بیجوں کی گری 14 ماشہ۔ لعاب اسپغول میں قرص بنائیں۔

مقدار خوراک:

1 تا 2 اقراص کے پانی کے ہمراہ ہر تین گھنٹہ بعد۔

قرص کافور

تپ ہائے محرقہ اور دق کو فائدہ کرتے ہیں۔ دل و جگر کی تبرید کے لئے بھی نافع

Mypdfsite.com

ہیں۔

کافور ریاحی نیم درم۔گل سرخ 10 درم۔ترنجبین صاف 10 درم۔مغز تخم خیار 5 درم۔طباشیر اصلی 5 درم۔تخم کاہو 7 درم۔تخم خرفہ 6 درم۔تخم کاسنی 2 درم۔مغز تخم کدو 4 درم۔رب السوس 3 درم۔

کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں ملا کر قرص بنائیں۔

مقدار خوراک:

1 تا 2 اقراص ہر تین گھنٹہ بعد کھلائیں۔

قرص نفث الدم

منہ سے خون آنے کو نفع کرتا ہے۔

اقاقیا 4 درم۔گل سرخ 8 درم۔گلنار 8 درم۔صمغ عربی 2 درم۔کتیرا 1 درم۔

آب باراں میں بقدر ایک مثقال قرص بنائیں۔

ترکیب استعمال:

ایک قرص ہر روز استعمال کریں۔

قرص بسد

کھانسی کے بعد اگر خون آتا ہو تو یہ قرص استعمال سے انشاء اللہ فائدہ ہو جائے گا۔

صمغ عربی 4 درم۔گل ارمنی 4 درم۔کہربا، بسد ہر ایک ڈیڑھ درم۔ساذج ڈیڑھ درم۔رب السوس، دم الاخوین، نشاستہ، بادیان ہر ایک 2 درم۔

قرص تیار کریں۔

مقدار خوراک:

1 تا 2 قرص شربت انجبار تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

Mypdfsite.com

قرص عنبر

تقویت دل ودماغ میں مفید ونافع ہے۔

عنبر اشہب 1 درم۔زعفران نیم درم۔کافور نیم درم قند سفید 20 درم۔

قند وگلاب میں آمیز کر کے گاڑھا قوام کریں اور ادویہ ملا کر قرص بنائیں۔

مقدار خوراک:

1 تا 2 اقراص ہمراہ عرق گاؤزبان 6 تولہ۔

قرص مروارید

دل ودماغ کو قوت دیتے ہیں۔خفقان گرم اور یرقان کو نافع ہیں۔

گل سرخ 2 درم۔طباشیر' مروارید ناسفتہ' بسد صندل سفید ہر ایک ایک درم۔

مغز تخم خیارین 5 درم۔مغز تخم گذر 5 درم۔تخم خرفہ 3 درم۔زعفران نیم درم۔

کوٹ چھان کر لعاب اسپغول کی مدد سے قرص بنائیں۔

مقدار: ایک مثقال ہمراہ شکنجبین بین۔

کحل جواہر

(ترک عینک)

بینائی کا تقویت بخشتا ہے اور آنکھوں کی حفاظت میں لاجواب ہے۔

سرمہ اصفائی 7 درم۔مارقشیشا 5 درم۔اقلیمائے طلا 12 درم۔مروارید 3 درم۔زعفران نیم درم۔ساذج ہندی 2 درم۔حسب دستور سرمہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال:

ہر روز رات کو سوتے وقت استعمال کرنے سے چھ ماہ کے بعد چشمہ کی عادت چھوٹ جاتی ہے اور آنکھ کی تمام شکایات دور ہو جاتی ہیں۔بے حد مفید اور مجرب ہے۔

Mypdfsite.com

لعوق بحتہ الصوت

آواز کے بیٹھ جانے میں انسان کو اظہار مدعا کے لئے جیسی کچھ تکلیف ہوتی ہے وہ اس کا دل جانتا ہے۔ یہ لعوق آواز کو کھولتا ہے اور اس باب میں مجرب ہے۔

نسخہ:

سپستاں 10 دانہ۔ تخم خطمی، تخم خبازی ہر ایک 3 درم۔

ان سب دواؤں کو جوش دے کر لعوق سپستاں اور کتیرا، نشاستہ چھڑک کر استعمال کریں۔

گانے والوں کے اور مقرروں کے لئے لاجواب تحفہ ہے۔

ترکیب استعمال:

ایک تولہ صبح و شام۔

لعوق سعال

ہر قسم کی کھانسی کے لئے نہایت مفید ہے۔ خصوصاً بلغمی کھانسی کے لئے بہت زود اثر ہے۔ دماغ اور قلب کی تقویت بھی ایک گونا دیتا ہے۔

نسخہ:

ھوالشافی:۔ تخم حلبہ 2 تولہ۔ ابریشم خام مقرض ڈھائی تولہ۔ گاؤزبان 4 تولہ۔ تخم خبازی 4 تولہ۔ انجیر زرد 5 تولہ۔ مویز منقی 5 تولہ۔ زنجبیل 1 تولہ۔ تخم کتان 3 تولہ۔ تخم ریحان 1 تولہ عرق شاہترہ ایک سیر میں دوائیں بھگوئیں اور جوش دے کر صاف کریں۔ اس کے بعد شہد اور مصری سے حسب معمول لعوق اور مصری کا قوام تیار کریں اور بعد میں حسب ذیل ادویہ شامل کریں۔

دارچینی، پیپل کلاں، رب السوس، مصطگی رومی، عود ہندی، طباشیر، دانہ لاچی کلاں، ورق نقرہ ہر ایک 6 ماشہ۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال:

ایک تولہ یہ لعوق لے کر صبح کو عرق گاؤزبان کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر مرض کی زیادتی ہو تو رات کو سوتے وقت بھی استعمال کرنا چاہیے۔ دوران استعمال میں گرم اور بادی چیزیں نہ کھائیں۔

لعوق سل

حکیم شریف خاں بانی خاندان شریفی کے عم مرحوم حکیم جمیل خاں کا کامیاب ترین نسخہ ہے۔ سل کے لئے بے نظیر ہے۔

نسخہ:

ھوالشافی:۔ مغز تخم خیارین، مغز بہدانہ، مغز پنبہ دانہ، تخم خشخاش، انزروت سفید، کتیرا، مغز چلغوزہ، ایرسا زوفائے خشک ہر ایک دو مثقال کوٹ چھان کر شربت زوفا میں ملا کر تیار کریں۔

مقدار خوراک:

ایک مثقال۔

لبوب صغیر

افزائش منی اور تقویت گردہ اور مثانہ میں بے نظیر ہے۔

نسخہ:

مغز بادام، گردگان، جتہ الخضراء، مغز چلغوزہ، مغز حب الزلم، فندق، پستہ نارجیل، مغز حب القلقل، خشخاش سفید، تودری سرخ و زرد مقشر، تخم جرجیر، تخم پیاز، تخم شلجم، تخم اسپست بہمن سرخ و سفید قرفہ زنجبیل، دارفلفل، عاقرقرحا، کبابہ، دارچینی، شقاقل، خولنجان، تخم ہلیون مساوی الوزن سب کو کوٹ چھان کر شہد خالص سہ وزن ادویہ میں معجون تیار کریں۔

Mypdfsite.com

مقدار خوراک:

دو درم ہمراہ شیر گرم۔

لبوب کبیر

گردہ کو گرم اور قوی کرتا ہے۔ افزائش منی و باہ اور تقویت دل و دماغ میں بے نظیر ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے اور چہرے کے رنگ کو نکھار کرتا ہے۔ قوت جماع ازحد پیدا کرتا ہے۔ غرض یہ ہے کہ قوت مردی اس قدر پیدا کرتا ہے کہ بوڑھے بھی جوانی کا لطف حاصل کر سکتے ہیں۔ طب یونانی کا مایہ ناز نسخہ ہے۔ اطبائے ہند کا ابتداء سے معمول رہا ہے۔ نسخہ: مغز پستہ، مغز بادام مغز فندق، مغز جتہ، الخضرا، مغز گردگان، مغز چلغوزہ، مغز حب الزلم، مغز حب البطم، ماہی رویاں، خولنجان، شقاقل، بھمنین، تودرین زنجبیل، کنجد مقشر، دار چینی ہر ایک 5 درم۔ سنبل الطیب سعد کوفی، قرنفل، کبابہ حب القلقل، تخم گذر، تخم شلجم، ترب، تخم پیاز اسپست تخم ہلیون۔

لسان العصافیر، زرنباد، جوز بواہر واحد تین درم۔ بسباسہ، دو درم۔ دوالہ دو درم۔ دار فلفل 2 درم۔ خصیتہ الثعلب 10 درم۔ نارجیل تازہ 10 درم۔ مغز سر کنجشک 10 درم۔ خشخاش 10 درم۔ قضیب گاؤ سوختہ 4 درم۔ سورنجان 4 درم، بوزیدان بادام نصناع خشک 4 درم، مایہ شتر اعرابی 3 مثقال۔ مصطگی 3 مثقال۔ عود خام 2 مثقال۔ ورق طلا 2 عدد۔ ورق نقرہ 50 عدد۔ عنبر اشہب ایک مثقال۔ مشک نیم مثقال عسل سہ چند وزن ادویہ بطریق مشہور لبوب تیار کریں۔

مقدار خوراک:

3 تا 6 ماشہ استعمال میں لائیں۔

معجون مقوی دماغ

تقویت قلب و دماغ اور نسیان کے لئے مجرب ہے۔

Mypdfsite.com

دارچینی، بہمن سفید، سنبل الطیب، حب بلسان، عودصلیب، مصطگی، زعفران، کندر، بیخ سوسن، دروخ عقربی، سعد کفی، وج، اسطوخودوس، کباب چینی، اسارون ہرایک 2 ماشہ۔ ہلیلہ کابلی، مغز ناریل ہرایک 4 ماشہ۔ ابریشم مقرض 20 ماشہ۔ مویز منقی 15 دانہ۔ مغز فندق 3 ماشہ۔ فلفل 1 ماشہ۔ زنجبیل 1 ماشہ۔ فلفل سفید 1 ماشہ۔ نبات سفید 4 درم۔ عسل کف گرفتہ آدھا پاؤ کوٹ چھان کر معجون بنائیں۔

مقدار خوراک:

3 سے 5 ماشے تک۔

معجون صرع

مرگی کے مریض کو اس معجون کا استعمال کرا کے قدرت خداوندی کا تماشہ دیکھیں۔

نسخہ: پوست ہلیلہ کابلی، تربد سفید، زنجبیل، مصطگی رومی، عودصلیب ہرایک ساڑھے تیرہ ماشہ۔ اسطوخودوس ساڑھے چار ماشہ۔ ہلیلہ 2 ماشہ۔ دارچینی ڈیڑھ تولہ۔

ان سب دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کر کے قند سفید 12 تولہ شہد خالص 24 تولہ دونوں کو عرق بادیان 12 تولہ میں حل کریں اور حسب دستور قوام بنا کر ادویہ بالا کا سفوف ملا کر معجون تیار کریں اور کسی چینی کے برتن میں رکھ کر غلہ جو میں دفن کریں۔

ترکیب استعمال:

چالیس روز کے بعد نکال کر ایک تولہ یومیہ عرق بادیان سے دیں۔

غذا:

نخود آب سادہ یا گوشت مرغ تیتر، بٹیر وغیرہ۔

معجون قیصری

مرگی، فالج، خفقان بارد اور اس درد معدہ کو جو سردی کے سبب ہو، نافع ہے۔ سدہ کو

Mypdfsite.com

کھولتی ہے۔

نسخہ:

مشک 2 دانگ۔ دارونج عقربی نیم درم۔ زرنباد نیم درم۔ مروارید ناسفتہ نیم درم۔ جاؤشیر 1 تولہ۔ جند بیدستر 2 درم۔ رب السوس 3 درم۔ سلیخہ 3 درم۔ قسط تلخ 3 درم۔ فلفل سیاہ 3 درم۔ افیون 3 درم۔ میعہ 3 درم۔ زعفران 3 درم۔ سنبل الطیب 2 درم۔ دار فلفل 3 درم۔ شہد خالص دو چند ادویہ میں معجون بنائیں۔

مقدار خوراک:

ایک نخود سے 4 نخود تک روزانہ صبح و شام استعمال کریں۔ بے حد مفید ثابت ہوگی۔ کئی دفعہ کا آزمودہ ہے۔ بالکل بے خطا ثابت ہوئی ہے۔

معجون جالینوس

یہ معجون جالینوس کی تالیف ہے اور سات فوائد کی حامل ہے۔

① اوعیہ عضو تناسل کو تمام کمزوری سے پاک کر کے نہایت سخت کر دیتی ہے۔

② اوعیہ کو کھولتی ہے۔

③ شہوت کو اس درجہ زیادہ کرتی ہے کہ بعض اوقات صبر و ضبط بھی ہاتھ سے جاتے رہتے ہیں۔

④ پٹھوں کو قوت دیتی ہے۔

⑤ خون میں تغیر عظیم پیدا کرتی ہے۔

⑥ حد سے زیادہ نعوظ لاتی ہے۔

⑦ عورت کے دل میں مرد کی محبت اور دوستی پیدا کرتی ہے۔

نسخہ:

مروارید 1 مثقال۔ بسد 1 مثقال۔ بہمن 3 درم۔ کاکنج 1 درم۔ لباب 1 درم۔

Mypdfsite.com

قفاح اذخر نیم مثقال۔ سعد 1 مثقال۔ کزماذج 1 مثقال۔ سلیخہ نیم مثقال۔ دارچینی نیم مثقال۔ اسارون نیم مثقال۔ مصطگی نیم مثقال۔ صمغ عربی نیم درم۔

ترکیب استعمال:

مجامعت کے وقت ایک مثقال گرم پانی سے کھائیں۔

معجون مبھی

تقویت اعضائے رئیسہ میں بے مثل ہے۔ مولد منی محرک باہ ہے۔
حکیم صادق علی خاں کی بیاض خاص سے منقول ہے۔

نسخہ:

ثعلب مصری، شقاقل، قسط شیریں، تخم اسپست، تخم جرجیر، تخم گندر، خولنجان، زرنباد، سنبل الطیب، بھمنین ہرایک ساڑھے بائیں ماشہ۔ مایہ شترا عرابی، قضیب گاؤ کوہی، مغز سرکنجشک نر، کنجد سفید مقشر ہرایک ساڑھے دس ماشہ۔ زنجبیل، دارفلفل، کبابہ بوزیدان، تخم ہلیون، تودرین ہرایک 9 ماشہ۔ جوزسار ھے تین ماشہ۔ مشک وعنبر ہرایک 9 ماشہ۔

تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر تین گنا عصارہ انگور میں جو مویز کے ساتھ پکایا گیا ہو ملا کر معجون بنائیں۔

مقدار خوراک:

ساڑھے چار ماشہ علی الصبح گائے کے دودھ یا ماء اللحم کے ہمراہ استعمال کریں۔

معجون مفرح

مالیخولیا اور وحشت کو دور کرتی ہے۔ دل کو قوت دیتی ہے اور نشاط پیدا کرتی ہے۔

نسخہ:

گل سرخ، سعد، ہرایک 5 درم۔ قرنفل، بسباسہ، پوست ترنج، خرفہ، تخم فرنجمشک ہرایک 3 درم۔ مشک 1 دانگ۔

Mypdfsite.com

کوٹ چھان کر شربت سیب میں معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک:

3 سے 5 ماشہ تک۔

مفرح جدید

دل کی تمام بیماریوں کو دفع کرتا ہے۔ جناب حکیم ڈاکٹر سید علی اکبر صاحب چاند پوری تحریر فرماتے ہیں کہ میں نے اس دوا کو طاعون کے مریضوں تک کو استعمال کرایا اور ان کو فائدہ ہوا۔ اس کے علاوہ خفقان غشی اور اختلاج وغیرہ کی عمدہ دوا ہے۔ دیگر مفرحات کے مقابلہ میں زیادہ مفید اور سستی ہے۔

نسخہ:

مربہ آملہ، مربہ سیب گلقند، مربہ ہلیلہ ہر ایک 2 تولہ۔ عرق گلاب، عرق کیوڑہ، عرق بید مشک ہر ایک آدھا پاؤ۔ میں جوش دیں۔ عرق میں شہد خالص شامل کر لیں۔ اس کے بعد طباشیر 2 تولہ۔ دانہ الائچی سفید 2 تولہ۔ صندل سفید 2 تولہ زہر مہرہ خطائی 1 تولہ۔ مغز کدو، تخم خرفہ، کشنیز خشک، بہمن سفید، گل ارمنی ہر ایک ایک تولہ۔ گل گاؤزبان 9 ماشہ۔ گل سیوتی 9 ماشہ۔ تخم فرنجمشک 9 ماشہ کھرل کر کے ملا لیں۔ رونق کے لئے ورق نقرہ بھی شامل کر سکتے ہیں۔ سردی کے موسم میں زعفران اصلی 9 ماشہ بھی ملا لیں۔

مقدار خوراک:

3 تا 5 ماشہ۔

معجون رب السوس

دمہ کے لئے فائدہ مند ہے۔ بدن کو غلیظ رطوبت اور پیپ سے پاک کرنے میں مجرب ہے۔ حکیم علی کی بیاض خاص کا نسخہ ہے۔

Mypdfsite.com

نسخہ:

زراوند مدحرج، تخم انجرہ، قرماناقلفل، مغز بادام تلخ، حب الرشاد، زوفائے خشک، پرسیاؤشاں، رب السوس ہر ایک 2 تولہ۔ کوٹ چھان کر عسل کف گرفتہ کی مدد سے معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال:

تین درم سے لے کر چار درم تک کھائیں۔ اس کے بعد خمیرہ بنفشہ 3 درم سے لے کر چار درم تک کھائیں اور خمیرہ گرم پانی میں حل کر کے پئیں۔

معجون قولنج

مقوی معدہ ہے۔ قولنج کے واسطے از حد مفید اور ملین طبع ہے۔

نسخہ:

مویز منقی نیم رطل۔ مصطگی 6 درم۔ تربد موصوف 10 درم۔ زنجبیل 1 درم۔ شربت گلاب (جلاب) مقورین ملائیں۔

معجون بقراط

مشہور یونانی طبیب حکیم بقراط کا کامیاب ترین نسخہ ہے۔

تقویت معدہ و جگر اور قطع بلغم کام میں مفید ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ درد معدہ کو روکتی ہے اور پیٹ کے کیڑوں کو مارتی ہے۔ ریاح مختلفہ کو تحلیل کرنے میں نافع ہے۔ بقراط کہتا ہے کہ میں نے جس شخص کو بھی یہ معجون استعمال کرائی ہے۔ علاوہ امراض مذکورہ میں فائدہ مند ہونے کے قوت باہ اس قدر پیدا کی کہ 10 عورتوں پر اقتدار پایا۔

نسخہ:

تخم کرفس 10 درم۔ انیسون 10 درم۔ تخم جزر 10 درم۔ تخم شبت 10 درم۔

Mypdfsite.com

زرورد 2 درم۔ مصطگی 1 درم۔ قرنفل 1 درم۔ عاقرقرحا 1 درم۔ عود خام 1 درم۔ کوٹ چھان کر عسل مصفی سہ وزن ادویہ میں قوام کر کے معجون تیار کریں اور پھر استعمال میں لائیں۔

مقدار خوراک:

دو مثقال۔

پرہیز:

ثقیل اور بادی اشیاء سے پرکرنا ضروری ہے۔

معجون

درد جگر ضعف معدہ اور برودت معدہ کو نافع ہے۔ سدوں کی تنقیح کرتی ہے اور ریاح غلیظ کو تحلیل کرتی ہے۔

مشک، تج، سنبل الطیب، ساذج ہندی، لک معسول، ریوند چینی، جنطیا نائے رومی ہر ایک دو درم، زعفران، اجوائن، تخم کرفس، مصطگی ہر ایک 3 درم، عود ہندی نیم درم۔ ان سب اجزاء کو کوٹ چھان کر شہد کف گرفتہ میں ملا کر معجون تیار کریں اور بر وقت حاجت استعمال میں لائیں۔

مقدار خوراک:

برابر ایک باقلا ہمراہ آب گرم۔

معجون قسط

معدہ اور جگر کے درد کو فائدہ دیتی ہے۔

دار چینی، قسط تلخ ہر ایک 7 درم۔ انیسون، تخم کرفس، اسارون ہر ایک 3 درم۔

کوٹ چھان کر شہد خالص میں معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: 1 مثقال۔

ز و فائے خشک

سے معجون تیار

3 درم سے

درم۔

Mypdfsite.com

معجون جلالی

اطبائے ہند کی مجرب اور معمول ہے۔ بھوک، تقویت معدہ وگردہ اور افزائش منی وباہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

ترفہ، سنبل الطیب، قرنفل، دارچینی، قاقلہ ہرایک 2 درم۔ انیسون، تخم، کرفس ہر ایک 1 مثقال۔ زیرہ کرمانی مدبر، مقل، مصطگی، نعناع ہرایک نیم مثقال۔ فلفل 2 مثقال بدستور معجون بنائیں اور روزانہ دو دو درم استعمال کریں۔

معجون گلنار

پیشاب کے بار بار آنے میں نافع ہے۔

نسخہ:

گلنار 10 درم۔ کندر، بلوط ہرایک 20 درم۔ سعد، کردیا ہرایک 5 درم۔ کوٹ چھان کر شہد خالص کی مدد سے معجون بنائیں۔

مقدار خوراک:

1 مثقال۔

پرہیز:

ثقیل اور بادی نیز گڑ تیل کی اور کھٹائی کی اشیاء سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔ ایک ماہ کے استعمال سے مکمل فائدہ ہوتا ہے۔

معجون نوری

صفرا اور بلغم کو دستوں کی راہ خارج کرتی ہے۔

سقمونیا، تخم معصفر ہرایک 10 درم۔ مغز بادام شیریں 5 درم۔ شکر طبرز 25 درم۔ زعفران ساڑھے تین ماشہ دستور معجون تیار کریں۔

Mypdfsite.com

مقدار خوراک:

1 مثقال۔

معجون خستہ انبہ

اسہال معدی کے دفع کرنے کے لئے بے نظیر ہے۔

نانخواہ دانہ الائچی سفید، موچرس، سعد کوفی، بیلگری، صمغ، عربی بریاں، کشنیز خشک ہر ایک 2 درم۔ مغز خستہ انبہ 4 درم۔

ترکیب استعمال:

دو مثقال یہ معجون لے کر شیرہ بادیان بریاں ایک درم اور زیرہ سیاہ بریاں ایک درم شامل کریں اور استعمال میں لائیں۔ نہایت مفید ہے۔

معجون خبث الحدید

پیشاب کی زیادتی اور سرعت انزال کے لئے نفع بخش ہے۔

خبث الحدید مدبر 40 درم۔ بلوط 10 درم۔ گلنار 10 درم۔ کندر، طباشیر 10 درم۔ تخم قنب 3 درم۔ ہلیلہ سیاہ 4 درم۔ شہد خالص سہ وزن ادویہ میں معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک:

یہ نسخہ اطبائے قدیم کا معمول رہا ہے اور انتہائی نفع بخش معجون ہے۔

ماء العسل

فالج، لقوہ اور تقویت معدہ اور باہ میں از حد مفید ہے۔ عسل خالص 1 سیر، آب صاف 2 سیر۔ ان دونوں کو ملا کر ہلکی آنچ پر جوش دیں اور کفچہ چلاتے رہیں۔ جب 2 سیر رہ جائے۔ اتار کر محفوظ کر لیں۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال:

صبح دوپہر شام استعمال کرائیں۔ مریض جب بھی پانی کا تقاضا کرے تو ایسے ہی پلائیں۔

مربائے گذر

دل کو طاقت دیتا ہے۔ آواز کو صاف کرتا ہے۔ ریح کو خارج کرتا ہے۔ نزلہ کو روکتا ہے۔ کھانسی کے لئے مفید ہے اور مقوی باہ ہے۔ بڑی بڑی گاجریں لے کر پانی میں ڈالیں اور ان کو چھیل کر ریزہ ریزہ کریں۔ اس کے بعد پانی میں جوش دیں تاکہ گل جائیں پھر پانی میں سے نا کل کر صرف شہد ڈال کر ایک دو جوش دیں اور آگ سے اتار کر رکھ دیں۔ بعد چالیس روز کے کام میں لائیں۔

مقدار خوراک:

دو تولہ ہمراہ عرق گاؤزباں مصری ملا کر کھائیں۔

مرہم آتشک

آتشک کو دور کرنے میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

زنگار، سیماب، موم سفید ہر ایک 1 تولہ۔ روغن گاؤ آدھا پاؤ۔

دستور کے مطابق مرہم بنا کر استعمال کریں۔

مرہم سفید آب

کھجلی اور آبلے کو مفید ہے۔ آگ سے جلے ہوئے عضو کا نافع ہے اور مجرب ہے۔ روغن گل 24 دام۔ موم سفید 6 دام۔ سفیدہ کاشغری 12 دام۔ سفیدی بیضہ مرغ 6 عدد۔ کافور 2 دام۔

اول موم کو روغن میں چرب کریں اور آگ پر سے اتار لیں۔ دوسری دوائیں حل

Mypdfsite.com

کر کے ڈالیں اور آخر میں سفیدی بیضہ مرغ ملا دیں۔

ترکیب استعمال:

بوقت ضرورت مقام ماؤف پر لگائیں۔

مرہم سیاہ

ان زخموں کے لئے جو مندمل نہیں ہوتے یا بدشواری مندمل ہوتے ہیں۔

موم، روغن زیتون، علک الانبساط، زفت ہر ایک 2 تولہ۔

بدستور معروف مرہم بنا کر استعمال کرائیں۔

متفرق نسخہ جات

مہاسوں کا آسان علاج

آمد شباب کے وقت چہرہ پر سرخ رنگ کے دانے نکل آتے ہیں۔ بعض اوقات پیپ بھی پڑ جاتی ہے جس کی وجہ سے نہ صرف تکلیف اٹھانی پڑتی ہے بلکہ چہرہ بدنما بھی ہو جاتا ہے۔ ہم اس کے لئے ایک نہایت آسان اور زود اثر نسخہ آپ کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔ استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔

برگ نیم بیخ سوسن، پوست سرس دونوں پیس کر چہرہ پر طلا کریں۔ چند روز کے استعمال سے فائدہ ہوگا۔

بخار کا علاج

یہ نسخہ حکیم واصل خاں مرحوم برادر بزرگ جناب مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خاں کے مطب کا مجرب اور معمول ہے۔

گل بنفشہ، بادیان دونوں 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ عناب 5 دانے۔ سناء مکی ڈیڑھ ماشہ۔ تخم کاسنی 7 ماشہ۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال:

سب دواؤں کو پانی میں جوش دے کر نبات سفید 2 تولہ ملا کر پئیں۔

صفراوی بخار کا علاج

حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں مرحوم کا معمول و مجرب ہے۔ صفراوی بخار اس کے استعمال سے جاتا رہتا ہے۔

لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ۔ لال آلو بخارا 5 عدد۔ عرقیات بارہ تولہ نکال کر شربت بنفشہ 4 تولہ میں خاکسی 7 ماشہ چھڑک کر پلائیں۔

تپ محرقہ کا علاج

حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں صاحب مرحوم کا معمول و تجربہ ہے۔

زیرہ سفید 1 تولہ۔ گلونیب 1 تولہ رات کو پانی میں تر کریں۔ صبح کو آب زلال لے کر نبات سفید ملا کر پی لیں۔

کھانسی و بخار کا نسخہ

حاذق الملک حکیم عبدالمجید خان صاحب مرحوم کا معمول ہے۔ کھانسی و بخار کو فائدہ کرتا ہے۔

لعوق سپستاں 2 تولہ۔ ہمراہ شیرہ عناب 5 دانہ۔ عرق گاؤزباں 6 تولہ۔

عرق عنب الثعب 4 تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ ملا کر اور خاکسی چھڑک کر پلائیں۔

نزلہ حار کا نسخہ

اشرف الاطباء حکیم نواب جان خاں تلمیذ و جانشین عمدۃ الحکماء معتمد الملک حکیم احسن اللہ خاں مرحوم طبیب شاہی وزیر اعظم بہادر شاہ ظفر کا معمول و مجرب ہے سونے پر

Mypdfsite.com

سہاگہ یہ کہ اجزاء بہت کم۔

مقدار خوارک:

عرق شیر 12 تولہ۔شربت نیلوفر 4 تولہ میں ملا کر پئیں۔

دردسر کا علاج

عموماً دردسر کی جتنی دوائیں ہیں وہ قلب کو کمزور کر دیتی ہیں لیکن یہ دوا جو ہم آپ کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔سب سے بڑی یہ خوبی رکھتی ہے کہ قلب کو ضعیف نہیں کرتی اور نہ ہی کوئی مضر ہے۔

صندل سفید 9 ماشہ۔ زہر مہرہ 9 ماشہ۔گل ارمنی 6 ماشہ۔ دانہ الائچی سفید ساڑھے چار ماشہ۔اسپرین ڈیڑھ تولہ پیس چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک:

بڑے آدمی کو 6 رتی۔

کان کے درد کا علاج

اس دوا کے استعمال سے کان کا درد فوراً رفع ہوتا ہے۔جس وقت کان میں درد ہو تو افیون کو پان کے عرق میں گھس کر کان میں ڈالیں۔درد کافور ہو جائے گا۔

کان کے درد اور زخم کی دوا

یہ دوا کان کے درد اور زخموں کے لئے از حد مفید ہے۔

مرکی 1 مثقال' کندر 3 مثقال۔فقروں 3 مثقال۔زعفران 3 مثقال۔عصارہ خشخاش تین مثقال۔بہروزہ 2 مثقال۔بادام مقشر 20 دانہ۔

ان سب دوائیوں کو پیس کر سرکہ میں گوندھیں اور قرص تیار کریں۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال:

اگر کان میں درد ہو تو گھول کر ٹپکائیں اور اگر کان میں گرانی ہو تو سرکہ میں حل کر کے ٹپکائیں۔

ورم جگر کا آسان نسخہ

ورم جگر کے لئے مسیح الملک ثانی جناب حکیم محمد احمد خان کا معمول و مجرب ہے۔

برگ کسوندی 1 تولہ۔ فلفل سیاہ دانہ باریک پیس کر پئیں۔ چند روز کے استعمال سے ورم جگر کو فائدہ ہو جائے گا۔

پرہیز:

مونگ کی دال کا پانی یا قلیہ چپاتی۔

یرقان کا کامیاب نسخہ

ممتاز الاطباء عالی جناب حکیم محمد ہاشم جان صاحب کیف دہلوی شریف خانی کا تجویز کردہ ہے۔ یرقان کو رفع کرنے میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

تخم کاسنی 1 تولہ۔ بنڈال ڈوڈہ 1 تولہ۔ سورنجان شیریں 7 ماشہ پانی میں تر کریں۔

ترکیب استعمال:

صبح کو جوش دے کر شربت بزوری 4 تولہ ڈال کر استعمال کریں۔ غذا میں شوربہ چپاتی رکھیں۔

ضعف قلب کی دوا

یہ دوا ضعف قلب کو دور کرتی ہے۔ کئی مرتبہ آزمائش کے طور پر دی گئی۔ ہمیشہ فائدہ بخش ثابت ہوئی۔

طباشیر کبود 5 تولہ۔ الائچی سفید 5 تولہ۔ کشنیز خشک 5 تولہ۔ کہربا 5 تولہ۔ زہر مہرہ

Mypdfsite.com

5 تولہ۔ نارجیل دریائی 3 تولہ۔ کشتہ عقیق 2 تولہ۔ کشتہ مرجان 1 تولہ۔ ورق نقرہ 1 تولہ کوٹ چھان کر غبار کی طرح سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: بقدر 2 ماشہ رب بہی میں ملا کر صبح وشام چٹائیں۔

جوڑوں کے درد کی دواء

جوڑوں کے درد کے لئے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ کئی دفعہ آزمایا گیا۔ ہمیشہ تیر بہدف ثابت ہوا۔ سورنجان شیریں 2 درم۔ رازیانہ 2 درم۔ پوست بیخ رازیانہ 2 درم۔ تخم کرفس 2 درم۔ قنطوریون باریک 2 درم۔ پرسیاؤشاں 3 درم۔ گاؤزباں 3 درم۔ باد رنجبویہ 3 درم۔ گل سرخ 4 درم۔ ہلیلہ زرد 4 درم۔ سناء مکی 7 درم کو جوش دیں۔

ترکیب استعمال:

صاف کر کے گلقند 10 مثقال۔ ترنجبین 2 مثقال اس میں حل کر کے صبح نوش کریں۔

بچہ کی پیاس کا نسخہ

وہ اصحاب جن کا بچہ ابھی شیر خوار ہے اور خدانخواستہ اس مہلک مرض میں گرفتار ہے تو ان کو مسیح الملک حکیم اجمل خاں مرحوم کا یہ نسخہ استعمال کرانا چاہیے۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

زہر مہرہ 1 ماشہ۔ طباشیر 1 ماشہ دونوں کو باریک پیس کر شربت بنفشہ 9 ماشہ میں ملا کر بچہ کو پیاس کے وقت چٹائیں۔

ہیپاٹائٹس

موجودہ دور میں ہیپاٹائٹس (سوزش جگر) کا شور اور غلغلہ بڑے وسیع پیمانے پر سنا جارہا ہے۔ پرانے زمانے میں بھی سوزش جگر (ہیپاٹائٹس) کے مریض ہوتے تھے جن کا علاج اسوقت کے ماہر طبیب بڑی دانشمندی اور کامیابی سے کر لیتے تھے اور غذاؤں میں مختلف کیمیکلز اور فوڈ کلرز کی آمیزش والی مٹھائیاں بیکری کا سامان اور طرح طرح کے پکوان اور مزمن قبض اس کے بڑے اسباب میں سے ہیں ان اسباب کی وجہ سے اندر ماحول بنتا ہے

Mypdfsite.com

تعفن پیدا ہوتا ہے بالآخر سوزش پیدا ہو جاتی ہے جب کسی جگہ تعفن پیدا ہوتا ہے تو پھر طرح طرح کے وائرس اور جراثیم پیدا ہو جاتے ہیں اور اپنا گھر کر لیتے ہیں۔ ذیل میں سوزش جگر (ہیپاٹائٹس) کے علاج کے ضمن میں مختلف نسخہ جات تحریر کئے جا رہے ہیں جو اپنے اثرات کے لحاظ سے اور مرض کے دفعیہ کے لیے بہترین نسخے ہیں اور نسخے موجودہ نئے ایڈیشن میں افادہ عام کے لیے دیئے جا رہے ہیں جو کہ اس سے پہلے کے ایڈیشن میں درج نہ تھے۔

نسخہ (1):

ہیپاٹائٹس سی کے علاج کے لیے نافع ہے اور جگر کے امیون سسٹم کو بھی مضبوط کرتا ہے۔

کلونجی	.....	1 حصہ
لہسن	.....	2 حصہ
ملٹھی	.....	2 حصہ

ترکیب تیاری:

کوٹ پیس کر سفوف تیار کر لیں اور تین گنا شہد ملا کر معجون بنا لیں۔

مقدار خوراک:

ایک چمچہ چائے والا صبح و شام۔

نوٹ: ذیابیطس کے مریض، معجون نہ بناؤ بلکہ سفوف ہی رہنے دیں اور 3+3 گرام صبح و شام عرق گلاب۔ عرق کاسنی۔ عرق مکوملا کر ایک کپ یا تازہ پانی کے ہمراہ کھائیں۔

نسخہ (2)

ہیپاٹائٹس کی جملہ اقسام کے لیے مفید ہے۔

کلونجی ..... احصہ

Mypdfsite.com

میتھرے	1 حصہ
زرد چوب	2 حصہ
اصل السوس	2 حصہ
برنجاسف	2 حصہ
افستین	1 حصہ

ترکیب تیاری:

تمام ادویہ کو صاف کر کے پھر مذکورہ وزن کے مطابق لے کر ان کو کوٹ پیس کر چھان کر پاؤڈر بنالیں۔

مقدار خوارک:

1 تا 3 گرام صبح شام ہمراہ عرق مکو، عرق کاسنی، عرق برنجاسف، عرق گلاب ½½ کپ۔

نوٹ: اگر تمام عرق دستیاب نہ ہوں تو جو مذکورہ میں سے جو بھی عرق ملے تو اسی سے دوا لے لیں ورنہ تازہ پانی کے ہمراہ۔

نسخہ (3):

ہیپاٹائٹس کے لیے کارگر ہے۔ اکثر اقسام کے لیے کارگر ہے۔

کلونجی	ایک حصہ
افستین	آدھا حصہ
لہسن	ایک حصہ
زرد چوب	2 حصے
برنجاسف	2 حصے
تخم کاسنی	2 حصے

Mypdfsite.com

اصل السوس مقشر ..... 2 حصے
رب السوس ..... آدھا حصہ
ریوند خطائی ..... ایک حصہ

ترکیب تیاری:
تمام ادویہ تازہ اور صاف وشفاف لے کر وزن کر کے کوٹ پیس کر چھان کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک:
3 گرام صبح شام ہمراہ عرق گلاب وعرق کاسنی آدھا آدھا کپ یا صرف تاؤ میانی سے۔

ضروری نوٹ: ہیپاٹائٹس کے مریضوں کو چاہئے کہ وہ سبزیوں کا استعمال زیادہ کریں۔ خصوصاً کدو، ٹینڈے، حلوہ کدو، لوکی، گھیا توری چوقندر وغیرہ اور شہد پانی میں ملا کر پئیں اور زیتون کا تیل بھی تھوڑی مقدار سے لیں۔ نیز جو کا دلیہ اور تازہ جوس مثلاً مالٹا، مسمی، کینوں، سنگترہ، کھیرا، گاجر وغیرہ کا تازہ جوس پئیں۔ جب کہ گوشت کالی چائے، ہر قسم کے فیزی اور سافٹ ڈرنکس اور تلی ہوئی مرغن اور تیز مرچ مصالحہ والی غذاؤں سے مکمل طور پر پرہیز کریں فاسٹ فوڈ سے اجتناب کریں اور اپنے غذائی لائف سٹائل کو قدرتی اور فطری غذاؤں پر مشتمل رکھیں اور قبض نہ ہونے دیں، پانی اُبال کر پئیں۔

☆☆☆

Mypdfsite.com

اکسیر جریان

جریان منی میں بے نظیر اور بہت مفید ہے۔

نسخہ:

ورق نقرہ ایک تولہ کو دو ہفتہ آب گل سرخ بہاری میں کھرل کر کے گولہ بنالیں اور ایک بڑے اپلے کے درمیان رکھ کر پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ یہ کشتہ ایک رتی چھلکا اسپغول، دانہ الائچی خورد، ست سلاجیت، موصلی سفید ہر ایک دو رتی ملا کر دودھ کے کھویا کے ہمراہ کھائیں۔

اکسیر جریان (۲)

جریان، احتلام، سرعت انزال کی مجرب اور مفید دوا ہے۔

نسخہ:

مغز تخم تمر ہندی بریاں، صمغ عربی، موصلی سفید ہر ایک دو تولہ۔ سنگھاڑا خشک، مازو سبز، ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ قلعی 6 ماشہ۔ نبات سفید تمام کے ہم وزن، ادویہ باریک کوٹ پیس کر سفوف کر لیں۔

مقدار خوراک:

3 سے 6 ماشہ تک ہمراہ دودھ

اکسیر جریان (۳)

جریان کے لئے از حد مفید ہے۔

نسخہ:

مغز تخم تمر ہندی کلاں، تخم لاجونتی، تال مکھانا ہر ایک ایک تولہ سب کو کوٹ کر شیر برگد میں تر کر کے سائے میں خشک کریں اور حبوب بقدر نخود بنالیں۔

Mypdfsite.com

مقدار خوراک:

صبح وشام تین تین گولیاں ہمراہ سیر گاؤ استعمال کریں۔

اکسیر کثرت احتلام

کثرت احتلام کے لئے بے حد مفید ہے۔

نسخہ:

تخم قنب، کندر، بلوط، گلنار ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال:

تین یا چار گولیاں سوتے وقت پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

اکسیر جریان حار

حرارت وحدت منی والے جریان کے لئے تیر بہدف ہے۔

نسخہ:

سبوس اسپغول، کتیرا ہر ایک ایک تولہ سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:

ہر روز ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ یا پانی کے ساتھ صبح کے وقت استعمال کریں۔

اکسیر سرعت انزال

سرعت انزال کے لئے مفید ہونے کے علاوہ کثرت بول کے لئے بھی مفید ہے۔

نسخہ:

گلنار فارسی، مصطگی رومی، طباشیر ہر ایک تین ماشہ۔ تخم خشخاش سفید ساڑھے چار ماشہ۔ ثعلب مصری 6 ماشہ۔ خولنجان، کندر، جفت بلوط ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ شکر سفید ہم

Mypdfsite.com

وزن لے کر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:

ساڑھے چار ماشہ پانی کے ہمراہ روزانہ استعمال کریں۔

اکسیر سرعت انزال (۲)

سرعت انزال کے لئے مفید ہونے کے علاوہ کثرت بول کے لئے بھی تیر بہدف ہے۔

نسخہ:

گلنار فارس، مصطگی رومی، طباشیر کبود ہر ایک تین ماشہ۔ تخم خشخاش سفید ساڑھے چار ماشہ۔ ثعلب مصری پنجہ والی 6 ماشہ۔ خولنجان، کندر، جفت بلوط ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ شکر دیسی ہم وزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:

ساڑھے چار ماشہ ہمراہ پانی صبح و شام۔

اکسیر سوزاک

سوزاک میں بے حد نافع ہے۔

نسخہ:

اصل السوس نیم کوفتہ 2 تولہ۔ کباب چینی ایک تولہ۔ قاقلہ صغار 12 عدد۔ شورہ قلمی 3 ماشہ۔ شورہ حمام 5 تولہ سب کو دو سیر پانی میں بھگوئیں۔ صبح چھان کر مٹی کی روغنی ہنڈیا میں اس قدر پکائیں کہ تمام پانی اڑ جائے۔ نمک سا باقی رہے تو چاقو سے کھرچ کر کھرل میں پیس لیں۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال:

ایک ماشہ سے تین ماشہ تک حسب برداشت گائے کے دودھ سے کھائیں۔

اکسیر سوزاک (۲)

پرانے سوزاک کے لئے اکثر حالات میں بے بہا تحفہ ہے۔

نسخہ:

زرد چوب۔ آملہ مقشر ہر ایک چار تولہ۔ نبات سفید 8 تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک:

سات ماشے سے ایک تولہ تک پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

اکسیر جذام

جذام، برص، خارش اور آتشک کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ:

جل نیم 8 ماشہ۔ فلفل گرد 8 عدد۔

ترکیب استعمال:

ہمراہ صبح کو پانی سے گھوٹ کر استعمال کریں۔

پٹی برائے جالق

اس پٹی کے چند روزہ استعمال سے مجلوق (مشت زن) کے جملہ عوارض کا ازالہ ہو جاتا ہے۔

نسخہ:

چربی شیر، چربی سور ہر ایک ایک تولہ۔ دونوں کو ملا کر گرم کریں۔ بعدہٗ سنگھاڑا سفوف کر کے ڈیڑھ ماشہ ملا دیں۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال:

جب خوب مخلوط ہو جائے تھوڑا سا لے کر کپڑے پر لگا دیں اور اس کپڑے کو سر قضیب اور سیون چھوڑ کر باندھ دیں۔ تین روز وہ بندھا رہنے دیں۔ چوتھے روز کھول کر شراب سے دھوئیں اور چار پہر تک قضیب کو کھلا رکھیں۔ بعد میں ترکیب مذکور سے دوسری پٹی باندھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد مجلوق صحت پالیتا ہے۔

پٹی برائے قوت باہ عجیب

جلق یا اغلام سے اگر عضو مخصوص میں ضعف واقع ہو گیا ہو تو اس پٹی کے چند روزہ استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ:

قرنفل 9 عدد، دار چینی ایک تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ جوزبوا ایک تولہ۔ ان سب کو روغن کنجد دس تولہ میں چار پہر کھرل کر لیں۔

ترکیب استعمال:

صاف کپڑے پر لیپ کریں اور پٹی تیار کر کے استعمال میں لائیں۔

پچکاری سوزاک

یہ پچکاری سوزاک کے لئے بہت مفید ہے۔

سنگ جراحت، رسوت، سفیدہ کاشغری، دم الاخوائن، کاغذ سوختہ، گل ارمنی، کتھا سفید، صمغ عربی، مصطگی رومی اسلیون ہر ایک ایک ماشہ سفوف کر کے روغن گل سے چرب کریں۔

ترکیب استعمال:

اس کے بعد ابلے پانی میں گھول کر پچکاری کریں۔

چند روز کے استعمال سے شفا حاصل ہوگی۔ بے حد مجرب اور معمول مطب ہے۔

Mypdfsite.com

پچکاری سوزاک (۲)

سوزاک کے لئے بہت مفید ہے۔
سہاگہ 20 گرین۔آب مصفا 16 اونس؛ حسب قاعدہ پچکاری کریں۔

پچکاری برائے سوزاک (۳)

سوزاک جیسے موذی مرض کے لئے اکسیر ہے۔

نسخہ:
سفیدہ کاشغری، پھٹکری بریاں ہر ایک دو ماشہ۔گلاب 16 تولہ۔روغن گل 6 تولہ ملا کر بوتل میں رکھ چھوڑیں۔

ترکیب استعمال:
ایک تولہ شہد آدھا پاؤ پانی میں ملا کر پچکاری کریں۔بعدہٗ بوتل کی ادویہ سے دن بھر میں چار پانچ مرتبہ پچکاری کریں۔

تریاق باہ وامساک

طب یونانی کا مایہ ناز نسخہ ہے۔تقویت باہ اور امساک میں بہت مفید ہے۔

نسخہ:
جاوتری، دارچینی، جائفل، مغز تخم املی، تال مکھانا، موچرس، طباشیر، ثعلب مصری، مغز بنولہ ہر ایک ایک تولہ۔تمام اشیاء کو جدا جدا کر کے باریک کر لیں۔بعد ازاں سب کو ملا کر ایک جان کر کے بادام روغن شیریں سے چرب کر لیں اور پانچ تولہ خالص شہد دیسی ملا کر بقدر جنگلی بیر برابر گولیاں بنالیں اور چاندی کے ورق چڑھا لیں۔

مقدار خوراک:
ایک یا دو گولی حسب برداشت شربت خشخاش، خانہ ساز 2 تولہ سے نگل لیں

Mypdfsite.com

شربت دوتولہ سے زائد نہ ہو۔شربت میں پانی نہ ملایا جائے۔گولی کھانے کے بعد کوئی چیز نہ کھائیں۔ترش وثقیل اشیاء سے پرہیز کھانا شام کے چھ بجے کھائیں۔

نوٹ:

گولی سے تین گھنٹہ بعد کھانا کھائیں۔

جوارش ہندی

مقوی باہ اور ممسک ہے۔نعوذ خوب لاتی ہے۔مردمی کے اعصاب'استر خائے آلت میں بالخاصہ مفید ہے۔

نسخہ:

عاقرقرحا'جائفل'جاوتری'قرنفل'سپستاں'سنگھاڑا خشک'دانہ الائچی خورد'فلفل سیاہ'آملہ زنجبیل'فلفل دراز مساوی الوزن کوفتہ کر کے تین گنا شہد میں ملالیں۔

ترکیب استعمال:

روزانہ بقدر ضرورت کھائیں'سرد پانی اور ترش اشیاء کے استعمال سے پرہیز کریں۔

جوارش کمل

نعوظ اور ہیجان شہوت کے لئے مجرب ہے

نسخہ:

عود ہندی'مصطگی رومی'دارچینی'زنجبیل 'اندرجو شیریں'بسباسہ'جوزبوا'قرنفل ہرایک ساڑھے دس ماشہ۔مشک خالص 3 ماشہ۔اگر دستیاب نہ ہوتو ساذج ہندی 9 ماشہ۔ عرق بید مشک 6 تولہ۔شکر سفید حسب ضرورت لے کر اور قوام تیار کر کے ادویہ مسحوقہ شامل کر دیں اور قوام تیار کر کے ادویہ مسحوقہ شامل کر دیں۔

Mypdfsite.com

مقدار خوراک:

بقدر 5 ماشہ خیساندہ نخود کے ہمراہ استعمال کریں۔

جوارش اکبر

جناب حکیم مولوی اکبر حسین صاحب الہ آبادی کا ہمیں اور آپ کو شکر گزار ہونا چاہیے کہ اس ہمدرد فن نے سینکڑوں ایسے جواہرات سے تولنے کے قابل نسخے عوام کو دیئے محض رفاہ عام کی خاطر عام اطباء کی روش کے خلاف شائع کر رہے ہیں۔ یہ نسخہ بھی حکیم صاحب موصوف کی خاص الخاص بیاض کا اکیسری نسخہ ہے۔

مغلظ مبہی، مقوی، ممسک، محرک، دافع جریان، سرعت، رقت کے لئے بے حد مفید ہے۔ پہلی ہی خوراک کے استعمال سے سرور و خوشی حاصل ہوتی ہے۔ دل میں جوش پیدا ہو جاتا ہے۔

نسخہ:

مغز بادام، مغز چلغوزہ، مغز پستہ، مغز اخروٹ، مغز بلادر مدبر ہر ایک ایک تولہ کنجد مقشر ڈیڑھ تولہ۔ اسگند ناگوری، خولنجان، تخم ہلیون گیارہ گیارہ ماشہ۔ ریگ ماہی۔ ماہی روبیاں ایک ایک تولہ۔ ساذج ہندی، دارچینی، زعفران، جوزبوا، ہر ایک نو ماشہ۔ زنجبیل، قرنفل سنبل الطیب ہر ایک سوا تولہ۔ ثعلب مصری پنجہ، شقاقل مصری بھمنین، تودرین ہر ایک دو تولہ۔ تخم کونچ 9 ماشہ۔ مصطگی رومی ڈھائی تولہ۔ دریں درونج چار تولہ۔ ورق نقرہ ایک تولہ۔ ورق طلا 3 ماشہ۔ مشک خالص 3 ماشہ۔ عنبر اشہب 4 ماشہ۔ مروارید 4 ماشہ۔ آخری پانچ دواؤں کو چھوڑ کر باقی دواؤں کا سفوف بنائیں اور تین گنا شہد میں جوارش بنائیں پھر مشک وغیرہ حسب معمول شامل کر دیں۔

مقدار خوراک:

4 ماشہ سے 6 ماشہ حسب قوت مریض، تازہ گائے کے دودھ کے ساتھ۔

Mypdfsite.com

جوارش مصطگی

باہ کو قوت دیتی ہے۔ اگر کسی وجہ سے شہوت زائل یا کم ہو گئی ہو تو اس جوارش کے چند روزہ استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ بارہا تجربہ کیا گیا ہے۔

نسخہ:

مشک 9 رتی۔ فلفل ایک مثقال۔ قرنفل تین درم۔ سنبل الطیب 3 درم۔ جوز بوا 3 درم۔ لسان العصافیر 3 درم۔ بیخ اذخر 3 درم۔ زنجبیل 3 درم۔ دارچینی 3 درم۔ مصطگی 3 درم۔ تمر ہندی 3 درم۔ زعفران 3 درم۔ اشنہ 2 مثقال۔ گلاب 10 مثقال۔ اشنہ کو گلاب میں حل کر کے اور شہد سہ گنا یا جس قدر ضرورت ہو اس میں ملا کر قوام کر لیں۔ جب قوام تیار ہو جائے تو آگ پر سے اتار کر تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر اس میں ملا لیں اور ایک مثقال روزانہ صبح کے وقت استعمال کریں۔

جوارش جالینوس

یہ جوارش منافع کثیرہ کی حامل ہے۔ تمام اعضاء کو قوت دیتی ہے۔ بوئے دہن کو خوشبودار کرتی ہے پیشاب کی زیادتی جو برودت کی زیادتی کے سبب ہو روکتی ہے۔ تقویت باہ میں خاص طور سے مفید ہے۔ وحشت و خفقان کو دور کرتی ہے۔ دردسر، بلغمی کھانسی، بواسیر، نقرس گردہ اور مثانہ وغیرہ کے لئے نافع ہے۔ بالوں کی سیاہی کی محافظ ہے۔ اطباء کا قول ہے کہ جس کسی نے بیس روز تک یہ جوارش متواتر استعمال کر لی وہ جمع امراض مذکورہ سے محفوظ و مامون ہو جائے گا۔

نسخہ:

سنبل الطیب، سلیخہ، دارچینی، خولنجان، قرنفل، سعد زنجبیل، فلفل، قسط بحری، بلساں، اسارون، تخم مورد، قصب الذیرہ، زعفران ہر ایک 2 درم۔ مصطگی 5 درم۔ قند سفید ہم

Mypdfsite.com

وزن ادویہ تمام اجزاء کو کوٹ چھان کر دو چند شہد خالص میں جوارش تیار کریں۔

مقدار خوراک:
2 مثقال سے 3 مثقال تک کھانا کھانے سے پہلے استعمال کریں۔

جوہر مرتک

آتشک اور پرانے سے پرانے سوزاک کے لئے یہ جوہر اکسیر ہے۔ قرحہ کو بھر دیتا ہے۔ گھٹیا کو دور کرتا ہے۔

نسخہ:
مرتک دو تولہ۔ رسکپور ایک تولہ۔ دار چکنا 6 ماشہ۔ برانڈی اعلیٰ قسم کی 10 تولہ۔ باندی میں کھرل کر کے خشک کریں اور حسب معمول جوہر اڑا لیں۔

ترکیب استعمال:
دو چاول جوہر کیپسول میں رکھ کر اس طرح نگل لیں کہ دانتوں کو نہ لگے۔ اوپر سے عرق شاہترہ 10 تولہ شربت بزوری 2 تولہ پی لیں۔ گھی دودھ جس قدر ہضم ہو سکے کھائیں۔

حب جریان

جریان اور احتلام کے لئے بہت مفید ہے۔

نسخہ:
تخم کرفس، اجوائن خراسانی، مغز تخم املی، خوب کلاں ہر ایک ایک تولہ۔ کوٹ چھان کر پانی سے دانہ نخود سے بڑی گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال:
ایک گولی صبح اور ایک گولی شام تازہ پانی سے کھائیں۔ مناسب پرہیز ضروری ہے۔

Mypdfsite.com

حلوا زردی بیضہ مرغ

قوت باہ میں حیرت انگیز اضافہ کرتا ہے۔ یہاں تک کہ بفضلہ نامرد بھی مرد بن جاتا ہے۔ سریع الاثر اور مجرب ہے۔

نسخہ:

مغز پنبہ دانہ عرق پیاز ہر ایک پاؤ سیر۔ زردی بیضہ مرغ 12 عدد۔ بسباسہ آدھا پاؤ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ ہر ایک پانچ تولہ۔ اول پنبہ دانہ کو بریاں کر کے مغز نکالیں۔ بعد میں ستاور اور موصلی کو سفوف کریں۔ بسباسہ کو روغن گاؤ میں بریاں کریں۔ جملہ ادویہ مع زردی بیضہ مرغ و قند سفید ڈھائی سیر شامل کر کے حلوہ تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال:

چھ ماشہ سے ایک تولہ ہمراہ دودھ صبح و شام استعمال کریں۔

حب شقاقل

نسخہ:

شقاقل 2 تولہ۔ مایہ شتر اعرابی چھ ماشہ۔ بہمن سفید 6 ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی کو عرق گلاب خالص میں حل کریں۔ باقی ادویہ کو باریک کر کے ملائیں۔ شہد خالص 2 تولہ میں حل کریں۔ باقی ادویہ کو باریک کر کے ملائیں۔ شہد خالص 2 تو اضافہ کر کے 21 گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک:

ایک گولی ہمراہ دودھ۔

Mypdfsite.com

حب موصلی

مقوی باہ مغلظ و منشط بھی ہے۔ مجرب اور معمول مطب ہے۔ شرطیہ فائدہ کرتی ہے۔

نسخہ: موصلی سیاہ سوا پاؤ باریک کر کے شیر گاؤ میں جوش دیں۔ دودھ جذب ہو جائے تو سایہ میں خشک کریں۔ پھر جائفل بسباسہ ہر ایک تولہ باریک کر کے سفوف بنا کر شہد قوام میں ملا کر تمام کو یک جان کریں اور حبوب بنائیں۔

ترکیب استعمال: حسب مزاج استعمال کریں۔ اگر قدرے چہار مغز بھی ملا لیں تو اور عجیب صفت ہو جاتی ہے۔

حب مغلظ

منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ باہ کو تقویت دیتی ہے اور امساک بھی پیدا کرتی ہے۔

جوز ماثل 3 ماشہ۔ بزر الیخ، تخم خشخاش سفید ہر ایک 6 ماشہ۔ افیون 2 ماشہ۔ تخم کاہو 6 ماشہ۔ شقاقل 3 ماشہ۔ زعفران، سعد کوفی، مغز بادام، مغز کدو شیریں، مغز نارجیل، صمغ عربی، کتیرا ہر ایک 6 ماشہ۔ بہمن سفید، خصیتہ الثعلب ہر ایک 3 ماشہ۔ جوز بوا، بسباسہ، قرنفل، مصطگی رومی، صندل سفید، طباشیر سفید، مغز گردگاں، مغز فندق ہر ایک 6 ماشہ۔ کہربائے شمعی 2 ماشہ۔ بسد احمر 4 ماشہ۔ پنبہ دانہ، مغز تخم تربوز، برگ گاؤزباں ہر ایک 6 ماشہ۔ مشک 2 ماشہ۔ مغز تخم تمر ہندی 6 ماشہ۔

ان دواؤں کو کوٹ چھان کر نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک:

2 سے چار گولی تک دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

Mypdfsite.com

حب لقمانی

ضعف جگر وضعف دماغ دور کرنے والی جریان کو کھونے والی اور بے حد ممسک ہے۔

نسخہ:

رب السوس' اجوائن خراسانی مدبر' عاقر قرحا' جوزبوا' قرنفل' جاوتری ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ پوست بیخ دھتورہ ایک تولہ۔ شیر بڑ تازہ ایک تولہ۔ افیون 6 ماشہ۔ جملہ ادویہ ایک چھوٹے خشک ناریل میں داخل کر کے منہ بند کر کے ناریک کے اوپر برگ دھتورہ سیاہ نیم کوفتہ کا ایک انگل موٹا لیپ کر کے اور کپڑوں میں لپیٹ کر جنگلی کنڈوں کی تازہ بھوبل میں دفن کر دیں تا کہ خوب پک جائے۔

علی الصباح ناریل کو گرد وغبار سے پاک کر کے خشخاش سیاہ کے خالص دودھ میں تین پہر بلا روک مسحق بلیغ کریں۔ بعد میں کشتہ چاندی ڈیڑھ ماشہ کشتہ یاقوت ڈیڑھ ماشہ کشتہ فولاد ڈیڑھ ماشہ ملا کر دوبارہ شہد خالص کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال:

جریان کے لئے صبح وشام تازہ شیر گاؤ پاؤ سیر کے ہمراہ ایک گولی ہر روز بلا ناغہ استعمال کریں اور امساک کے لئے دو گھنٹہ قبل ایک گولی ہمراہ شیر وروغن زرد 9 ملا کر استعمال کریں اور امساک کے لئے دو گھنٹہ قبل ایک گولی ہمراہ دودھ کے کھائیں۔ بعد مغرب تھوڑی سی روٹی کچھ شیرینی کے ہمراہ کھائیں تا کہ بھوک باقی رہے۔ عشا کے بعد ایک اور گولی استعمال کر کے اوپر سے صرف پان کھائیں۔ علاوہ بریں ایک پیالی دودھ میں مصری ڈال کر پی لیں۔ جس وقت تشنگی یا پیاس محسوس ہو اس وقت رکھا ہوا دودھ پی لیں۔ جب طبیعت سیر ہو کر نکالنا ہو تو آلو بخارا خوب چبا کر کھائیں۔ گردن کی دونوں رگوں پر عرق لیموں کاغذی ملیں۔

Mypdfsite.com

حب مقوی باہ

یہ گولیاں باہ کو تقویت دینے میں بے نظیر ہیں اور مجرب بھی۔

نسخہ:

کشتہ سم الفار ایک ماشہ۔ کجلہ مد بر ایک تولہ۔ ست لوبان خانہ ساز ایک تولہ۔ کشتہ فولاد ایک تولہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ ورق طلا 50۔ ورق نقرہ یک صد عدد باریک پیس کر شہد خالص کے ہمراہ گولیاں بقدر دانہ جو تیار کریں۔

مقدار خوراک:

ایک گولی سے دو گولی تک بعد ہضم طعام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ ترشی و بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔

حب مقوی باہ (۲)

تقویت باہ میں بے نظیر ہیں لیکن مجلوقین اس کو استعمال نہ کریں۔

نسخہ:

مشک خالص ایک ماشہ جاوتری 2 ماشہ۔ بیر بہوٹی 4 عدد۔ تودری سرخ 2 ماشہ باریک کر کے شیر برگد کی مدد سے جوب نخودی تیار کریں اور ایک گولی روزانہ شیر گاؤ کے ساتھ استعمال کریں۔

حب مروارید

یہ حب مقوی باہ اور مقوی اعصاب و مغلظ منی ہے۔ ضعف اعضائے رئیسہ میں بے حد مفید ہے۔ بھوک پیدا کرتی ہے۔ ہاضم بھی ہے۔ اعلیٰ درجے کی ممسک اور محرک ہے۔

نسخہ:

عود، لونگ، کباب چینی، تخم خرفہ، فلفل سفید ہر ایک 10 ماشہ۔ تخم بالنگو 7 ماشہ۔

Mypdfsite.com

فلفل دراز، گل بابونہ، مروارید نا سفتہ ہر ایک 3 ماشہ۔ زعفران پون ماشہ باریک کر کے روح گلاب میں گوندھ کر حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک:

4 رتی سے ایک ماشہ تک کھلائیں۔

حب عنبر

مقوی باہ اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے اور حد درجہ ممسک بھی، مغلظ بھی اور مقوی دماغ بالخاصہ ہے۔

نسخہ:

مشک خالص، مصطگی، لونگ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ، عنبر اشہب، ثعلب مصری، خولنجان ہر ایک 9 ماشہ۔ مایہ شترا عرابی ایک تولہ۔ ڈیڑھ ماشہ باریک کر عرق گلاب میں تر کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک:

روزانہ ایک حب ہمراہ دودھ گاؤ تازہ نیم سیر کھالیا کریں۔

حب جدوار

مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ مغلظ و منشط اور مقوی باہ ہے۔ شائقین حضرات کے لئے اس سے بہتر اور کیا دوا ہو سکتی ہے۔

نسخہ:

جدوار خطائی، عود ہندی، الائچی خورد، لونگ، بہمن سرخ، سنبل الطیب، دار چینی لسان العصافیر، مایہ شترا عرابی ہر ایک تین ماشہ۔ زرنباد، درونج عقربی، صندل سفید، مروارید نا سفتہ، یاقوت سرخ، عود بلسان، فلفل سفید، زنجبیل، ریوند چینی، بادرنجبویہ، ساذج ہندی، جاوتری، خولنجان، کباب چینی، عود صلیب، بوزی دان، تودری سفید، گل سرخ تخم

Mypdfsite.com

فرنجمشک ' عاقرقرحا ہر ایک دو ماشہ' گاؤزباں' ثعلب مصری' مصطگی' طباشیر پوست ترنج سمک العسید ہر ایک پانچ ماشہ۔ عنبر اشہب' مشک تبتی ہر ایک ماشہ۔ بہمن سفید سات ماشہ۔ مصری سفید ایک تولہ آٹھ ماشہ۔ علیحدہ علیحدہ باریک کریں۔ گلاب میں تر کر کے حبوب نخودی بنائیں۔ ورق طلا ایک ماشہ چسپاں کر کے اور بحفاظت تمام رکھ چھوڑیں۔

مقدار خوراک:

2 سے 7 ماشہ تک گاجروں کے رس نیم پاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حب ہندی

چند روز کے استعمال سے عنی دہ سالہ بھی ازالہ بکارت پر قابو حاصل کر لیتا ہے۔

نہایت اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ اور مغلظ ہے۔

نسخہ:

عقرقرحا' قرنفل' تخم خشخاش' موصلی سفید' کلونجی' جائفل' اسگند ناگوری' فلفل سویہ ہر ایک ایک تولہ باریک کر کے لعاب اسپغول کے ہمراہ حسب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک:

روزانہ ایک حب ہمراہ شیر گاؤ۔

حب شاہ دیمک

انتہائی محرک باہ ہے۔

شاہ دیمک 1 عدد۔ سفوف دار چینی ایک تولہ۔ دونوں کو کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک:

حسب برداشت نصف سے ایک گولی تک دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

Mypdfsite.com

حب مقوی قلب

تقویت قلب کے لئے مفید ہے۔

نسخہ:

بہمن سفید، دارچینی ہر ایک ایک تولہ۔ شقاقل، ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ۔ مایہ شتر اعرابی نو ماشہ کوٹ پیس کر شہد خالص کی مدد سے نخودی گولیاں بنائیں۔ 4 گولیاں صبح 4 شام آب تازہ کے ہمراہ۔

حب سیماب

مقوی مبہی مشتہی نہایت اعلیٰ درجہ کی ہے۔

نسخہ:

سیماب خالص، کبریت کتھا سفید، قرنفل ہر ایک چار ماشہ۔ اول سیماب اور گندھک کو کھرل کر کے باقی ادویہ ملالیں اور خوب کھرل کریں۔ بعد زردی بیضہ مرغ 5 عدد میں کھرل کر کے بقدر فلفل گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال:

روزانہ ایک حب کھائیں۔ اوپر سے گائے کا دودھ نیم سیر، نیم گرم ایک ہفتہ تک متواتر استعمال کریں۔ بیس دن جماع سے پرہیز کریں۔ اگر استعمال کے دوران غلبہ شہوت ہو تو عرق کاسنی عرق گاؤزباں استعمال کریں۔

حب منشط

حکیم محمد زماں مرحوم کی بیاض کا نسخہ ہے۔
امساک منی یعنی رکاوٹ میں اپنا ثانی نہیں رکھتا۔

Mypdfsite.com

نسخہ:

اسارون، زعفران، تخم کرفس، دارچینی، ریوند چینی، سنبل الطیب، مصطگی ہر ایک ایک مثقال، زرنباد، حب الغار، عقرقرحا، قرنفل، بسباسہ، صمغ عربی ہر ایک نیم مثقال، افیون ڈھائی مثقال۔

ان سب دواؤں کو کوٹ چھان کر گلاب کی مدد سے چنے کی برابر گولیاں بنا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال:

جماع سے چار گھڑی پہلے ایک گولی کھائیں۔

حب ممسک

یہ اکسیری گولیاں باہ کی تقویت کے لئے اور امساک بڑھانے میں خاص طور پر مفید و مجرب اور عظیم الاثر ثابت ہوئی ہیں۔

نسخہ:

کبابہ، دارچینی، عقرقرحا، ریگ ماہی، خولنجان، زعفران، جوزبوا، ورق نقرہ ہر ایک چھ ماشہ۔ افیون، قرنفل ہر ایک دو ماشہ۔ مشک خالص دو ماشہ۔ ورق طلا ایک ماشہ۔

دوائیں کوٹ پیس کر عرق گلاب میں کھرل کر کے سایہ میں خشک کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک:

ایک ایک گولی صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ امساک کے لئے دو گھنٹہ پہلے کھلائیں۔

حب امساک

یہ گولیاں اس قدر امساک پیدا کرتی ہیں کہ جب تک آملہ منہ میں نہ رکھا جائے

Mypdfsite.com

انزال نہ ہوگا۔

نسخہ:

کافور، اجوائن خراسانی ایک ایک ماشہ۔ جوزبوا ایک عدد۔ سمندر پھل 12 عدد۔ افیون 4 رتی۔ سب کو باریک کر کے شہد کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک:

جماع سے دو گھنٹہ قبل 2 گولی سے 4 گولی۔

حب ممسک

امساک منی میں بے حد مفید ہے۔

نسخہ:

مشک خالص، جند بیدستر، افیون خالص، موچرس، بیر بہوٹی، ہم وزن لے کر کوٹ چھان کر گولیاں مونگ برابر بنالیں اور سایہ میں خشک کر کے رکھ لیں۔

خوراک:

دو گولی۔

حب مقوی و ممسک

حکیم محمود خاں اعظم والد ماجد مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خاں نور اللہ مرقدہ کی بیاض کا نسخہ ہے۔ تقویت باہ اور امساک میں اپنا جواب نہیں رکھتا۔

نسخہ:

کباب چینی، دار چینی، عقرقرحا، ریگ ماہی، خولنجان، زعفران، جوزبوا ہر ایک سات ماشہ۔ افیون 5 ماشہ۔ مشک 3 ماشہ۔ گلاب میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال:

دو گولی سوتے وقت دودھ کے ہمراہ اور دو گولیاں ادرک کے پانی میں کھرل کر کے عضو مخصوص پر لیپ کریں اور اوپر پان کا پتا باندھیں۔

حب سرعت

سرعت انزال کو رفع کرنے میں مجرب ہے۔

نسخہ:

خصیتہ الثعلب، مصطگی رومی، لاکھ جھر بیری سب کو برابر وزن لے کر باریک پیس کر برگد کے دودھ میں ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال:

ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ روزانہ جالیس روز تک برابر کریں۔

حب حزل

امساک کے واسطے یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔ ایک گولی قبل ایک گھنٹہ مباشرت سے کھائیں۔ اس سے خاطر خواہ امساک ہوگا اور مباشرت میں تکان محسوس نہ ہوگی۔

نسخہ:

اسپند ڈیڑھ تولہ۔ پوست خشخاش، کنجد سیاہ ہر ایک 7 ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ بقدر ضرورت ادویہ کو پیس کر قند سیاہ ملا کر سات گولیاں بقدر بندق بنائیں اور ایک گولی کھائیں۔

حب امساک

نہایت اعلیٰ درجہ کی مقوی ہیں اور ممسک بھی۔

نسخہ:

سہاگہ چوکیہ، افیون، شنگرف ہم وزن لے کر برگ تلسی کے عرق میں چار گھڑی

Mypdfsite.com

کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال:

بوقت ضرورت ایک گولی مسلم استعمال کریں۔

حب سیماب ممسک

انتہائی درجہ کا امساک پیدا کرتی ہے۔

نسخہ:

پارہ مصفی دو تولہ، آب حرمل تازہ میں ایک ہفتہ کھرل کر کے گولی بنالیں۔ بے حد ممسک اور مقوی ہے۔

ترکیب استعمال:

اس گولی کو منہ میں رکھ کر مشغول ہوں۔ جب تک منہ سے گولی نہ نکالیں گے انزال نہ ہوگا۔

حب ممسک

امساک منی اور تقویت منی اور کمر کے لئے بہت نفع رساں ہے۔ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

مشک، قرنفل، جوزبوا، سعد کوفی، خرفہ، سنبل الطیب، پوست اترج، عود ہندی، مساوی الوزن کوٹ چھان کر آب ثمر زرد آلو میں ملا کر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال:

ہر روز چنے کے برابر صبح و شام ایک ایک گولی منہ میں رکھیں۔

حب مقوی ممسک

اطبائے ہند کی مجرب اور معمولہ ہیں۔ انتہا سے زیادہ مقوی اور ممسک ہیں۔ اگر

Mypdfsite.com

کوئی شخص اس قدر کمزور ہو کہ عورت پر قابو قادر نہ ہو سکے تو اللہ کے حکم سے ان گولیوں کے استعمال سے قادر ہوگا۔

کچلہ دس درم لے کر اس قدر گائے کے دودھ میں بھگوئیں کہ اس کے پوست اتر جائیں۔ چھلکا دور کر کے فلفل دراز فلفل سیاہ ہر ایک 5 درم کوٹ چھان کر سب کو ایک جگہ کر کے گولیاں بنائیں۔ گولی کا وزن نیم درم سے ایک درم تک ہونا چاہیے۔

مقدار خوراک:

ایک گولی علی الصباح۔

ترشی اور بادی اشیاء سے اور جماع سے پرہیز ضروری ہے۔

حب مقوی وممسک (۲)

تقویت باہ اور امساک کے لئے بہت مفید ہے۔

نسخہ:

زعفران ایک ماشہ، قرنفل ایک ماشہ۔ جوزبوا ایک ماشہ۔ بسبسا سہ 2 تولہ۔ دار چینی ایک ماشہ۔ ست لوبان خانہ ساز ایک ماشہ۔ مشک خالص 4 رتی۔ افیون خالص مدبر 2 ماشہ۔ اجوائن خراسانی 2 ماشہ۔ عقرقرحا ایک ماشہ۔ شہد خالص میں بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال:

قوت باہ کے لئے ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ اور امساک کے لئے ایک ماشہ قبل از جماع 3 گھڑی استعمال کریں۔

حب ملذذ

لذت کے واسطے یہ گولیاں عجیب وغریب ہیں۔

کباب چینی، عاقرقرحا، زنجبیل، ہینگ مساوی ہم وزن سفوف کر کے گولیاں بنا کر رکھیں۔

Mypdfsite.com

طریقہ استعمال:

ایک گولی منہ میں تھوڑی دیر رکھیں۔اس کے بعد لعاب دہن عضو تناسل پر لگا کر خشک ہوجانے کے بعد وظیفہ زوجیت میں مشغول ہوں۔

حب خوش کیف

امساک کے باب میں بے عدیل ہے۔

نسخہ:

جوزبوا' خولنجان' مصری' ہر ایک دو درم۔ بسباسہ ایک درم انیسون' مصری مصفی ڈیڑھ درم۔ جدوار ایک درم۔ خصیتہ الثعلب دو درم۔ چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک:

اور مزاج کے مطابق استعمال کریں۔ثقیل اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

حب منزل زن

عورت کو منزل کرنے میں بہت مفید ہے۔

سیماب نیم جز' تنکار' کافور ہر ایک ایک جز۔ شہد چھ جز۔ آپس میں پیس کر شہد کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال:

وقت ضرورت سوائے حشفہ کے تمام قضیب پر ملیں اور جماع کریں۔عورت فوراً منزل ہوجائے گی۔

حب جذام

یہ گولیاں جذام کے لئے انتہائی نفع بخش اور اطبائے ہند کے نزدیک معتبر ہیں۔

پارہ 6 ماشہ۔ سم الفار 4 ماشہ۔ کندر 2 ماشہ۔ ریوند چینی 9 ماشہ۔ گوند ببول 9

Mypdfsite.com

ماشہ۔

آب لیموں سو عدد میں کھرل کر کے بقدر سیاہ مرچ گولیاں بنائیں اور ایک دو دفعہ دن میں دیں۔ ترشی سے پرہیز کریں اور سرخ مرچ بھی نہ کھائیں۔

حب توتیا

حکیم اجمل خاں مرحوم کی بیاض سے منقول ہے۔ آتشک کے لئے بے حد مفید ہے۔ خوبی یہ ہے کہ استعمال میں کس قسم کا پرہیز نہیں۔

نیلا تھوتھا 10 ماشہ۔ برگ تلسی 40 عدد کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال:

ان گولیوں میں سے ایک گولی پھینک دیں۔ سات گولیاں ہر روز ایک گولی کے حساب سے سات روز تک استعمال کریں۔

حب آتشک (۱)

آتش کے لئے نہایت مفید ہے۔ حد درجہ میں اثر کرتی ہے۔

نسخہ:

سم الفار ایک درم۔ چوب گز 4 درم۔ کافور 4 رتی سب کو کھرل کر کے گولیاں بقدر فلفل تیار کریں۔

ترکیب استعمال:

گرمی میں ایک وقت جاڑوں میں دو وقت ایک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ مجرب ہے۔

حب آتشک (۲)

آتشک جیسے موذی مرض کو چند روز میں جڑ سے کھود دیتی ہے۔ نہایت کم قیمت

Mypdfsite.com

اور مجرب ہیں۔

نسخہ:

پوست بیخ مدار 15 ماشہ۔ مرچ سیاہ 3 ماشہ۔ قند سفید حسب ضرورت ڈال کر دونوں کو کوٹ چھان کر اور گڑ میں ملا کر جوار کے دانے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام کھائیں۔ ترشی، بادی اشیاء اور نمک سے پرہیز کریں۔

حب آتشک (۳)

آتشک کے لئے بہت مفید ہے۔

نسخہ:

توتیا سبز ایک ماشہ۔ مرچ سیاہ آٹھ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ 3 ماشہ۔ آب لیموں کاغذی 10 عدد۔ پہلی تینوں دواؤں کو آب لیموں کاغذی میں یہاں تک کھرل کریں کہ عرق جذب ہو جائے پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور 40 روز تک ایک گولی صبح و شام کھلائیں۔ اوپر سے عرق لیموں کاغذی پلائیں۔

حب آتشک (۴)

آتشک کے لئے یہ گولیاں تیر بہدف ہیں۔

پوست بیخ مدار 5 ماشہ۔ مرچ سیاہ 5 ماشہ۔ قند سفید حسب ضرورت اول الذکر دونوں دواؤں کو کوٹ چھان کر لیں اور گڑ میں ملا کر جوار کے دانے کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک:

ایک گولی صبح ایک شام کھائیں۔ نمک، ترشی، بادی اشیاء سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

حب آتشک (۵)

آتشک کے لئے یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔

Mypdfsite.com

توتیائے سبز 1 ماشہ۔ مرچ سیاہ 8 ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ 7 ماشہ۔ آب لیموں کاغذی 10 عدد۔

پہلے تینوں دواؤں کو آب لیموں کاغذی میں یہاں تک کھرل کریں کہ عرق جذب ہو جائے۔ پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال:

تیں روز تک ایک ایک گولی صبح و شام کھائیں۔ اوپر سے عرق لیموں کاغذی پلائیں۔

حب آتشک (٦)

آتشک کے لئے مفید ہے۔ کمال یہ ہے کہ اس میں پرہیز کی چنداں ضرورت نہیں۔

توتیائے سبزیاں، پوست ہلیلہ کلاں، ہلیلہ سیاہ، ہر ایک ایک جزو، خرمہرہ، زرد چار جزو عرق لیموں میں تین روز کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک:

ایک گولی ہر روز کھائیں۔

دوا مقوی باہ و دماغ

یہ دوا تقویت دماغ اور ضعف باہ کے لئے بہت مفید ہے۔ حافظہ کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔

نسخہ:

مغز بادام شیریں، مغز کدو شیریں، مغز خیارین، مغز پیٹھا، برہمی بوٹی، تر پھلا تمام اجزاء ہم وزن لے کر اور کوٹ چھان کر سہ چند شہد ملا کر معجون تیار کریں۔ پھر مشک 1 ماشہ۔ عنبر ایک ماشہ۔ مروارید سائیدہ ایک ماشہ۔ زعفران 3 ماشہ۔ ورق نقرہ ایک تولہ کا اضافہ

Mypdfsite.com

کریں۔

مقدار خوراک:

ایک تو صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

دوائے جریان (۱)

جریان کے لئے عجیب شے ہے۔ ضرورت مند اصحاب قدر کریں اور استعمال کرا کے فائدہ اٹھائیں۔

نسخہ:

تالمکھانا 8 تولہ۔ بڑھ کے دودھ میں تر کر کے خشک کریں۔ تین مرتبہ ایسا کریں۔ پھر ثعلب مصری نبات سفید ہر ایک آٹھ تولہ کے ساتھ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک:

3 ماشہ سے چھ ماشہ تک شیر گاؤ کے ساتھ۔

دوائے جریان (۲)

جریان کو دور کرنے میں اکسیر ہے۔

نسخہ:

تخم چولائی، رال سفید مصری ہر ایک ایک چھٹانک باریک کر کے چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

دوائے مغلظ

ضعف دماغ، کثرت احتلام اور قبض کے لئے نہایت مجرب ہے۔

نسخہ:

کچلہ مدبر 3 ماشہ۔ مغز بادام شیریں 5 تولہ۔ مغز پنبہ دانہ، شکر تری ہم وزن لے

Mypdfsite.com

کر سفوف بنائیں اور بقدر تین ماشہ دودھ کے ساتھ کھاتے رہیں۔

دوا برائے احتلام وسرعت

مغلظ منی ہے اور بارہا کا مجرب ہے۔

نسخہ:

آرد سنگھاڑا، آرد پھلی، کیکر، برگد، اسگند ناگوری، بیخ کونچ، بھوپھلی، موچرس ہر ایک دو تولہ۔ مغز پنبہ دانہ 3 تولہ۔ ثلعب مصری خورد ایک تولہ۔ کمرکس ایک تولہ۔ تخم اونگن ایک تولہ۔ گوکھرو کلاں ڈھائی تولہ۔ تالمکھانا مدبر شیر برگد ہر ایک ڈھائی تولہ۔ مغز تخم تمر ہندی 3 تولہ۔ تخم لاجونتی ڈیڑھ تولہ۔ ورق نقرہ 25 عدد۔ کشتہ قلعی در برگ حنا تیار شدہ 2 تولہ۔ چہار مغز 4 تولہ۔ ان جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک:

چھ ماشہ یہ سفوف گائے کے مسکہ تازہ 5 تولہ میں ملا کر کھلائیں۔

دوا قوت باہ

قوت باہ کے لئے عجیب وغریب دوا ہے اور ارزاں بھی۔

نسخہ:

انجیر 15 عدد۔ شہد ایک سیر۔ انجیر کو شہد میں ڈال کر ایک ہفتہ پڑا رہنے دیں۔ بعد ایک ہفتہ کے نصف انجیر صبح وشام استعمال کریں۔

دوا مقوی باہ (۱)

باہ بڑھاتی ہے۔ سردی اعصاب کی دافع ہے۔ استرخائے آلت میں بے حد مفید ہے۔

Mypdfsite.com

نسخہ:

زعفران ایک ماشہ۔ آب ادرک چھ ماشہ حل کر کے عضو مخصوص پر پانچ دن تک متواتر لیپ کریں۔

دوائے مقوی باہ (۲)

مادہ تولید پیدا کرنے میں عجیب الاثر دوا ہے۔ تقویت باہ میں بالخاصہ موثر ہے۔

نسخہ:

سونف ایک تولہ کو تھوڑے سے پانی میں گھوٹ کر اس میں گائے کا دودھ تازہ مناسب مقدار میں شامل کر کے مصری سے شیریں کر کے پلائیں۔

دوائے مقوی باہ (۳)

جریان اور تقویت اعضائے رئیسہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

تالمکھانا خشتہ، تمر ہندی مقشر، اور بیج بند، شقاقل مصری، الائچی خورد، طباشیر کبود، سلاجیت، ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ۔ ست گلو، کشتہ مرجان ہر ایک چھ ماشہ۔ کشتہ چاندی تین ماشہ۔

تمام ادویہ کو کوٹ کر برابر مصری کوزہ ملا کر رکھیں۔

مقدار خوراک:

6 ماشہ صبح اور 6 ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

دوا مقوی وممسک

تقویت باہ اور امساک میں عجیب التاثیر ہے۔

نسخہ:

تخم کریلا، گوکھرو ہر ایک ایک پاؤ۔ دال نخود نصف سیر۔ زعفران ایک تولہ۔

Mypdfsite.com

زردی بیضہ مرغ 20 عدد۔ شیر گاؤ دو سیر۔ دال نخود اور زردی بیضہ کو روغن زرد میں بریاں کریں۔ پھر باقی ادویہ کو دودھ میں پکائیں۔ جب تمام دودھ کو کھویا ہو جائے تو ایک سیر مصری کا قوام بنا کر ملا لیں۔

مقدار خوراک:

ایک سے دو تولہ تک ہمراہ جوش دئے ہوئے دودھ سے کھائیں۔

دوائے تودرین

قوت باہ پیدا کرنے میں عجیب اثر رکھتی ہے۔

برصغیر کے سب سے بڑے حکیم علوی خاں مرحوم کا مجوزہ نسخہ ہے۔

باہ پیدا کرنے میں عجیب التاثیر ہے اور چہرے کا رنگ اور آواز کو صاف کرتی ہے۔

تودر، کنکول ورزدی ہر ایک ایک مثقال۔ شیر گاؤ پانچ سیر من تبریزی میں جوش دیں۔ پس بہمن سرخ و خولنجان، زنجبیل، دارچینی ہر ایک ایک دانگ شامل کریں اور نبات سفید ایک اوقیہ اضافہ کر کے پی لیں۔

دوائے مقوی باہ (۱)

ضعف دماغ و اعضائے رئیسہ کے لئے تیر بہدف ہے۔

نسخہ:

زردی بیضہ مرغ 5 عدد۔ مغز بادام شیریں مقشر ایک پاؤ۔ روغن زرد ایک سیر۔ شکر سفید ایک سیر۔ مغز بادام کو پیس کر باقی ادویہ کے ہمراہ نرم آگ پر پکائیں۔ جب اچھی طرح حل ہو جائے اور باقی پانی بخوبی خشک ہو جائے تو مروارید ناسفتہ 3 ماشہ۔ ورق نقرہ 6 ماشہ۔ طباشیر، الائچی خورد، زعفران ہر ایک چھ ماشہ۔ مشک عنبر ایک ماشہ۔ آبریشم مقرض، گل گاؤ زباں ہر ایک دو تولہ کا سفوف بنا لیں۔

Mypdfsite.com

دوائے مقوی باہ (۲)

باہ کو تقویت دیتی ہے۔ دل اور دماغ کے ضعف کو دور کرتی ہے۔ بے حد مجرب ہے۔

نسخہ:

ورق طلا 2 ماشہ۔ کستوری ایک ماشہ۔ ورق نقرہ 3 ماشہ۔ مروارید ناسفتہ 4 ماشہ۔ زعفران 6 ماشہ۔ تخم الائچی سفید 7 ماشہ۔ جائفل 8 ماشہ۔ طباشیر نیلگوں 9 ماشہ۔ جاوتری 8 ماشہ۔ برادہ صندل سفید ایک تولہ۔ کل ادویہ ہمراہ عرق کیوڑہ۔ عرق بید مشک ایک ہفتہ بھر کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک:

4 رتی ہمراہ مکھن۔

دوائے خراطین

مقوی باہ ہے۔ عضو میں تحریک پیدا کرتی ہے اور ہاضمہ پر اچھا اثر ڈالتی ہے۔ ایک سیر زندہ خراطین کو پکڑ کر ایک برتن میں ڈالیں پھر اس برتن میں تین سیر پانی ڈال کر تھوڑا تھوڑا نمک طعام چھڑک کر صاف کریں۔ اس عمل سے خراطین پانی میں مٹی چھوڑ کر نمک کو جذب کر لیں گے۔ پھر احتیاط سے اس پانی کو نتھار کر اس کو دوسرے برتن میں ڈال دیں' اور خراطین کو بھی نکال کر اس دوسرے برتن میں ڈال دیں اور ہلکی آنچ دیں اور خراطین کو معجون کش سے الٹے پلٹتے رہیں۔ تاکہ جل نہ جائے۔ بس کچھ دیر میں پانی جذب ہو جائے گا اور خراطین بھی جل کر خاک ہو جائیں گے۔ خشک ہو جانے کے بعد باریک پیس کر رکھ لیں۔ یہی دوائے خراطین ہے۔

ترکیب استعمال:

اس دوا میں سے بقدر ضرورت لے کر قلیہ میں ڈال کر استعمال کریں۔

Mypdfsite.com

دوائے امساک

امساک منی میں مجرب ہے۔

جوزبوا' مال کنگنی' زعفران' افیون' برزالبنج' اسپند' بھنگ سوختہ ہم وزن ملا کر گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک:

امساک کے واسطے بقدر ایک ماشہ دودھ کے ساتھ کھائیں۔

دوائے ملذذ

لذت کے واسطے اس سے آسان اور موثر نسخہ ملنا دشوار ہے۔

نسخہ:

عقرقرحا خوب باریک کر کے شہد میں ملا کر عضو پر دو چار منٹ پہلے لگالیں۔ پھر مشغول ہوں۔

دوائے لذت

ملذذ اور منزل ہے۔

سہاگہ تیلیہ کبابہ ان دونوں کو ہم وزن لے کر باریک کریں اور شہد یا آب دہن سے ملا کر طلا کریں۔ مجامعت میں انتہائی لطف آئے گا۔

دوائے نعوظ

مغلظ ہونے کے علاوہ مقوی باہ بھی ہے۔ سردی اعصاب کا دافع ہے۔

نسخہ:

مغز سر کنجشک نر بقدر ضرورت روغن چنبیلی میں ملا کر عضو مخصوص پر مالش کریں۔

Mypdfsite.com

دواء برائے سردی اعصاب قضیب

سردی اعصاب قضیب میں بہت مفید ہے۔

نسخہ:

مومیائی بقدر ضرورت روغن نرگس میں گداختہ کر کے قضیب پر عرصہ تک مالش کریں۔

دوا برائے سختی قضیب

تقویت باہ برقی اثر رکھتی ہے۔ عضو میں تندی' قوت پیدا کرتی ہے۔ خصوصاً زوجین کے درمیان محبت بڑھاتی ہے۔

نسخہ:

چربی موش دشتی' جو درخت مدار کے نیچے رہتا ہو' ایک تولہ لے کر اس میں ایک ماشہ سینڈور ملا کر محفوظ رکھیں۔ جماع کرنے سے پہلے بقدر ایک ماشہ عضو پر مالش کریں۔ ایک لحظہ بعد مشغول ہوں۔

دوائے مجلوق

جلق یعنی مشت زنی سے عضو مخصوص کمزور اور ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے نہ تو شہوت ہی پورے طور سے ہوتی ہے اور نہ ہم بستری میں لذت محسوس ہوتی ہے۔ بلکہ اکثر اوقات تو ایسا ہوتا ہے کہ تندی اور بسر انگیختگی نہ ہونے سے عورت سے شرمندگی اٹھانی پڑتی ہے اور مریض تمام عمر عورت کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہتا۔ یہ دوا ان مریضوں کے لئے زندگی کا پیغام ہے جو متذکرہ بالا بیماری میں مبتلا ہیں، استعمال کریں اور فائدہ اٹھائیں۔

نسخہ:

بیخ کنیر سفید' غنچہ کنیر سفید' تخم دھتورہ' اسگند ہر ایک ایک تولہ۔ کافور' افیون ہر

Mypdfsite.com

ایک چھ ماشہ کوٹ کر شیرہ کٹائی خورد میں حل کر کے چنے برابر گولیاں بنا کر تیار کریں اور ہر روز تین گولیاں لے کر پانی میں حل کریں۔

ترکیب استعمال:

عضو مخصوص پر طلا کریں۔ دوران استعمال میں جماع سے پرہیز نہایت ضروری ہے۔

دوائے سوزاک

سوزاک خواہ کسی قدر شدت کے ساتھ کیوں نہ ہو اس دوا کے دو ہفتہ استعمال کرنے سے جاتا رہتا ہے۔

نسخہ:

سلاجیت اصلی، ست گلو، بہروزہ، دانہ الائچی، کتھا سفید، طباشیر، زیرہ سفید ہر ایک 3 ماشہ۔ شورہ قلمی 7 ماشہ سب کو ملا کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک:

تین ماشہ پھانک کر پاؤ سیر دودھ پئیں۔ لال مرچ اور کھٹائی سے پرہیز کریں۔

دواء دافع قرحہ سوزاک

سوزاک کے قرحہ کو مندمل کر دیتی ہے۔

نسخہ:

سرمہ سفیدی کو دودھی کے نقدے میں کشتہ کر لیں۔

یہ کشتہ چار رتی ست بہروزہ ایک ماشہ یہ ایک خوراک ہے ایسی خوراکیں دن میں تین مرتبہ ہمراہ پانی دیں۔

دواء سوزاک

Mypdfsite.com

پرانے سے پرانے سوزاک کے لئے مفید ہے۔

نسخہ:

گندھک' آملہ سار ایک تولہ۔ قلمی شورہ 5 تولہ۔ چونہ قلعی' صدف اصلی ہر ایک آٹھ تولہ' ہڑتال سرخ ایک تولہ۔ سم الفار سفید' ڈیڑھ تولہ پھٹکری تولہ۔

سب ادویہ کو باریک کر کے غبار کی مانند تیار کریں اور دوپہر گودہ گھیکوار سے کھرل کر کے قرص بنالیں۔ کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں۔

مقدار خوراک:

نصف رتی سے ایک رتی تک بالائی میں لپیٹ کر دودھ کے ہمراہ نگل لیں اور غذا مرغن استعمال کریں۔

دواء آتشک

اس نسخے کو تین ہفتہ استعمال کرنے سے آتشک کی تمام مشکلات بتدریج دور ہو جائیں گی۔ اللہ کے حکم سے سینکڑوں مایوس مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔

نسخہ:

اس گندھک مصفی 2 تولہ۔ روغن زیتون 3 تولہ۔ خاکستر زقوم ایک تولہ۔ خاکستر بیخ ایک تولہ۔ تخم حنظل 5 ماشہ سب کو یکجان کر کے حفاظت سے رکھیں۔

مقدار خوراک:

اور بقدر 3 ماشہ صبح و شام روغن گاؤ سے کھایا کریں۔

دوائے جذام

جذام جیسے تباہ کن مرض کے لئے بہت نافع ہے اور کم قیمت بھی ہے۔
روغن نیم' روغن چال موگرہ' ہم وزن ملائیں اور ماؤف جگہ لگالیں۔

Mypdfsite.com

روغن نخوذ

تقویت باہ میں عجیب التاثیر ہے۔ چنے رات کو پانی میں بھگو رکھیں۔ پانی اس قدر ہو کہ جذب ہو جائے۔ صبح بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔ سیاہ رنگ کا تیل نکلے گا۔

خوراک:

ایک ماشہ حلوے میں رکھ کر کھائیں۔

روغن چرس بنانے کا قاعدہ

چرس کو گائے کے دودھ میں ایک دن رات کو بھگو دیں۔ بعدہ اس دودھ کو جوش دے کر جما دیں اور اس کا مکھن نکال لیں۔ اگر چرس کی بو دفع کرنا مقصود ہو تو اس مکھن کو داغ دے لیں اور داغ دینے کے وقت برگ تنبول، جوزبوا، اور قرنفل شامل کریں۔

روغن مجلوق

اغلام اور جلق کی جملہ خرابیوں کی اصلاح کرتا ہے۔ نہایت مجرب ہے۔

نسخہ:

گھونگچی سفید۔ کچلہ، عقرقرحا، بیخ کنیر سفید، میٹھا تیلیہ، جمالگوٹہ ہر ایک چھ ماشہ۔ میٹھا تیلیہ اور جمال گوٹہ کو ایک سیر بکری کے دودھ میں پوٹلی باندھ کر دو تین جوش دیں۔ پھر نکال کر سب دواؤں کو ملا کر روغن نکال لیں اور عضو خاص پر مالش کریں۔ اگر تیل نہ نکال سکیں تو پوٹلی میں باندھ کر بھیڑ کے دودھ میں ڈال کر عضو پر ٹکور کریں۔

رفیق شباب

یہ نسخہ جناب حکیم فضل الٰہی صاحب اکمل صدیقی کی طرف سے ہمدرد صحت دہلی بابت ماہ نومبر 1937ء میں شائع ہوا ہے۔ حکیم صاحب موصوف فرماتے ہیں۔ شباب کی

Mypdfsite.com

غلط کاریوں کی وجہ سے تمام پیدا شدہ نقائص اور کمزوری کا بہترین علاج ہے۔ اعضائے رئیسہ و شریفہ کے تمام افعال درست ہو جاتے ہیں۔ مادہ تولید کی پیدائش بڑھ جاتی ہے اور اس کی رقت دور ہو جاتی ہے۔ اعصاب میں برقی رو پیدا ہو جاتی ہے۔ اگر استعمال سے پہلے مریض افعال و عادات قبیحہ سے توبہ کر کے یقین و اعتماد کے ساتھ اس عدیم النظیر مرکب کو باقاعدہ پرہیز کے ساتھ جاری رکھے تو از کار رفتہ بھی شباب کے ولولے اور مسرت و شادمانی کے جذبات اپنے اندر موجزن پاتا ہے۔ بے حد مجرب و مفید ہے۔

نسخہ:

موصلی سفید، ثعلب مصری، بہمن سفید، خولنجان، آرد سنگھاڑا، موصلی سنبھل ہر ایک 5 تولہ۔ دارچینی، گلہ پستہ ہر ایک تین تولہ۔ عقرقرحا 2 تولہ۔ تخم کونچ 2 تولہ۔ صمغ عربی ہر ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ 6 ماشہ۔ مشک، زعفران خالص ہر ایک 3 ماشہ۔ ورق طلاء ایک ماشہ۔ شہد خالص دو چند ادویہ۔ قند سفید ایک حصہ۔ ادویہ کوٹ چھان کر شہد اور قند کا قوام بنا کر اس میں ملا دیں پھر ورق اور مشک حسب معمول شامل کر دیں۔

مقدار خوراک:

5 ماشہ سے 9 ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام۔

سفوف برائے سیلان

یہ نسخہ سیلان مذی اور جریان کے ان مریضوں کے لئے بہت ہی مفید ہے جن میں ذکاوت حس زوروں پر ہوتی ہے۔

نسخہ:

گلنار فارسی، گل سرخ، تخم فرنجمشک، اصل السوس ہر ایک دو تولہ۔ تخم سداب 3 تولہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال:

یہ سفوف سات ماشہ لے کر تین ماشہ بھوسی اسبغول کے ہمراہ دودھ میں ڈال کر آگ پر رکھ کر پکائیں اور نیم گرم کھلا دیں۔

سفوف جریان (۱)

جریان اور سرعت کے لئے بہت مفید ہے۔ احتلام کی شکایت دور کرتا ہے۔

نسخہ:

ثعلب مصری، آرد سنگھاڑا، موصلی سفید، فرنجمشک ہر ایک ایک تولہ۔ دانہ ہیل خورد، بیج بند ہر ایک 6 ماشہ۔ ستاور، مغز اخنگن، شقاقل مصری ہر ایک 9 ماشہ۔ دار چینی 6 ماشہ۔ خارخسک 11 ماشہ۔ کہربائے شمعی 6 ماشہ۔ مغز بادام شیریں، مغز خربزہ ایک ایک تولہ۔ مغز پستہ چھ ماشہ۔ نبات سفید 5 تولہ حسب دستور سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:

9 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

سفوف جریان (۲)

یہ سفوف جریان کے لئے بے حد مفید ہے اور ذکاوت حس کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ:

تالمکھانہ، بھوپھلی بیج بند، ستاور، ریش برگد ہر اک دو تولہ۔ شکر سفید ملا کر تیار کریں۔

مقدار خوراک:

نو نو ماشہ سفوف صبح و شام گئے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ کھانے میں زود ہضم غذا دیں۔

Mypdfsite.com

سفوف مسکن

پرانے سے پرانے جریان کو یہ دوا دور کرتی ہے۔ چار پانچ خوراک ہی سے احتلام بند ہو جاتا ہے اور اعضاء کی بڑھی ہوئی حس کو کم کر کے اعتدال پر لاتی ہے۔

نسخہ:

کشنیز خشک، ثعلب مصری ہر ایک تولہ۔ فرنجمشک، تخم قعب، صمغ عربی، کتیرا، خار خارخس، بہمن سفید، تخم خشخاش سفید، تخم نیلوفر، بھوپھلی ہر ایک سات ماشہ۔ برادہ صندل سفید، زیرہ سفید، الائچی کلاں ہر ایک بیس ماشہ کشتہ قلعی پارہ شورہ والا دو تولہ۔ مصری سب کے برابر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:

پانچ ماشہ یہ سفوف صبح کو تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

غذا میں کدو، خرفہ ساگودانہ اور ترکاریاں استعمال کریں۔ مونگ، دال چاول اور ترش، بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔ لال مرچ نہ کھائیں۔

سفوف جریان (۳)

جریان کے لئے نافع ہے۔

نسخہ:

پوست اسپغول، موصلی سفید، مغز تخم املی، صمغ عربی ہر ایک پانچ تولہ، مغز بادام دس تولہ۔ سفوف بنائیں اور برابر شکم تری ملائیں۔

مقدار خوراک:

صبح و شام ایک ایک تولہ۔ ہمراہ دودھ

Mypdfsite.com

سفوف جریان (۴)

یہ سفوف جریان کے لئے بے حد فائدہ مند ہے۔

نسخہ:

سبوس اسپغول، سمندر سوکھ، بیج بند، تالمکھانہ، تخم ریحاں، کشتہ کلس ہر ایک ایک تولہ۔ کتیرا تین تولہ کشتہ عقیق ایک ماشہ۔ کشتہ جست تین ماشہ۔ صمغ عربی 6 ماشہ سفوف بنالیں۔ شربت صندل یا عرق بادیان میں دیں۔ نہایت سریع الاثر اور مجرب و آزمودہ ہے۔

مقدار خوراک:

ایک ماشہ۔

سفوف جریان (۵)

ذکاوت حس اور جریان کو نافع ہے۔

نسخہ:

کہربائے شمعی، طباشیر ہر ایک 7 ماشہ۔ تالمکھانہ، بیج بند، موچرس، جفت بلوط، کندر موصلی، سینبھل، موصلی سفید، برگ نورستہ، مغیلاں، ثمر مغیلاں، پوست مغیلیاں کز مازج مازو سبز، مغز تخم تمر ہندی ہر ایک 9 ماشہ۔ کشتہ قلعی 3 ماشہ۔ ست سلاجیت ایک تولہ۔ شکر تری برابر ادویہ سفوف بنائیں اور بقدر تین ماشہ صبح و شام شیر گاؤ کے ساتھ کھائیں۔

پرہیز:

ترش اشیاء اور سرخ مرچ۔

سفوف جریان (۶)

یہ سفوف اس جریان کو جو سوزاک کے بعد ہوتا ہے، بہت نافع ہے۔ ست گلوست سلاجیت، ست بہروزہ، دانہ الائچی خورد، پکھان بید، اصل السوس، تالمکھانا، طباشیر، کشتہ قلعی

Mypdfsite.com

(سینگ والا) کشتہ بیضہ مرغ' آب لیموں والا ہر ایک ایک تولہ۔ مغز تخم تمر ہندی بریاں' آرد سنگھاڑا' ثعلب مصری ہر ایک ڈیڑھ تولہ مصری کوزہ ہم وزن ادویہ۔

مقدار خوراک:

9 ماشہ صبح' 9 ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ۔

سفوف جریان (۷)

جریان اور احتلام کے لئے بہت مفید ہے۔ مغلظ ہے۔

نسخہ:

ثعلب مصری' شقاقل' مصری' بھمنین' موصلین' موصلی سینبھل' دانہ الائچی خوردو کلاں' اسبغول' مسلم مولسری' خام جفت بلوط' گل فوفل' مصطگی رومی' مغز خشتہ جامن' مغز خشتہ انبہ' مغز خشتہ تمر ہندی' صمغ غربی' موچرس' صمغ ڈھاک' صمغ انبہ' چھ چھ ماشہ۔ نبات سفید برابر وزن ادویہ۔

مقدار خوراک:

چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

نوٹ: کبھی کبھی یہ اجزاء بھی بڑھائے جا سکتے ہیں۔ تخم تالمکھانا' طباشر' کبود' ست گلو' کمرکس' تودرین' مغز سنگھاڑہ' بیج بند۔

سفوف مکھانا

منی پیدا کرتا ہے۔ باہ کو تقویت دیتا ہے۔ مادہ منویہ اگر پتلا ہو گیا ہے تو اس کو گاڑھا کرتا ہے۔

نسخہ:

تال مکھانا' موصلی سیاہ' موصلی سفید' بیج بند ہر ایک ایک درم۔ عقرقرحا دو درم۔ کوٹ

Mypdfsite.com

چھان کر ہم وزن ادویہ نبات سفید ملا کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک:

آٹھ ماشہ تا ایک تولہ گائے کے دودھ ایک پاؤ کے ساتھ کھائیں۔

سفوف برائے سیلان مذی و منی

برادر مکرم جناب حکیم محمد رفیق خان صاحب دہلوی نبیرہ مسیح الملک مرحوم کا مجرب نسخہ ہے۔ جریان منی و مذی کو فائدہ کرتا ہے۔

نسخہ:

گل انبہ، گل نوفل، گل پستہ، بیخ ڈھاکہ ہر ایک تین ماشہ۔ شکر سفید ایک تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:

چھ ماشہ گائے کے دودھ کے ہمراہ مصری ڈال کر استعمال کریں۔

سفوف مغلظ منی

ذکاوت حس، جریان اور احتلام کے لئے نافع ہے اور نسوزاک کو بھی فائدہ کرتا ہے۔

نسخہ:

خارخسک 2 تولہ۔ سبوس اسپغول 4 تولہ۔ تخم کاہو ایک تولہ۔ تخم بھنگ 1 تولہ۔ کشنیز خشک ایک تولہ۔ کوزہ مصری 8 تولہ سفوف تیار کریں۔

سفوف کثرت احتلام

کثرت احتلام اور ذکاوت حس کو فائدہ مند ہے۔

Mypdfsite.com

نسخہ:

ست گلوسلاجیت، دانہ ہیل خورد، پکھان بید، ملٹھی، تال مکھانا، کشتہ قلعی (جو بھنگ سے تیار کیا گیا ہو) طباشیر، شقاقل مصری، ثعلب مصری ہر ایک دو تولہ باریک کر کے ہم وزن شکر سفید ملالیں۔

مقدار خوراک:

5 ماشہ صبح و شام 5 ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ خام کے ساتھ استعمال کریں۔

سفوف کثرت احتلام

کثرت احتلام کو بہت مفید ہے۔

نسخہ:

کہربائے شمعی، بسد احمر، دم الاخوائن، گل ارمنی ہر ایک چھ ماشہ۔ طباشیر کبود، بیخ انجبار، کشنیز خشک، بزر البنج صمغ عربی، تخم خرفہ، تخم کاہو، گل نیلوفر، گلنار فارسی ہر ایک 9 ماشہ۔ گل سپاری ایک تولہ سفوف کر کے چار ماشہ صبح نہار منہ کھالیا کریں۔

سفوف احتلام

یہ سفوف کثرت احتلام کو دور کرتا ہے اور احتلام کی زیادتی سے جو کچھ نقصان جسم کو پہنچتا ہے، اس کا تدراک کرتا ہے۔ اس کے استعمال میں موسم کی کوئی قید نہیں۔ دل و دماغ کو طاقت پہنچاتا ہے۔

نسخہ:

کشتہ مرجان، کشتہ یشب، کشتہ عقیق، کشتہ زمرد، کشتہ قلعی، ورق نقرہ ہر ایک ایک تولہ۔ اقاقیہ 2 تولہ۔ ثعلب مصری، موصلی سفید، شقاقل مصری، تالمکھانا، موصلی سینبھل ہر ایک ایک تولہ۔ مصری کوزہ پانچ تولہ۔

سب چیزوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

Mypdfsite.com

مقدار خوراک:

تین تین ماشہ صبح و شام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

سفوف احتلام خاص

یہ سفوف احتلام کی پرانی سے پرانی شکایت کو دور کرتا ہے اور مغلظ منی ہے۔

نسخہ:

ثعلب مصری، ستاور، موصلی سفید ہر ایک ایک تولہ۔ مغز تمر ہندی 2 تولہ۔ تخم ریحان ایک تولہ۔ سبوس اسپغول 2 تولہ۔ کشتی قلعی ایک تولہ۔ شکر خام 5 تولہ سب چیزوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:

نو نو ماشہ صبح و شام دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کریں

سفوف مقوی باہ

اس کو چند روز استعمال کرنے سے غضب کی قوت عود کرتی آتی ہے۔ نامرد بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

نسخہ:

موصلی سیاہ، موصلی سفید، ثعلب مصری، تالمکھانا، بیج بند، اندرجو، تودری سفید، تودری سرخ، دارچینی خونلنج، بھمنین، شقاقل، تمام ہم وزن مصری بارہ حصہ سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ پھر مصری ملالیں۔

مقدار خوراک:

تین ماشہ سے چھ ماشہ تک دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

Mypdfsite.com

سفوف خراطین

اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ہے اور بے نظیر بھی ہے۔

نسخہ:

دار چینی، جائفل، جاوتری، دانہ الائچی خورد، لونگ، ثعلب مصری، مصطگی رومی، زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ تین ماشہ خراطین خشک مصفی مساوی الوزن ادویہ باریک سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:

روزانہ ایک تولہ استعمال کریں۔

سفوف عنبری

مقوی باہ اور اعصاب اعضائے رئیسہ۔

نسخہ:

عنبر اشہب ایک تولہ۔ مصطگی رومی، موصلی سفید، ثعلب مصری، طباشیر ہر ایک چار تولہ۔ نبات سفید تمام ادویہ کے برابر۔

مقدار خوراک:

چھ ماشہ ہمراہ عرق گلاب و عرق بید مشک کے استعمال کریں۔

سفوف اکسیر

یہ سفوف اپنے فائدہ کے اعتبار "لبوب کبیر" سے بھی بعض حقیقت سے بلند و برتر ہے لیکن قبولیت طبیعت شرط ہے۔

نسخہ:

قضیب گاؤ خشک، سوہان کردہ 4 تولہ۔ خراطین مصفی چھ تولہ حسب دستور سفوف بنا

Mypdfsite.com

کر رکھیں۔

مقدار خوراک:

ایک تولہ ہر روز کھایا کریں۔

سفوف مقوی

تغلیظ منی کرتا ہے باہ کو حرکت میں لاتا ہے۔ جریان اور کثرت احتلام وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

نسخہ:

طباشیر نقرہ تخم سرس، مغز تخم تمر ہندی بریاں مقشر، موصلی سفید موصلی سیاہ، ست گلو اصلی، طباشیر نقرہ اسگندنا گوری، گوند سہانجنہ، گوند ڈھاک، خولنجان، ستاور، بہمن سفید، شقاقل مصری، موصلی سینبھل، موچرس، سمندر سوکھ، مصطگی، برہم ڈنڈی ہر ایک چھ ماشہ مصری ہم وزن ادویہ۔

مقدار خوراک:

9 صبح و شام ہمراہ شیر گرم۔

سفوف اکملی

مقوی باہ اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ گردہ مثانہ کی تقویت میں بہت مفید ہے اور یہ اعلیٰ درجہ کا مقوی و ممسک ہے۔

نسخہ:

گوند کتیرا، گلنار، صندل سفید، طباشیر، نشاستہ موچرس، خارخسک، کشتہ قلعی، ہر ایک چار ماشہ۔ کہربا شمعی، مصطگی، گل ارمنی، ثعلب مصری، شقاقل لسان العصافیر، پکھان بید، مایہ شتر اعرابی، لودھ گجراتی ہر ایک تین ماشہ۔ سنبل الطیب 2 ماشہ۔ پوست بیک کیکر، پوست سنکھا ہولی، پوست جھربیری، پوست بیخ مولسری، پوست کچنال، سنگھاڑہ خشک ہر ایک 5

Mypdfsite.com

ماشہ۔دانہ الائچی خورد چھ ماشہ۔نبات سفید ہم وزن۔

مقدار خوراک:

ایک تولہ ہمراہ باسی پانی۔

سفوف کیمائے عشرت

انتہائی مقوی باہ اور ممسک ہے۔

نسخہ:

نک چھکنی 3 سرخ۔کائپھل 6 سرخ۔قرنفل۔شنگرف، مازو سبز ہر ایک 4 سرخ۔ورق طلا 1 سرخ۔دار چینی، مشک، ریگ ماہی ہر ایک ایک ماشہ۔افیون 6 سرخ۔ ورق نقرہ 7 سرخ۔

سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال:

اس تمام سفوف میں سے وقت ضرورت ڈیڑھ ماشہ سفوف ڈیڑھ پاؤ دودھ کے ساتھ استعمال کریں اور دو ساعت کے بعد جماع میں مشغول ہو جائیں۔جب سینہ میں جلن محسوس ہو دودھ کا پیالہ پی لیں۔تمام رات دودھ پیتے رہیں اور جاگتے رہیں۔

سفوف سرعت انزال

سرعت کے لئے نافع ہے۔تغلیظ منی کے لئے مجرب ہے۔

نسخہ:

ریش برگد، تخم لاجونتی، موصلی سفید، شقاقل ثعلب مصری، پوست بیخ ستیاناسی، آرد سنگھاڑا، مغز تخم تمر ہندی، سبوس اسپغول، کشتہ مرجان، کوزہ مصری ہر ایک برابر وزن لے کر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

ت احتلام وغیرہ

یاہ، ست گلو
یہمن سفید،
شہ مصری

Mypdfsite.com

مقدار خوراک:

6-6 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام۔

سفوف ممسک

جریان چاہے جس قدر شدید ہو اس شفوف کے استعمال کرنے سے جاتا رہتا ہے۔

نسخہ:

بیج بند گجراتی، ستاور، تالمکھانا، شقاقل، مصری، موچرس، سروالی، گل منڈی، سنگھاڑا خشک، کمرکس، گوند ببول، گل دھاوا، بیخ میدہ لکڑی ہر ایک چھ ماشہ۔ خستہ تمر ہندی، دال ماش مقشر ہر ایک چار دام۔ شکر سفید ہم وزن ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک:

ایک دام صبح گائے کے دودھ کے ساتھ اور 9 ماشہ شام کو ٹھنڈے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

سفوف سوزاک (۱)

اس سوزاک کو جو کسی سوزاک زدہ عورت سے ہم بستر ہونے کی وجہ سے ہو گیا ہو بہت جلد فائدہ کرتا ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ:

کباب چینی، گل گلاب، سنگ جراحت، موصلی سفید، اسگند ناگوری ہر ایک چھ ماشہ۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال:

ایک تولہ پاؤ سیر گائے کے دودھ کے ساتھ اکیس روز تک استعمال کریں۔ واضح

Mypdfsite.com

رہے کہ نسخے دوران استعمال میں ترشی اور بادی چیزوں نیز لال مرچ کا پرہیز ضروری ہے۔

سفوف سوزاک (۲)

اس کا چندروزہ استعمال پرانے یا قرحہ میں بہت مفید ہے۔

نسخہ:

ہلدی، کندر، ست بہروزہ، کاکنج، دم الاخوائن مساوی الوزن بہت باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک:

ایک ماشہ دن میں ایک مرتبہ پانی کے ہمراہ۔

سفوف سوزاک (۳)

پرانے سوزاک کو فائدہ دیتا ہے۔ آزمودہ و مجرب ہے۔

نسخہ:

قلمی شورہ، الائچی خورد، کباب چینی، سنگ جراحت، ست بہروزہ ہندی مساوی الوزن بہت باریک پیس کر سفوف کرلیں۔

مقدار خوراک:

تین ماشہ دن میں پانی کے ساتھ کھائیں اور غذا زود ہضم استعمال کرلیں۔

سفوف سوزاک (۴)

سوزاک کے لئے بے حد مفید ہے۔

نسخہ:

کباب چینی، ست بہروزہ پکھان بید، پوست ہلیلہ، دانہ الائچی کلاں ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو پیس کر سفوف بنائیں۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال:

بقدر سات ماشہ صبح کے وقت لسی شیر گاؤ کے ساتھ کھائیں۔

سفوف سوزاک (۵)

یہ سفوف سوزاک کے لئے مفید ہے۔

نسخہ:

طباشیر' کبابہ' سنگجراحت' سلاجیت خالص ہم وزن سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:

بقدر تین ماشہ دن میں تین مرتبہ عرصہ تک کھائیں۔

سفوف قرحہ سوزاک (۶)

پرانے قرحہ کے لئے دو ماہ کامل اور نئے قرحہ کے لئے ایک ہفتہ استعمال کرائیں۔فوراً اثر دکھاتا ہے۔مجرب ہے۔

نسخہ:

آملہ مقشر ہر ایک ایک تولہ باریک سفوف کرلیں اور مصری سفید دو تولہ ملالیں۔

مقدار خوراک:

ہر روز بقدر 7 ماشہ تک پانی تازہ کے ساتھ کھالیا کریں۔

سفوف سوزاک (۷)

سوزاک کو نافع ہے' قبض کے لئے مفید ہے۔

نسخہ:

ہزار دانی' کباب چینی' زیرہ سفید' شب یمانی بریاں ہر ایک ایک تولہ۔پوست بیخ کنڈیاری 2 تولہ۔کشتہ سنگ جراحت 6 ماشہ کا سفوف کر کے بقدر 3 ماشہ ہمراہ آب تازہ یا

Mypdfsite.com

لسی خام کے ساتھ استعمال کریں۔

سفوف سوزاک (۸)

سوزاک کے زخم کو بھرنے میں بہت مفید ہے۔

کیسوا، دم الاخوائن، گل ارمنی، طباشیر سفید، رب السوس، گل مختوم، گلنار فارسی، حب کاکنج، تخم خشخاش سفید ہر ایک ایک ماشہ۔ ناشتہ مغز تخم خیارین، مغز تخم خربزہ، خرفہ مقشر ہر ایک تین ماشہ۔

مقدار خوراک: ساڑھے چار ماشہ صبح کے وقت ہمراہ شیر کھلائیں۔

ضماد مقوی باہ

سختی قضیب کے ساتھ بے حد مبھی ہے۔

نسخہ:

مرچ سیاہ 11 عدد۔ لونگ 13 عدد۔ کافور بھیم سینی ایک ماشہ سفوف کر کے قضیب پر مالش کریں۔ بعدہ پانی میں گھول کر ضماد کریں۔

ضماد عجیب

خصیوں کے ورم کے لئے مفید ہے۔

نسخہ:

گوگل، اشق، چربی مہا، چربی مرغ، چربی کوہان اونٹ، مغز ساق گاؤ، بابونہ، اکلیل الملک یعنی ناخونہ، گل خطمی گل بنفشہ ہر ایک 3 درم۔ گل سرخ 2 مثقال کوٹ کر چھان کر السی کے لعاب میں باندھ کر لیپ کریں۔

ضماد مقوی

حکیم محمد جعفر مرحوم کا نسخہ ہے۔ تقویت باہ میں عجیب التاثیر اور کثیر المنفعت ہے۔

Mypdfsite.com

نسخہ:

جند بیدستر، مصطگی رومی، ہر ایک ایک تولہ۔ قسط شیریں، ڈیڑھ تولہ۔ تخم ترب تین تولہ۔ روغن زیتون 25 تولہ 4 پہر کامل کھرل کر کے بطریق معروف استعمال کریں۔

ضماد مقوی باہ

تقویت باہ کے لئے عجیب وغریب ہے۔

نسخہ:

بیر بہوٹی، جونک، خراطین، شیر مدار، مال کنگنی ہر ایک ایک تولہ۔ روغن کنجد تین تولہ میں خوب باریک کر کے لیپ کریں اوپر پان کا پتہ باندھ دیں۔

طلاء مجلوق (۱)

عضو مخصوص کی لاغری وکوتاہی کے لئے مفید ہے۔

نسخہ:

بیر بہوٹی 6 ماشہ۔ مصطگی 9 ماشہ۔ لونگ 6 ماشہ۔ عاقر قرحا 9 ماشہ۔ جوزبوا 3 ماشہ۔ دارچینی 6 ماش۔ جاوتری 2 ماشہ۔ زعفران 3 ماشہ۔ رائی 9 ماشہ۔

سب ادویہ کو پیس کر روغن زرد میں کھرل کریں تا کہ مرہم سا بن جائے۔

ترکیب استعمال:

عضو خاص کو گرم پانی سے دھو کر اس مرہم کی مالش کریں۔ اوپر سے برگ پان باندھیں۔

طلاء مجلوق (۲)

مجلوق کے لئے اکسیر ہے اور تمام نقائص رفع کر کے تقویت بخشتا ہے۔

Mypdfsite.com

نسخہ:

زعفران، قرنفل، دار چینی ہر ایک ایک ماشہ۔ تج، عقر قرحا، بیر بہوٹی، خراطین، جائفل، جاوتری ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی 5 ماشہ۔ شنگرف 5 ماشہ۔ روغن بیضہ مرغ میں کھرل کر کے شہد خالص میں مخلوط اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:

تھوڑا سا عضو پر مل لیا کریں۔ چالیس یوم استعمال کریں۔ اگر دانے پیدا ہو جائیں تو طلاء ترک کر دیں اور روغن بیضہ کی مالش کریں۔

طلائے مجلوق (۳)

مقوی باہ ہے عضو کے تمام نقائص دور کر کے اس میں تندی اور فربہی لاتا ہے۔ عضو مخصوص کا کھول بھی بڑھ جاتا ہے۔ مجرب ہے اور معمولہ مطب ہے۔ جب تیار کیا صدہا مریضوں کو شفا کا پیغام دیا۔

نسخہ:

کباب چینی، ریوند چینی، چوب چینی، عقر قرحا، لونگ، الائچی کلاں، جاوتری، جائفل ہر ایک ایک تولہ۔ سیماب تین تولہ۔ سیماب کو آب میں تین گھنٹہ تک کھرل کریں اور کسی صاف شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال:

تھوڑا سا برگ پان پر مل کر عضو پر لپیٹ دیں اور موٹا کپڑا باندھیں اور بے ضرورت حرکت نہ کریں۔

طلاء مجلوق (۴)

دافع کجی و لاغری مجلوق ہے۔ مقوی باہ بھی ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

Mypdfsite.com

نسخہ:
مردار سنگ، سیماب ہڑتال ورقی سم الفار سفید ہر ایک دو ماشہ باریک کریں۔ شیرہ کٹائی خورد میں کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔ ایک حب سوتے وقت پانی میں گھس کر حشفہ دسیون بچا کر عضو مخصوص پر طلا کریں۔ اوپر ارنڈ یا پان کا پتہ لپیٹ کر کے کچے دھاگے سے مضبوط باندھیں۔ صبح آب نیم گرم سے دھوئیں۔ اگر مذکورہ ادویہ شیر کٹائی سے سولہ پہر کھرل کر کے چار پہر روغن زیتون، نیم پاؤ میں کھرل کریں۔ تو اور بھی اکسیر ہے۔

طلائے مجلوق (۵)

مقوی باہ اور مغلظ بھی ہے۔ عضو مخصوص کے تمام نقائص کو رفع کر دیتا ہے۔ سہل الحصول آسان اور مجرب ہے۔

نسخہ:
مغز پستہ نیم پاؤ۔ مغز حسب السلاطین ساڑھے چھ تولہ۔ نیم کوفتہ کر کے نئے کپڑے کی پوٹلی میں باندھیں۔ آہنی تابہ کو آگ پر رکھیں۔ پوٹلی کو گرم تابہ پر زور سے نوچتے و دبوچتے رہیں۔ حب روغن آنے لگے با احتیاط تمام حاصل کرتے جائیں اور محفوظ رکھیں۔ اگر ایک دو سال پڑا رہنے دیں تو زیادہ مفید اور بے ضرر ہو جاتا ہے۔ اگر تازہ استعمال کریں تو بھی بے حد مفید ہے۔

ترکیب استعمال:
بوقت ضرورت تھوڑا سا حسفہ اور سیون بچا کر عضو پر مالش کریں۔ پان کا پتہ لپیٹ کر کے کچے دھاگے سے باندھیں۔ صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ جب دانے نکل آئیں طلا ترک کر دیں اور روغن زرد کی مالش کریں۔

طلاء درازی و فربہی

عضو مخصوص کو فربہ اور دراز کرتا ہے۔

Mypdfsite.com

نسخہ:

گھونگچی سفید' خراطین' بیر بہوٹی ہر ایک تولہ۔ پوست بیخ مدار 2 تولہ۔ ان کو باریک پیس کر شیر دار ڈیڑھ تولہ میں کھرل کریں اور ایک موٹے کپڑے پر لگا کر خشک ہونے دیں۔ پھر اس کو روغن گاؤ میں تر کر کے بیخ آہنی پر لپیٹ دیں اور سر نیچا کر کے آگ لگائیں۔ اس سے جو تیل ٹپکے گا اس کو محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:

عضو مخصوص پر طلا کر کے اوپر پان یا ارنڈ کا پتہ باندھیں۔ چند دنوں میں تمام شکایات رفع ہو جائیں گی۔

طلاء مطول و سمن

قضیب کو طویل کرنے کے لئے اس نسخہ کا استعمال بہت مفید ہے۔

نسخہ:

خراطین خشک 2 تولہ۔ جونک 7 عدد۔ روغن سرشف' آب ادرک' آب پیاز ہر ایک 10 تولہ سب کو ملا کر پکائیں۔ جب صرف روغن باقی رہ جائے صاف کر لیں۔

ترکیب استعمال:

صبح و شام مالش کر لیا کریں۔

مجرب اور معتبر ہے۔

طلاء مقوی

جلق اور اغلام کے مریض اس طلاء سے فائدہ اٹھائیں۔ نہایت مفید اور مجرب اور جناب حکیم مولوی محمد فضل اللہ صاحب رام پوری کا معمولہ مطب ہے۔

Mypdfsite.com

نسخہ:
مغز کرنجوہ ایک تولہ۔ قرنفل ایک تولہ۔ جائفل ایک تولہ کوٹ چھان کر ہمراہ شیر سینڈھ مساوی کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال:
ایک گولی چند قطرات روغن چنبیلی میں حل کر کے شب کو بقدر 2 رتی۔ حشفہ وسیون بچا کر طلاء کر کے بنگلہ پان باندھیں۔ تین روز حد 5 روز کافی ہے۔ صبح صاف کر دیا کریں۔ اس سے رطوبت خارج ہوگی۔ خفیف طور پر مکھن لگائیں۔ خشکی آجائے گی۔

طلا مقوی باہ (۱)

قضیب کو تقویت دینے میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

گھونگچی سفید، سم الفار سفید، ریگ ماہی ہر ایک چھ ماشہ۔ حب الملوک دو تولہ۔ بیخ کنیر سفید، بیر بہوٹی، خراطین، زہرہ ماہی رہو ہر ایک تولہ۔ مغز پستہ پانچ تولہ۔ ماکنگنی پانچ تولہ سب ادویہ کو ملا کر دس عدد زردی بیضہ مرغ سے کھرل کر کے گولیاں بنائیں اور پتال جنتر سے تیل نکالیں۔

ترکیب استعمال:
یہ تیل رات کو عضو پر ملا کریں۔ اوپر سے برگ پان باندھیں۔

طلاء مقوی باہ (۲)

مقوی باہ و مغلظ ہے۔ مجلوق کے لئے بے حد مفید ہے۔

نسخہ:
سرگیں کبوتر صحرائی پیخال کنجشک خانگی، سیماب عقر قرحا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ شہد 7 ماشہ۔ شیر مدار 10 ماشہ۔ تمام چیزوں کو آہنی کڑھائی میں ڈال کر بارہ پہر کھرل کریں۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال:

سوتے وقت رات کو تھوڑا سا عضو مخصوص پر مل کر ارنڈ کا پتہ لپیٹ دیں۔ سات روز متواتر استعمال کریں۔

طلائے مقوی (۳)

عضو مخصوص کی سستی اور کمزوری کا دافع ہے۔

نسخہ:

برادہ کچلہ 10 تولہ۔ بیر بہوٹی، لوبان، گھونگچی سفید، چربی شیر، نمک چھکنی ہر ایک چھ ماشہ۔ جند بیدستر، شیر تھوہر، سیماب ہر ایک دو تولہ۔ روغن بلساں 3 تولہ۔ سب ادویہ کو ایک ہفتہ شراب دو آتشہ سے کھرل کر کے گولیاں بنائیں اور بذریعہ پتال جنتر نرم آگ پر تیل نکالیں۔

ترکیب استعمال:

یہ تیل عضو تناسل پر طلا کریں۔ تمام نقص دور ہو جائیں گے۔

طلائے مقوی (۴)

مجلوق کے لئے بے حد مفید ہے اور مقوی باہ ہے۔

نسخہ:

سپستاں، مغز تخم بید انجیر، خرد، ہر ایک سہ درم کوٹ کر روغن یاسمین میں ملا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:

نیم گرم عضو تناسل اور خصیوں پر مالش کریں۔ تندی و قوت پیدا ہو جائے گی۔

Mypdfsite.com

طلا مقوی و مبھی خاص

جلق سے عضو تناسل کی جڑ اگر پتلی ہوگئی ہو اور مجامعت میں لطف نہ آتا ہو تو اس طلا کے استعمال سے تمام مذکورہ خرابیاں دور ہو جائیں گی۔ نہایت مجرب ہے۔

نسخہ:

بیر بہوٹی، گھونگچی سفید، زہر مہرہ، بیخ چنبیلی، بیخ چنیہ، بیخ کنگی، بیخ کٹائی، بیخ اونٹ، کٹارہ، بیخ آڑو، چربی شیر، چربی سور، چربی کچھوا، چربی سوس ہر ایک تین تولہ۔ سانڈہ 6 عدد۔ چمگادڑ کلاں ایک عدد۔ جونک 4 عدد۔ سانپ کا مغز ایک عدد۔ نک چھکنی 5 سیر۔ تیل کے گھڑے میں بھر کر روغن کشید کر لیں اور استعمال میں لائیں۔

طلاء مبھی و مقوی خاص الخاص

جناب اکبر حسین صاحب الہ آبادی کا نسخہ ہے جو مجرب بھی ہے اور سہل استعمال بھی۔

نسخہ:

مار سیاہ قیمہ کردہ ایک عدد۔ سانڈھ دو عدد۔ ریگ ماہی 2 عدد۔ خراطین سرخ تازہ 10 تولہ۔ جونک 20 عدد۔ عود کلاں 2 عدد۔ بیر بہوٹی 30 عدد۔ مال کنگنی 2 تولہ۔ کنجشک نر خانگی 3 عدد۔ ہڑتال طبقی 6 عدد۔ سم الفار نیل گنی 3 ماشہ۔ جوہر کچلہ ایک ماشہ۔ شنگرف 2 ماشہ۔ سیماب 2 تولہ۔

تمام اجزاء کو باریک کر کے روغن حاصل کریں۔

ترکیب استعمال:

چار رتی طلاء استعمال کر کے بنگلہ پان نیم گرم باندھیں۔ زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ میں قوت عود کر آئے گی۔ بے حد مجرب ہے۔

Mypdfsite.com

طلاء مقوی باہ

باہ میں حیرت انگیز تقویت پیدا کرتا ہے۔

نسخہ:

عاقر قرحا' دارچینی ہر ایک چھ ماشہ۔ خراطین خشک' مویز ج' پھوکر مول ہر ایک ایک تولہ۔ کنیر' روغن قسط' موم سفید ہر ایک تولہ۔ زفت رومی 3 تولہ پہلے روغن موم کو کڑاہی میں ڈالیں اور گرم کریں۔ پھر زفت رومی ڈالیں اور پھر ادویہ باریک شدہ ملا کر دستہ آہنی سے حل کریں۔ مرہم کی طرح ہوگا۔ بوقت ضرورت قدرے مرہم اور بھیڑ کا دودھ ملا کر آگ پر گرم کریں۔ جب تیل کی طرح ہو جائے۔

ترکیب استعمال:

عضو پر طلا کر کے اوپر برگ پان نیم گرم باندھیں۔ تین چار گھنٹہ کے بعد پھر یہی عمل کریں۔ دن میں تین چار مرتبہ استعمال کریں شام کے وقت عضو کو گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ آٹھ روز استعمال کریں۔

طلاء برق

یہ بھی حکیم اکبر حسین صاحب الہ آبادی کا کامیاب ترین نسخہ ہے جس کے متعلق صاحب موصوف فرماتے ہیں۔ یہ وہ طلاء ہے جس کا نسخہ آج تک میری جانب سے کسی طبی رسالے میں شائع نہیں ہوا۔ میرے خاندان میں یہ نسخہ سلسلہ بسلسلہ چلا آتا ہے۔ میرے استاد جناب سید مہدی حسن صاحب علی اللہ مقامہ طبیب اول شفاخانہ شاہی سے مجھ کو ملا ہے اور جس کا میں نے بہت سے مریضوں پر تجربہ کیا ہے۔ یہ ایک راز ہے جس کو آج ظاہر کیا جاتا ہے۔ دراصل اس نسخہ کو حکیم علوی خاں رحمۃ اللہ علیہ نے بادشاہ کے لئے تیار کیا تھا۔ واقعی یہ چیز بادشاہوں کے لائق ہے۔ محنت سخت ہے لیکن لاگت کچھ نہیں۔ بنایئے اور اس عجیب و غریب شے سے فائدہ حاصل کیجئے اور بندگان خدا کو فائدہ پہنچایئے۔

Mypdfsite.com

نسخہ:

سیماب 3 تولہ۔ مصفی و منقی لے کر جس میں سیسہ یا قلعی یا کسی دھات کی آمیزش نہ ہو سنگ سماق کی کھرل میں ڈال کر ہاتھی دانت کے دستہ سے مسلسل کھرل کریں ایک ماہ میں یا اس سے پہلے پارہ روغن ہو جائے گا۔ پھر اسے احتیاط سے بلوری شیشی میں جس کا ڈھکنا بور کا ہو رکھیں۔

ترکیب استعمال:

وقت ضرورت ایک یا دو رتی سب طرف لگائیں۔ پہلے ہی روز کے استعمال سے شدت کا نعوذ ہوگا۔ لیکن طبیعت پر قابو رکھ کر تین روز مسلسل استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کیسا ہی ست نامرد ہوگا تو وہ بھی مرد کامل بن جائے گا۔

طلاء ملذذ

لذت کا اکسیری نسخہ ہے۔

نسخہ:

زہرہ بطخ نر 4 عدد۔ عطر حنا' کافور' دانہ الائچی خورد برابر ملا کر طلا کریں۔ خشک ہونے پر مشغول ہوں۔ مقصد پورا ہوگا۔

طلاء طلسمی

مریض کے جملہ بیرونی نقائص کی اصلاح و درستی کے لئے درحقیقت طلسمی اثرات ثابت ہوا ہے۔ کجی' سستی' لاغری وغیرہ عوارض کا حکمی علاج ہے۔ نہایت مفید و مجرب اور بے ضرر بے خطا اثرات کا حامل ہے۔

نسخہ:

مال کنگنی' تخم اسپند ہر ایک تین تولہ۔ عقرقرحا 2 تولہ۔ قرنفل' بیر بہوٹی' جائفل'

Mypdfsite.com

جاوتری، حب الملوک ہر ایک تولہ۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر روغن کنجد میں جلائیں اور صاف کر لیں۔ اب اس میں روغن زردی بیضہ مرغ دو تولہ۔ روغن دار چینی ایک تولہ۔ شیر مدار ایک تولہ۔ سم الفار سائیدہ ایک ایک ماشہ چاروں (اقسام) ملا کر اور کچھ عرصہ کھرل کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال:

حسب معمول 4 رتی یہ طلاء لگا کر بنگلہ پان باندھیں۔ اگر دانے نکل آئیں تو اس کا استعمال ترک کر دیں پھر روغن چنبیلی چپڑ دیا کریں۔ دانوں کے افاقہ کے بعد پھر اس کا استعمال شروع کر دیں۔ تین چار مرتبہ استعمال کے بعد اس کا فائدہ محسوس ہونے لگتا ہے۔

عرق گڑہل

مبھی اور مقوی اعضائے رئیسہ فوائد اور منافع کے اعتبار سے عجیب و غریب چیز ہے۔

نسخہ:

گل گڑہل آدھا پاؤ۔ بسباسہ، قرنفل، ثعلب مصری، دار چینی، بھمنین ہر ایک ایک درم۔ کش مش نبات سفید ہر ایک آدھا پاؤ۔ آب باراں 2 سیر۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے ایک شیشی میں ڈالیں اور تین روز تک دھوپ میں رکھیں۔ یہاں تک کہ خوب جوش آ جائے۔ حسب ضرورت استعمال میں لائیے۔

عرق چوب چینی

حکیم مسیح الزماں مرحوم و مغفور کی بیاض خاص کا نسخہ ہے۔ اعضائے رئیسہ یعنی دل و دماغ اور جگر کو تقویت دیتا ہے اور قوت باہ میں حیرت انگیز اضافہ کرتا ہے۔

نسخہ:

چوب چینی پاؤ بھر۔ دار چینی پاؤ بھر۔ صندلین ایک پاؤ۔ مویز۔ (مار) کش مش

Mypdfsite.com

ایک پاؤ عود ہندی ایک پاؤ۔ الائچی کلاں ایک پاؤ۔ قرنفل 2 مثقال۔ مشک ایک مثقال۔
گلاب 10 سیر۔ پانی 5 بطریق معروف 5 سے 7 سیر عرق نکالیں۔

ترکیب استعمال:

ایک کپ صبح نہار منہ۔

قرص مقوی

تقویت باہ اور اعضائے رئیسہ میں بہت مفید ہیں۔

نسخہ:

شقاقل 2 تولہ۔ مایہ شتر، بہمن سفید ہر ایک چھ ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی کو گلاب میں حل کر کے باقی ادویہ ملا کر شہد کے ہمراہ اکیس قرص بنائیں۔

ترکیب استعمال:

ہر روز ایک قرص شیر گاؤ کے ساتھ دیں۔

کشتہ نقرہ

قوت باہ اور سرعت انزال کے لئے بے نظیر ولا جواب ہے۔

نسخہ:

بردہ خالص چاندی سوہن کیا ہوا ایک تولہ۔ عرق بوٹی مونی کھیتی ایک پاؤ میں اس قدر کھرل کریں کہ قرص بنانے کے قابل ہو جائے۔ اس کی ٹکیہ بنا کر بوٹی مذکور کے نسغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے بیس سیر کی آگ دیں۔ سات آنچ میں کشتہ شگفتہ ہو جاتا ہے۔
قبل از استعمال 40 یوم غلہ میں دفن کریں۔

مقدار خوراک:

دو جاول، صبح مکھن یا بالائی میں استعمال کریں۔

Mypdfsite.com

کشتہ نقرہ

قوت باہ اور اشتہا کے لئے مفید ہے اور بدن کو قوت دیتا ہے۔

نسخہ:

کٹائی کے سالم پودے کو کوٹ کر اس کا تمام پانی نکال کر بوتلوں میں بھر دیں۔ جب کثافت تہ نشین ہو جائے تو اس کا سفوف کر لیں۔ برادہ نقرہ جس قدر چاہیں۔ اس پانی سے چار پہر تک کھرل کر کے قرص بنائیں اور ایک سیر اپلوں میں آگ دیں۔ پھر نکال کر بدستور آب کٹائی سے کھرل کر کے آگ دیں۔ چند بار کے عمل سے نقرہ کا عمدہ کشتہ ہو جائے گا۔

مقدار خوراک:

آدھی رتی ہمراہ مکھن دیں۔

لبوب اکبر

مشہور طبیب حکیم علوی خاں کی بیاض خاص کا ندر الوجود نسخہ ہے۔ اعضائے رئیسہ ارواح قوا اور اعضائے تناسل کو تقویت دیتا ہے۔ منی پیدا کرتا ہے اور باہ میں اضافہ کرتا ہے۔ عجیب نسخہ ہے۔

نسخہ:

مغز بادام، مغز فندق مقشر، مغز پستہ مقشر، چلوغوزہ مقشر، مغز خربزہ، مغز نارجیل، مغز نقل خورد ہر ایک پانچ مثقال۔ تودری زرد، زعفران، بزر البنج، مایہ شتر اعرابی، عنبر اشہب ہر گاؤزباں، ماء اللحم، عرق بید مشک ہر ایک تین سیر بدستور تیار کریں۔

ماء اللحم (۱)

مقوی باہ، سمن بدن، مقوی اعضائے رئیسہ، مفرح مغلظ و منشط ہے۔

Mypdfsite.com

نسخہ:

گوشت بز غالہ ساڑھے چار سیر۔ دراج 10 عدد۔ بٹیر 10 عدد۔ کنجشک نر 100 عدد۔ مرغ جوان فربہ 5 عدد۔

تمام کا پیٹ چاک کر کے خوب صاف کر لیں۔

دراچینی، دانہ الائچی خورد، زنجبیل، بادیان، گل سرخ، زیرہ سیاہ، قرنفل، مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ، زعفران چھ ماشہ۔

تمام ادویہ کو نیم کفتہ کر کے گوشت کے ساتھ رکھیں۔ روغن گاؤ بقدر ضرورت میں بھون لیں۔ سرخ ہونے پر دیگ قلعی شدہ میں ڈال دیں۔

عرق گلاب 3 سیر، عرق بید 5 سیر، بہار نارنج دو سیر، عرق گاؤزبان، آب نیشکر، ہر ایک پانچ سیر آب طلاء تاب بقدر ضرورت کو دیگ کے اندر ڈالیں۔

دارچینی، دانہ الائچی، زنجبیل، بادیان شقاقل، مصری، بہمن سفید، بہمن سرخ، ساذج ہندی، باد رنجبویہ، بنفشہ، گل گاؤزبان ہر ایک پانچ تولہ، زرنباد ساڑھے تین تولہ۔ اسارون تین تولہ۔ عنبر اشہب، زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ مشک ساڑھے دس ماشہ نیم کوفتہ کر کے شامل کریں اور بطریق معروف کشید کریں۔

خوراک:

5 تولہ استعمال کریں۔

ماء اللحم (۲)

مقوی قلب و جگر و دماغ مقوی باہ اور اکسیر صفت ہے۔

نسخہ:

سنبل الطیب، ساذج ہندی، بہمن سفید، بہمن سرخ، الائچی خورد، الائچی کلاں، دار چینی، عود صلیب، ترنج، گاؤزباں، زعفران، بوزیدان، اشنہ، صندل سفید، باد رنجبویہ، تخم

Mypdfsite.com

فرنجمشک، کشنیز خشک، زرنباد، درونج عقربی، بادیان، مصطگی، رومی سعد کوفی ہر ایک نو ماشہ۔ ثعلب مصری، شقاقل مصری، گل سرخ، آبریشم مقرض ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ حلوان، جوان چوزہ مرغ، بٹیر ہر ایک دو عدد۔ تیتر سیاہ 7 عدد۔ عرق بید مشک ایک سیر۔ عرق گاؤزبان، آب سیب آب بہی ہر ایک ایک سیر۔ مشک، عنبر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ اضافہ کریں اور بدستور مغرب عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک:

حسب برداشت طبیعت استعمال کریں۔

معین حمل

استقرار حمل کے لئے اکسیر صفت ہے۔

نسخہ:

سونف 20 تولہ۔ ریش پیپل 20 تولہ۔ شکر سرخ 20 تولہ۔ باریک سفوف بنائیں۔ شروع حیض سے میاں بیوی بقدر ڈیڑھ تولہ استعمال کریں۔ دس دن استعمال کر کے گیارھویں دن مواصلت (جماع) کریں۔ اسی روز حمل قرار پائے گا۔ انشاء اللہ بالکل مفید ہے۔ کئی مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔

ممسک لاجواب

نسخہ:

آب پوست، بیخ ڈھاک 4 تولہ میں لونگ ایک تولہ بھگو کر خشک کریں۔ اسی طرح پانچ مرتبہ چار چار تولہ پانی ڈال کر خشک کر لیں۔

ترکیب استعمال:

ان لونگوں میں سے ایک لونگ کھانے سے ایک گھنٹہ اور دو کھانے سے دو گھنٹہ امساک ہوگا۔

ہر 10 عدد۔ کنجشک نر 100

زیرہ سیاہ، قرنفل، مصطگی

گاؤ بقدر ضرورت میں

زبان، آب نیشکر،

بہمن سرخ، ساذج

ن تولہ۔ اساروں

کوفتہ کر کے شامل

لاں، دار

و یہ، تخم

Mypdfsite.com

ممسک بے ضرر

اس مقصد کے لئے عموماً منشی چیزیں کامیاب تسلیم کی جاتی ہیں' جو بعد میں زیادہ نقصان دہ ثابت ہوتی ہیں۔

ذیل کی ترکیب سے تخم لاجونتی استعمال کریں اور دیکھیں کہ کس طرح سے کوڑیوں کے مول کی دوا اشرفیوں کے نسخے' سے زیادہ بلا مضرت فائدہ پہنچاتی ہے۔

نسخہ:

تخم لاجونتی 3 ماشہ۔ مصری 6 ماشہ یہ ایک خوراک ہے۔ متواتر ایک دو ہفتہ اسی طرح صبح و شام سفوف کر کے شیر گاؤ سے استعمال کریں' انشاء اللہ قدرتی امساک ہوگا۔

نوٹ:

اگر کوئی خرابی پہلے سے موجود ہو تو اسے رفع پہلے ہی کر لینا چاہیے۔

مفرح مسیحی

منی کو زیادہ کرتا ہے' مقوی باہ ہے اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ مجرب اور اکسیر صفت ہے۔

نسخہ:

برگ فرنجمشک' گاؤزبان' بادرنجبویہ' تخم خرفہ' گل سرخ ہر ایک ڈیڑھ تولہ' خولنجان' کبابہ قرنفل' جائفل' الائچی خورد' تخم فرنجمشک' پوست ترنج' ثعلب مصری' لسان العصافیر' جاوتری ہر ایک 3 ماشہ' سنبل الطیب' عنبر اشہب' مروارید ناسفتہ' ہر ایک 7 ماشہ۔ زنجبیل' فلفل دراز' گل سیوتی' لعل بدخشانی' کہربا' بسد ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ مشک' ورق نقرہ ہر ایک سوا دو ماشہ۔ باریک کر کے روغن بادام اصلی 10 تولہ میں چرب کریں۔ عسل خالص سہ چند ادویہ کو قوام دیں اور بطریق معروف مفرح تیار کریں۔

Mypdfsite.com

مقدار خوراک:

تین ماشہ۔

مفرح طرب المجالس

انتہائی عجیب وغریب ومفرح ہے، تمام اطبائے ہند اس پر اعتماد کرتے ہیں۔ تقویت باہ، تفریح قلب اور تقویت معدہ میں اپنی نظیر آپ ہے۔ نشاط پیدا کرنے میں بھی لاجواب ہے۔

نسخہ:

مشک خالص ایک مثقال، ورق طلا، ورق نقرہ، یاقوت رمانی لعل بدخشاں، مروارید ناسفتہ، بسد کہربا ہر ایک دو مثقال، عنبر اشہب، گل ارمنی، ہر ایک ایک مثقال، بھمنین دورنج عقربی، باد رنجبویہ، گاؤزبان، گل گاؤزبان، گل سرخ، صندلین، طباشیر، کبابہ، قرنفل، زرنب، دارچینی، برگ شاہ صفرم، تودرین، مرزنجوش، ساذج ہندی، گل بستاں افروز، عود خام سعد کوفی، سنبل الطیب، زعفران، مصطگی، حب الاس ہر ایک 5 مثقال، خصیتہ الثعلب خشخاش سفید ہر ایک 10 مثقال۔ شربت فواکہ جزو اعظم کہلاتا ہے۔ نصف درم کل ادویہ سے سہ چند عسل مقوم میں بطریق معروف معجون تیار کریں اور جزو اعظم کی جگہ روغن قنب استعمال میں لائیں۔ تو اور بھی خوش ذائقہ ہو جائے گا۔

مقدار خوراک:

شام کو کھانا کھانے کے بعد یا بوقت صبح 3 ماشہ سے 6 ماشہ تک ہمراہ شیر تازہ ایک پاؤ استعمال کریں۔

خصوصی نوٹ: اس سے تولید خون بکثرت ہوگا۔ عذا مرغن، جزو بدن ہوگی۔ چہرے

Mypdfsite.com

معجون جریان

یہ دوا جریان بلکہ نامردی تک کے لئے نافع بخش ہے۔

نسخہ:

عاقر قرحا تین تولہ' خولنجان 3 تولہ۔ ثعلب مصری' زعفران' شقاقل' بہمن سرخ' بہمن سفید' تودری سرخ' تودری سفید ہر ایک دو تولہ۔ جاوتری دو تولہ۔ پیپل ڈیڑھ تولہ۔ مصطگی ڈیڑھ تولہ۔ تخم ہلیون اصلی ڈیڑھ تولہ۔ تخم گاجر ایک تولہ۔ مغز بنولہ' مغز بادام' مغز چلغوزہ ہر ایک آٹھ تولہ۔ اسگندنا گوری تین تولہ کنجد سفید 4 تولہ۔ زنجبیل 2 تولہ۔ تخم انجیر 2 تولہ سمندر سوکھا ایک تولہ۔ مشک تبتی 6 ماشہ۔ مصری 50 تولہ۔ شہد 15 تولہ سب کو باریک پیس کر بطریق معروف معجون بنائیں۔

مقدار خوراک:

6 ماشہ سے ایک تولہ صبح و شام۔

معجون دافع سیلان

سیلان منی کو رفع کرتی ہے۔ بھوک خوب لگاتی ہے اور نہایت مقوی ہے۔

مغز تخم کونچ سفید آدھا سیر شاہ جہانی' موصلی سیاہ آدھ سیر شاہ جہانی دار فلفل پاؤ سیر شاہ جہانی گائے کا دودھ پانچ سیر شاہ جہانی۔

تمام اجزا کو کوٹ چھان کر دودھ میں جوش کریں کہ سب دودھ جذب ہو جائے۔ بعدہ دار چینی ایک درم پختہ عقر قرحا' قرنفل الائچی خورد ہر ایک ایک درم پختہ باریک پیس کر شکر سفید ہم وزن ادویہ ملا کر معجون بنائیں۔

خوراک:

دس ماشہ سے 21 ماشہ تک۔

Mypdfsite.com

معجون نقرہ

مسیح الملک حکیم محمد جمیل خاں خلف الرشید مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خاں کی بیاض کا کامیاب ترین نسخہ ہے۔ دل و دماغ اور باہ کو بہت تقویت دیتا ہے۔ خفقان بارد میں مفید ہے۔

نسخہ:

عنبر خالص ایک تولہ۔ مشک خالص ایک تولہ۔ ورق نقرہ 5 تولہ۔ نبات سفید 20 تولہ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک:

صبح و شام ایک ایک ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان۔

معجون سبز

نہایت مغلظ مقوی ہے۔ نیز قدرے ممسک بھی۔

نسخہ:

موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ موچرس، ثعلب مصری، سمندر سوکھ، مغز بادام شیریں ہر ایک 3 تولہ۔ ستاور چھ تولہ۔ زنجبیل، خولنجان ہر ایک ڈیڑھ تولہ، کش مش کو علیحدہ پیس کر اور شکر سفید آدھا سیر کا قوام کر کے شامل کر دیں۔

ترکیب استعمال:

بقدر 2 تولہ شیر گاؤ کے ہمراہ جس میں چھوارے تین عدد جوش دیئے گئے ہوں، استعمال کریں۔

معجون مسیحی

ضعف گردہ، ومثانہ اور سرعت انزال کے لئے نہایت مفید ہے۔ طب یونانی کی

Mypdfsite.com

کامیاب ترین اور مشہور دوا ہے۔

نسخہ:

جوزبوا 4 تولہ۔ آملہ، اذخر مکی، خارخسک، جاوتری، خولنجان، تج، حب بلسان ہر ایک 6 ماشہ۔ تخم مورد ہر ایک 4 تولہ۔ دارچینی، زنجبیل، ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد خالص میں معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک:

7 ماشہ رات کو سوتے وقت۔

معجون کش مش

باہ کو قوت دیتی ہے۔ منی پیدا کرتی ہے اور رقت کو نفع کرتی ہے۔

نسخہ:

موچرس، ثعلب مصری، سمندر سوکھ، موصلی سیاہ، سفید، مغز بادا، ہر ایک پانچ درم۔ ستاور دس درم۔ زنجبیل، خولنجان ہر ایک ڈھائی درم۔ کش مش آدھا سیر۔ قند سفید ایک سیر۔ مقررہ اصول کے مطابق معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال:

دو سے تین تولے تک چھوہارا جوش دیئے ہوئے گاڑھے دودھ میں ایک تولہ کی مقدار ملا کر استعمال کریں۔

معجون پیاز

آلات منی کی برودت جو ضعف باہ واقع ہوتا ہے۔ اس کو بہت زیادہ فائدہ مند اور مجرب ہے۔

Mypdfsite.com

نسخہ:

زنجبیل، شقاقل، خولنجان، تخم جرجیر زرد، تخم ہلیون مساوی الوزن۔ شہد خالص آب پیاز ہر ایک دو چند ادویہ بطریق معروف معجون بنائیں۔

مقدار خوراک:

9 ماشہ۔

معجون اسپند سوختنی

مقوی باہ ہے۔ نعوظ سخت لاتی ہے۔ عضو میں پتھر کی طرح سختی پیدا ہو جاتی ہے۔

نسخہ:

دار چینی، اسپند سوختنی، جائفل، لونگ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ کنجد سیاہ مقشر 2 تولہ باریک کر کے شہد خالص سہ چند وزن میں بطریق معروف معجون بنائیں۔

مقدار خوراک:

ڈیڑھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نیم سیر۔ ترش اشیاء اور جماع سے پرہیز کریں۔

معجون مقوی باہ

جلق، اغلام یا جماع کی زیادتی سے عضو مخصوص کمزور ہو گیا ہو یا کسی دوسری وجہ سے مجامعت کی قابلیت نہ رہی ہو تو اس معجون کو استعمال کریں۔ انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

نسخہ:

دار چینی، ثعلب مصری، شقاقل، جوز بوا، مصطگی، اندر جو، زعفران، دار فلفل، بوزیدان، گلسرخ، بھمنین، تخم ہلیون، تخم گذر ہر ایک دو مثقال۔ مشک ایک دانگ۔ عنبر اشہب ایک دانگ۔ مغز حب القلقل تین درم بھنگ 25 مثقال۔ شہد سہ وزن ادویہ میں معجون بطریق مشہور تیار کریں اور اگر زنجبیل دو مثقال زربنا دو ایک مثقال۔ قرنفل، تخم ترب ہر

Mypdfsite.com

ایک پانچ مثقال اضافہ کریں اور مشک بجائے ایک دانگ کے ایک مثقال ڈالیں تو بہت زیادہ مقوی ہوگی۔

معجون ممسک

کافی امساک پیدا کرتی ہے۔ ضرورت مند اصحاب کے لیے عجیب و غریب چیز ہے۔ نسخہ۔ دار چینی، مصطگی رومی جوزبوا، سنبل، عود ہر ایک ایک ماشہ۔ مشک خالص ایک دانگ کالا دانہ سفید 4 عدد۔ بزر البنج سفید 9 ماشہ۔ کباب چینی 9 ماشہ۔ پوست خشخاش ایک تولہ۔ مایہ شتر اعرابی ڈیڑھ تولہ۔ زعفران 9 ماشہ۔ بلوط ایک تولہ۔ مصری ڈیڑھ سیر شہد ہم وزن ادویہ میں قوام کر کے ملا دیں۔

مقدار خوراک:

5 ماشہ صبح کو ہمراہ دودھ۔

معجون مقوی باہ (۱)

تقویت باہ کے لیے اور اعضائے رئیسہ کے لیے نادر روزگار تحفہ ہے۔

نسخہ:

ثعلب مصری، شقاقل مصری، خرفہ، جوزبوا، خولنجان، دار چینی، قرنفل، عقرقرحا، زنجبیل، موصلی سیاہ ہر ایک نیم درم۔ مغز نارجیل، مغز بادام، مغز چلغوزہ، مغز پستہ ہر ایک آدھا پاؤ۔ شیر مادہ گاؤ پانچ سیر۔ شکر سفید سہ چند ادویہ۔ اول دودھ کا کھویا بنائیں۔ جو بعدہ شکر سفید ملا دیں۔ جب خوب مل جائیں اس وقت سفوف ادویہ ملا کر معجون تیار کریں اور بقدر دو درم صبح کھایا کریں۔ انشاء اللہ خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔

معجون مقوی باہ (۲)

مغلظ شدید ہے۔ مقوی باہ اعلیٰ درجہ کی ہے۔ اگر دس سال کا نامرد بھی چند روز

Mypdfsite.com

استعمال کرے تو ازالہ بکارت پر قابو پالیتا ہے۔

نسخہ:

دارچینی، ثعلب مصری، شقاقل مصری، مصطگی رومی، لسان العصافیر، فلفل دراز، بوزیدان، زنجبیل، زربناد، گل سرخ، بہمن سفید، بہمن سرخ، تخم ہلیون، تخم گذر ہر ایک 9 ماشہ۔ مشک 4 رتی۔ عنبر اشہب ساڑھے تین ماشہ۔ مغز حب القلل، لونگ ہر ایک ساڑھے دس ماشے۔ بھنگ ساڑھے سات تولہ۔ عسل سہ چند بدستور معروف معجون بنالیں۔

معجون مقوی (۳)

دل اور دماغ اور اعصاب کی تقویت کے لیے مجرب النفع اور معمولہ مطب ہے۔

نسخہ:

شقاقل مصری، ثعلب مصری، بہمن سفید، بہمن سرخ، تودری زرد، تودری سرخ، مصطگی رومی، خولنجان، تخم ریحان، تخم ہلیون، تخم بالنگو، مروارید اصلی، دانہ ہیل ہر ایک چھ ماشہ۔ مربہ آملہ 1 عدد۔ آب انار شیریں ڈیڑھ پاؤ۔ شربت سیب 6 تولہ۔ قند سفید آدھا سیر کو عرق گلاب ایک پاؤ میں قوام کر کے مربہ اور تمام ادویہ سائیدہ شامل کر کے۔

مقدار خوراک:

بقدر 9 ماشہ صبح و شام عرق گاؤزبان یا آب تازہ سے استعمال کریں۔

معجون مقوی باہ (۴)

یہ معجون تقویت باہ اور تولید منی اور تغلیظ کے لیے لاجواب ثابت ہوئی ہے۔ کئی مرتبہ کی تجربہ شدہ ہے۔

نسخہ:

آملہ، منقیٰ، اسگندنا گوری، خارخسک خورد، موصلی سینبھل، بھوپھلی، گل ببول، پوست ببول، پوست سنکھا ہولی، بیخ برگد، تال مکھانا، تیج بل، سپستاں، نیم کوفتہ کر کے بیس سیر پانی

Mypdfsite.com

میں جوش دیں۔ تا کہ سب دوائیں گل جائیں۔ پس مل چھان کر اس کا فضلہ نکال کر اور باقی پانی میں عسل خالص نبات سفید شامل کر کے قوام کریں۔ بعدہ مغز پستہ، مغز نارجیل، چرونجی، مغز چلغوزہ، مزفندق، مغز پنبہ دان، مغز تخم انگلن، اندر جو شیریں، ثعلب مصری، شقاقل مصری، گوند ڈھاک، بہمن سفید، بہمن سرخ، موصلی سفید، موصلی سیاہ، بیج بند، گجراتی، طباشر، سیوس اسپغول، مغز تخم تمر ہندی، الائچی خورد، سلیخہ، ستاور، جوزبوا، زنجبیل بسباسہ، زعفران کوٹ چھان کر اضافہ کر کے معجون بنائیں۔

مقدار خوراک:

چھ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

معجون مغلظ

سرعت ورقت کو رفع کرنے میں مجرب المجرب ہے۔

نسخہ:

موصلی سیاہ، مازو سبز، موصلی سینبھل، خارخسک، کمرکس موچرس، صمغ عربی، مصطگی کتیرا، طباشیر، نشاستہ، بہمن سرخ، تالمکھانہ ستاور، موصلی سفید، مرچ دکھنی، الائچی خورد، مغز تخم ہندی کلاں، بیج بند، سیانی کلاں، بھوپھلی ہر ایک ایک تولہ۔ ثعلب مصری، شقاقل چار تولہ۔ ورق نقرہ ایک دفتری کلاں، مصری سفید، شہد خالص سہ چند ادویہ بدستور معجون بنائیں۔

مقدار خوراک:

9 ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ۔

معجون منشی

تقویت باہ اواعضاء رئیسہ امساک منی میں بے نظیر ہے۔

نسخہ:

مروارید ناسفتہ، یاقوت رمانی، مرجان، کہرباء، زمرد سبز عقیق زرد، یاقوت سبز،

Mypdfsite.com

لاجورد مغسول ہر ایک 9 ماشہ۔ اول ان ادویہ کو کھرل کریں۔

گاؤزبان، گل زبان، ابریشم مقرض، بہمن سفید، بہمن سرخ، تودری سفید، تودری زرد، تودری سرخ، شقاقل، مصطگی، قرنفل، خصیتہ الثعلب، دارچینی ہر ایک دو تولہ۔ زعفران، مشک، عنبر اشہب ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ ورق نقرہ، ورق طلا ہر ایک سات ماشہ۔ چوب چینی قسم اول 25 مثقال۔ صندل سفید، گوکھرو خورد تخم خشخاش سفید، تخم ہلیون، مغز پستہ ہر ایک 9 ماشہ۔ شہد ہم وزن ادویہ۔ ترنجبین خراسانی ڈیڑھ تولہ۔ قند سفید ہم وزن ادویہ۔

ترنجبین خراسانی و شہد و قند سفید اول قوام کریں۔ بعدہ روغن حرمل 17 تولہ اس میں شامل کریں اور آخر قوم میں یہ سفوف جملہ ادویہ ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک:

3 تا 6 ماشہ ہمراہ شیر اگاؤ۔

معجون لبوب کبیر

نہایت مقوی باہ اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

نسخہ:

مشک خالص 6 رتی۔ دارچینی، سنبل الطیب، لونگ اسارون، جاوتری، کباب چینی، سعد کوفی، تخم خرفہ، فلفل دراز، عود ہندی، جائفل، نارمشک، عنبر اشہب، زعفران ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ زنجبیل، بوزیدان، قسط شیریں مغز حب الزلم دروبخ، عقربی، حب بلسان، فلفل سفید مغز خربزہ، مغز تخم خیارین، تخم گذر، تخم پیاز، تخم شلغم، تخم رطبہ، خشخاش سفید، مغز خسک دانہ ہر ایک دو تولہ۔ تخم ترہ، تیزک، تخم شبت، تخم گنا، تخم ہلیون ہر ایک ایک سات ماشہ۔ شقاقل مصری، خولنجان، ثعلب مصری، بہمن سفید، وج ترکی، تودری، سرخ لسان العصافیر، ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ حبتہ الخضرا، مغز بادام، مغز پستہ، مغز چلغوزہ، مغز پنبہ دانہ ہر ایک دو تولہ۔ باریک کر کے عسل سہ چند میں بطریق معروف معجون تیار کریں۔

Mypdfsite.com

مقدار خوراک:

9 ماشہ سے ایک تولہ تک۔

دل کی بند شریانیں کھولنے کا نسخہ

آب ادرک مقطر، آب لہسن مقطر، آب لیموں مقطر، سرکہ سیب خالص ہر ایک

2 کپ۔

ترکیب تیاری:

تمام کو ملا کر تام چینی کے برتن میں ڈال کر دھیمی آنچ پر پکائیں جب چھ کپ برابر رہ جائے تو چولہے سے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر اسمیں چھ کپ خالص شہد ملا دیں اور اچھی طرح مکس کر کے شیشے کے برتن میں محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال و مقدار خوارک:

نہار منہ صبح تین چمچے کھانے والے کھائے جاتے ہیں اسی طرح رات کو سوتے وقت، اس کے استعمال سے بہت بہتر نتائج نکلتے ہیں بند شریانیں کھل جاتی ہیں اور اکثر اوقات بائی پاس اپریشن کی بھی ضرورت نہیں رہتی۔

ضروری نوٹ:

یہ نسخہ کم از کم 2 ماہ تک استعمال کیا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ غذائی پرہیز بھی کیا جائے۔ مثلاً چکنائی، بالائی اور تلی ہوئی اشیاء کا استعمال ترک کر دیا جائے اور صبح شام کم از کم 2-3 میل (4-5 کلو میٹر) درمیانی رفتار سے پیدل چلا جائے اور نفسیاتی اسباب اگر کوئی ہوں مثلاً ذہنی تفکرات تو اس کو بھی دور کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ ہی شفا دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ جگر کی صلاح کی طرف بھی توجہ دی جائے۔ اس کتاب میں اصلاح جگر کے بہترین نسخے موجود ہیں حسب حال کوئی نسخہ تیار کر کے استعمال کر لیا جائے۔

Mypdfsite.com

مرہم جذام

جذام کے لیے یہ مرہم بھی اثرات کا حامل ہے۔

روغن چال موگرا ایک درہم۔ مرہم شادہ ایک اونس ملا کر خوب گھوٹیں۔ مرہم تیار ہے۔ انتہائی احتیاط کے ساتھ مقام ماؤف پر لگائیں۔

سر کی بیماریاں

1۔ نسخہ برائے صداع حار:

لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانہ۔ مغز کدو شیریں 3 ماشہ۔ شیرہ تخم خشخاش سفید 3 ماشہ۔ پانی میں نکال کر، مصری 2 تولہ شامل کر کے پئیں۔

- اگر نزلہ بھی ہو تو بہدانہ 3 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ سپستاں 9 دانہ پانی میں جوش دے کر،
- خشکی اور پیاس کی زیادتی میں شیرہ مغز کدو شیریں 3 ماشہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ کا اضافہ کریں۔
- اور اگر کھانسی بھی ہو تو لعوق نزلی آب تربوز والا 7 ماشہ رات کو سوتے وقت کھلائیں۔

صداع بارد بلغمی

گل بنفشہ 7 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ سپستاں 9 دانہ۔ تخم خطمی 7 ماشہ۔ تخم خبازی سات ماشہ۔ گاؤزبان 5 ماشہ۔ جوش دے کر چھان کے شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کر پلائیں۔

صداع معدی

جوارش جالینوس 7 ماشہ۔ ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ تخم کشوث 5 ماشہ۔ شیرہ مویز منقی 9 دانہ پانی میں نکال کر خیرہ بنفشہ 4 تولہ شامل کر پئیں۔

Mypdfsite.com

○ اور اطریفل زمانی 7 ماشہ رات کو سوتے وقت کھلائیں۔

صداع دودی

(پیٹ میں کیڑوں کی وجہ سے سر درد)

کمیلہ سائیدہ 1 ماشہ۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ 1 تولہ یا 7 ماشہ میں ملا کر ہمراہ بہدانہ 3 ماشہ۔ 5 دانہ۔ سپستان 9 دانہ۔ پانی میں جوش دے کر، چھان کے شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کر پئیں۔

○ اور اطریفل شاہترہ 9 ماشہ رات کو سوتے وقت کھلائیں۔

نسخہ برائے دردسر

فوائد:

یہ نسخہ جو نزلہ حار، آشوب چشم، آنکھ اور کان کی گرم بیماریوں اور بخار کی حرارت کو تسکین دینے کے لئے بھی مستعمل ہے۔

(i) لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ۔ پانی یا عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

(ii) کبھی تبرید و تسکین کی زیادتی کے لئے عرق گاؤزبان کی بجائے عرق مرکب مصفی خون 12 تولہ اور شربت بنفشہ کی بجائے شربت توت سیاہ 2 تولہ دیتے ہیں۔

(iii) گلے کے درد کی رعایت سے شربت توت سیاہ 2 تولہ دیا جاتا ہے۔

(iv) اور دردسر کی تسکین کے لئے گل بنفشہ 6 ماشہ یا تخم کاہو 6 ماشہ۔ یا پوست الائچی کلاں 6 ماشہ یا خاکسی 6 ماشہ یا برگ بنفشہ 6 ماشہ پانی میں پیس کر سر پر لیپ کراتے ہیں۔

6۔ نقوع برائے نزلہ و زکام بارد

خواہ اس کے ساتھ بخار ہو یا نہ ہو۔ یہ نسخہ اس وقت بھی استعمال کیا جاتا ہے جب

Mypdfsite.com

کہ سرد بلغمی مواد کا نضج مطلوب ہو۔

گل بنفشہ 7 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ سپستاں 9 دانہ۔ تخم خطمی، تخم خبازی ہر ایک 7 ماشہ۔ گاؤزبان 5 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح مل چھان کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

○ اگر کھانسی بھی ہو تو اصل السوس 5 ماشہ کا اضافہ کریں۔

جوشاندہ برائے نزلہ حار

جو کھانسی اور پسلی کے درد کو بھی مفید ہے۔

بہدانہ 3 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ سپستاں 9 دانہ پانی میں ہلکا سا جوش دے کر، چھان کے شربت بنفشہ 2 تولہ شامل کر کے پلائیں۔

(الف) کبھی اخراج مواد کے لئے بہدانہ کی بجائے گل بنفشہ، تخم خبازی ہر ایک 7 ماشہ دیتے ہیں۔

(ب) خون تھوکنے کی صورت میں گیرو، سنگجراحت ہر ایک ایک ماشہ۔

(ج) اور تقویت دماغ کے لئے خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا 5 ماشہ یا خمیرہ گاؤزبان سادہ ایک تولہ۔ بورق نقرہ پیچیدہ 1 عدد کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

(د) دماغ کو ٹھنڈک اور تری پہنچانے کی غرض سے شیرہ مغز کدو شیریں 3 ماشہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ۔

(ہ) اور کھانسی کے لئے لعوق نزلی آب تربوز والا 7 ماشہ دیتے ہیں۔

(و) سرفہ نزلی اور انصباب نزلہ کو روکنے کے لئے گوند کتیرا، رب السوس ہر ایک ایک ماشہ۔ سائیدہ خمیرہ خشخاش 1 تولہ۔ بورق نقرہ پیچیدہ 1 عدد یا لعوق معتدل 7 ماشہ یا لعوق نزلی آب تربوز والا 7 ماشہ مذکورہ جوشاندہ کے ہمراہ دیا جاتا ہے۔

سل

فوائد: جو نزلہ اور کھانسی کے علاوہ رقیق کو گاڑھا کرنے اور انصباب نزلہ کو روکنے میں

Mypdfsite.com

معمول ہے۔

گوند' کتیرا' رب السوس' شکر تیغال' سرطان محرق ہر ایک ایک ماشہ۔ پیس کر خمیر خشخاش 1 تولہ میں ملا کر ہمراہ بہدانہ 3 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ سپستاں 9 دانہ پانی میں جوش دے کر' چھان کے شیرہ کو کنار 1 عدد اضافہ کر کے پلائیں۔

تقویت دماغ

فوائد: جو گرم نزلہ اور خشک کھانسی میں مفید ہے۔

خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ بورق نقرہ پیچیدہ 1 عدد ہمراہ شیرہ عناب 5 دانہ۔ لعاب برگ گاؤزبان 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

(i) ترطیب دماغ کے لئے شیرہ مغز تخم کدو شیریں 3 ماشہ۔

(ii) اور تبخیر و قبض کی رعایت سے شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ خمیرہ بنفشہ 4 تولہ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

حریرہ برائے تقویت دماغ

فوائد: جو دماغ کی خشکی کو دور کرنے کے لئے مفید اور نزلہ کھانسی کے لئے نافع ہے۔

مغز بادام شیریں 5 دانہ۔ مغز کدو شیریں' مغز تخم تربوز' صمغ عربی نشاستہ' تخم خشخاش سفید ہر ایک 3 ماشہ۔ مصری 2 تولہ پانی میں پیس کر' آگ پر حریرہ بنا کے کھلائیں۔

(i) انصباب نزلہ کو روکنے کے لئے کوکنار 1 عدد۔

(ii) اور ترطیب زائد کے لئے شیر برنج 20 تولہ یا شیر گاؤ 20 تولہ بڑھاتے ہیں۔

نزلہ بند

گوند' کتیرا' افیون' زعفران' بزر الخ' مرمکی ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو پیس کر انڈے کی سفیدی 1 عدد میں لت کریں اور روپیہ کے برابر کاغذ کتر کے اس میں سوئی سے

Mypdfsite.com

سوراخ کر کے لیپ کریں اور دونوں کنپٹیوں پر چپکا دیں۔

تلئین برائے سرسام

گل بنفشہ 7 ماشہ۔ عناب' آلو بخارا ہر ایک 5 دانہ۔ تخم خطمی' تخم خبازی ہر ایک سات ماشہ۔ گاؤزبان 5 ماشہ۔ سنا مکی 7 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح مل کر چھان کر' خمیرہ بنفشہ' گلقند' ترنجبین خراسانی ہر ایک 4 تولہ شامل کر کے پلائیں۔

- اگر دست نہ آئے' تو حقنہ یا شافہ استعمال کرائیں۔

اور مرغ کا پیٹ چاک کر کے' یا جھینگا مچھلی پیس کر یا مونگ کی روٹی سر پر باندھنا مفید ہے۔

صرع (مرگی)

جدوار خطائی' عود صلیب ہر ایک ایک ماشہ۔ پیس کر خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا 5 ماشہ میں ملا کر ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ۔ عرق بادیان یا عرق عنب الثعلب ہر ایک 6 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملا کر شام کے وقت پلائیں۔

اور صبح کے وقت برگ گاؤزبان' گل گاؤزبان ہر ایک 3 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ شہد خالص 2 تولہ پانی میں جوش دے کر' چھان کے پلائیں۔

- اگر فائدہ نہ ہو' تو منضج پلا کر مغز املتاس کے دو مسہل دیں اور تیسرے مسہل میں حب ایارج سے تنقیہ کریں۔

منضج برائے صرع

گل بنفشہ 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ بیخ کاسنی' بادیان ہر ایک 7 ماشہ۔ گاؤزبان' عود صلیب نیم کوفتہ ہر ایک 5 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح مل چھان کر خمیرہ بنفشہ

Mypdfsite.com

4 تولہ ملا کے پلائیں

○ کبھی پرسیاؤشاں' اصل السوس مقشر ہر ایک 5 ماشہ۔ تخم خطمی' تخم خبازی ہر ایک 7 ماشہ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

ام الصبیان

جدوار خطائی' عود صلیب ہر ایک 2 سرخ۔ عرق بادیان 1 تولہ میں پیس کر حلق میں ٹپکائیں۔ حلتیت' جند بیدستر' عاقرقرحا سنگھائیں۔ انسان کی جلی ہوئی ہڈی کا سعوط ناک میں کرائیں اور طبیعت کی تلئین کریں۔

حب برائے ام الصبیان

صبر زرد' جند بیدستر' کندر ہر ایک ایک ماشہ پیس کر سرسوں کے برابر گولیاں بنائیں۔

دو مہینہ کے بچہ کو ایک گولی۔ چھ مہینے کے بچہ کو تین گولیاں اور نوبت کے دن دو تین بار دیں۔

گولیاں برائے ام الصبیان

ٹیٹری کے انڈے کی زردی کورے برتن میں بریاں کر کے گولیاں بنائیں۔

دو سال کے بچے کو نصف مونگ اور دو سال سے زائد عمر کے بچہ کو مونگ کے برابر ماں کے دودھ میں حل کر کے دیں۔

فالج ولقوہ

جو تین دن کے بعد دیا جاتا ہے۔

○ خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا ایک تولہ ہمراہ اسطوخودوس' بادرنجبویہ ہر ایک 3 ماشہ۔ شہد خالص 2 تولہ پانی میں جوش دے کر چھان کے پلائیں۔

Mypdfsite.com

- آٹھویں دن منضج کا نسخہ صبح اور اوپر کا نسخہ شام کے وقت دیں۔
- سولھویں دن گرم مسہل اور حب ایارج سے تنقیہ کریں اور تنقیہ کے بعد مذکورہ نسخہ دوبارہ پلائیں یا خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا یا خمیرہ آبریشم عود مصطگی والا یا معجون فلاسفہ یا معجون اذاراقی یا معجون فولاد استعمال کرائیں۔
- مالش کے لئے روغن قسط یا روغن سرخ یا دوسرے گرم اور محلل روغن تجویز کرنے چاہئیں۔
- لقوہ میں جوزبوا منہ میں رکھوائیں اور عود صلیب 1 ماشہ پیس کر تریاق فاروق 1 ماشہ میں ملا کر لیپ کرائیں۔

منضج برائے فالج ولقوہ وخدر

بیخ بادیان 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ بیخ اذخر، بیخ کرفس، بادیان ہر ایک 7 ماشہ۔ انجیر زرد 3 عدد۔ اصل السوس، گاؤزبان، اسطوخودوس، پرسیاؤشاں ہر ایک 5 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح مل چھان کر شہد خالص 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

- مسہل کے دن برگ سناء مکی 7 ماشہ۔ مغز فلوس خیارشنبر، گلقند، ترنجبین خراسانی، شکر سرخ، خمیرہ بنفشہ ہر ایک 4 تولہ۔ شیرہ مغز بادام شیریں اضافہ 5 دانہ کریں۔
- اسی طرح تین سادے مسہل دے کر دو حب ایارج کے مسہل دیں اور جس دن حب ایارج دیں۔ اس دن مغز فلوس اور مغز بادام مسہل کے نسخہ میں سے نکال دیں۔

مالیخولیا وخفقان وتقویت قلب

آملہ مربہ شستہ، ورق نقرہ پیچیدہ ہر ایک ایک عدد۔ ہمراہ شیرہ کشنیز خشک، شیرہ صندل سفید ہر ایک 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 6 تولہ۔ عرق کیوڑہ تین تولہ۔ عرق بید مشک 3

Mypdfsite.com

تولہ میں نکال کر شربت سیب شیریں 2 تولہ ملا کے پلائیں۔
کبھی آملہ مربہ کی بجائے مفرح بارد 5 ماشہ اور قبض وتبخیر کی رعایت سے ہلیلہ مربہ دیا جاتا ہے۔

مالیخولیائے مراقی

دواء المسک معتدل 5 ماشہ ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ مویز منقی 9 دانہ۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ۔ عرق عنبر 4 تولہ۔ عرق گذر، عرق ماء اللحم کاسنی مکووالا ہر ایک 5 تولہ میں نکال کر گلقند یا خمیرہ بنفشہ ہر ایک 4 تولہ اس میں مل کے چھان کے پلائیں۔

آنکھ کی بیماریاں

رمد

جو آنکھ کی گرم بیماریوں میں حرارت کی تسکین اور تبرید کے لئے معمول ہے۔
اطریفل کشنیز 1 تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان 12 تولہ رات کو سوتے وقت کھلائیں۔

دردوسرخی چشم

لودھ پٹھانی، آملہ خشک ہر ایک 3 ماشہ۔ دونوں کو گھی میں بریاں کر کے ٹھنڈے پانی میں پیس لیں اور آنکھ کے چاروں طرف لیپ کر دیں۔
نوٹ: احتیاط رکھیں کہ دوا آنکھ کے اندر نہ جانے پائے۔

رمد حار

پھٹکری بریاں، گل ارمنی، صندل سرخ، افیون، زعفران ہر ایک 1 ماشہ۔ سبز مکو کے پانی میں پیس کر ضماد کریں۔

حب سبز رمد جیسے امراض چشم کی مختلف اقسام اور حب سرخ رمد بلغمی کے لئے

Mypdfsite.com

دقیقہ کے بعد مفید ہے۔
چکنی دوا ابتدائے نزول میں مستعمل ہے۔

ورم وسرخی چشم

جو کسی دوا سے نہ جاتے ہوں۔
کھہ، سفید رسوت افیون، پھٹکری بریاں ہر ایک 3 ماشہ۔ سب کو پیس کر عرق لیموں دو تولہ کاغذی میں پکا کر گولیاں بنالیں۔
ضرورت کے وقت پانی میں گھس کر آنکھ کے چاروں طرف لیپ کریں۔

ابتدائے رمد

رسوت، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک 3 ماشہ۔ پانی میں پیس کر آنکھ کے چاروں طرف لیپ کریں۔

کان کی بیماریاں

درد گوش حار

لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ۔ پانی یا عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکال کر سربت بنفشہ 2 تولہ ملا کے پئیں۔
تبرید و تسکین کی زیادتی کے لئے شیرہ مغز کدو شیریں 3 ماشہ بڑھائیں۔ مہاور 1 ماشہ۔ بکری کے دودھ 6 ماشہ میں حل کر کے کان میں ٹپکائیں۔

- روغن ترب بھی اس باب میں مفید ہے۔
- آب برگ سکھ درشن درد گوش کی مختلف قسموں میں مستعمل ہے۔

قرحہ گوش (کان کا زخم)

تجیر کی رعایت سے ہلیلہ

ہ مویز منقی 9 دانہ۔
دوالا ہر ایک 5 تولہ
لائیں۔

ہے۔
کھلائیں۔

رے

Mypdfsite.com

فوائد: جوکان کو پیپ سے پاک وصاف کرتی ہے اور اس درد کے لئے مفید ہے۔ جوکان میں پیپ کے جمع ہونے سے پیدا ہوتا ہے۔

بادیان 1 تولہ۔ شہد خالص 2 تولہ۔ پانی میں جوش دے کر چھان کے پہلے کان کو اس سے دھوئیں۔ اس کے بعد پرانی روئی کا فتیلہ بنا کر اسے شہد میں آلودہ کر کے انزروت ایک ماشہ اس پر چھڑک کر کان میں رکھیں۔

دوا برائے درد گوش

جو ورم سے ہو۔

عنب الثعلب خشک، جدوار، صندلین، رسوت، گل ارمنی ہر ایک 6 ماشہ۔ سبز دھنیے کے بقدر ضرورت پانی میں پیس کر کان کے چاروں طرف لیپ کریں۔

دواء سماعت

جو سماعت کے جاتے رہنے یا اونچا سنائی دینے کی حالت میں مفید ہے۔

آب انار ترش 9 ماشہ۔ جو گودے سمیت نچوڑا گیا ہو۔ انار کے چھلکے کو اس پانی میں جوش دے کر، مل چھان کے سرکہ 6 ماشہ۔ روغن گل 1 تولہ۔ کندر 3 ماشہ میں پھر جوش دیں۔ جب پانی جل کر صرف روغن باقی رہ جائے۔ چھان کے کان میں ٹپکائیں۔

قروح گوش

قطران 2 ماشہ۔ شہد 6 ماشہ میں حل کر کے کان میں نیم گرم ٹپکائیں۔

تقیح سدہ و طنین و دوی

برنجاسف، مرزنجوش، تخم شبت، گل بابونہ، برگ سداب ہر ایک 3 ماشہ پانی میں جوش دے کر بھپارہ لیں۔

Mypdfsite.com

درد گوش

عنب الثعلب، گل بنفشہ کو کنار ہر ایک ایک تولہ گائے کے دودھ میں جوش دے کر اس کی بھاپ کان میں پہنچائیں۔

منہ، زبان، مسوڑھوں اور دانتوں کی بیماریاں

لکنت زبان

مصطگی، کندر ہر ایک ایک ماشہ۔ دونوں کو پیس کر ضمیرہ ابریشم حکیم ارشد 5 ماشہ میں ملا کے ہمراہ اسطوخودوس، بادرنجبویہ ہر ایک 3 ماشہ شہد خالص 2 تولہ پانی میں جوش دے کر، چھان کے پلائیں۔

اکثر اقسام قلاع

زرورد، کتھ سفید، دانہ ہیل، کباب چینی، طباشیر ہر ایک 3 ماشہ سفید کوٹ چھان کر منہ میں چھڑکیں۔

○ کبھی اس میں کافور کا اضافہ بھی کر دیا جاتا ہے۔

قلاع بلغمی

بھوڑل کشتہ، دانہ ہیل، کشنیز خشک سوختہ، پھٹکری بریاں ہر ایک 3 ماشہ۔ کوٹ چھان کر ذرور کریں۔

درد دنداں

عاقر قرحا، فلفل سیاہ، خردل، قرنفل، نمک طعام، نوشادر ہر ایک 3 ماشہ۔ کوٹ چھان کر منجن بنائیں اور دانتوں پر ملیں۔

ے اور اس ... لئے مفید ہے۔ جو کان

... جوش دے کر، چھان کے پہلے کان کو
... اے شہد میں آلودہ کر کے انزروت

... ارمنی ہر ایک 6 ماشہ۔ سبز
... پ کریں۔

... مفید ہے۔
... کے چھلکے کو اس پانی
... ماشہ میں پھر جوش
... ئیں۔

... پانی میں

Mypdfsite.com

سنون تمباکو

تمباکو خشک' عاقرقرحا' فلفل سیاہ' نمک لاہوری ہر ایک 6 ماشہ۔ کوٹ چھان کر منجن بنائیں۔

ترکیب استعمال:

صبح اور رات کو سوتے وقت دانتوں پر ملیں۔

استحکام دنداں

پوست ببخ ببول 4 تولہ۔ سنگ جراحت' کتھ پاپڑیا' سپاری ہر ایک ایک تولہ۔ فلفل سیاہ' زنجبیل ہر ایک ایک ماشہ۔ کوٹ چھان کر رکھیں۔ وقت ضرورت دانتوں پر ملیں اور چار گھڑی پانی نہ پینے دیں۔

لثہ وامیہ

مصطگی رومی' جفت بلوط ہیراکیس' اقاقیا' کندر' مازو سبز ہر ایک 6 ماشہ۔ کوٹ چھان کر منجن بنائیں۔

طریقہ استعمال:

صبح اور رات کو سوتے وقت دانتوں پر ملیں اور 10 منٹ تک منہ ڈھیلا چھوڑ دیں۔

مضمضہ برائے درد دنداں

جو کیڑوں کی وجہ سے ہو۔

باؤبڑنگ 1 تولہ پانی میں جوش دے کر اس سے کلیاں کرائیں۔

Mypdfsite.com

حلق اور سینہ کی بیماریاں

درد گلو و خناق

شیرہ عناب 5 دانہ۔ لعاب بہدانہ شیرہ تخم کاہو مقشر ہر ایک 3 ماشہ۔ پانی میں نکال کر شربت توت سیاہ 2 تولہ شامل کر کے پلائیں۔

غرغرہ برائے درد گلو و خناق

گلنار 4 ماشہ۔ کوکنار 4 عدد۔ عدس مسلم 1 تولہ۔ کزمازج، عنب الثعلب خشک، کشنیز خشک ہر ایک 6 ماشہ پانی میں جوش دے کر، چھان کے نیم گرم غرغرہ کرائیں۔

غرغرہ دیگر

عدس مسلم 1 تولہ۔ پوست خشخاش 2 تولہ پانی میں جوش دے کر غرغرہ کرائیں۔

غرغرہ

جوورم حلق کی ابتداء میں مستعمل ہے۔

عناب 9 دانہ۔ عدس مسلم، عنب الثعلب خشک ہر ایک 9 ماشہ۔ پانی میں جوش دے کر، چھان کے غرغرہ کرنے کی ہدایت کریں۔

غرغرہ

جوخناق کے تین دن بعد استعمال کیا جاتا ہے۔

مغز فلوس خیارشنبر 3 تولہ۔ گائے کے دودھ 15 تولہ میں جوش دے کر غرغرہ کرائیں۔

ہر ایک 6 ماشہ۔ کوٹ چھان کر

ی ہر ایک ایک تولہ۔
درت دانتوں پر ملیں

6 ماشہ۔ کوٹ

موڑ دیں۔

Mypdfsite.com

غرغرہ خناق

جو گلے کے درد اور گرم خناق میں معمول ہے اور اگر زبان میں دانے ہو گئے ہوں، تو بھی اس سے کلیاں کرانا مفید ہے۔

دواء برائے ورم حلق

ضماد محلل بقدر حاجت مقام ورم پر نیم گرم لیپ کریں۔

دواذات الجنب

پسلی کے درد اور اس دمہ کے لئے مفید ہے جو ربح غلیظ اور بلغم لزج سے پیدا ہوتا ہے۔ قیروطی آرد کرسنہ بقدر حاجت سینہ پر لیپ کریں۔

دوا قطع

دمہ اور سعال بارد جو نزلہ سے ہو کے لئے مفید ہے۔ سینہ اور پھیپھڑے پر چمٹے ہوئے بلغم کو اکھیڑتی اور خارج کرتی ہے۔

گاؤزبان، گل گاؤزبان ہر ایک 3 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ مصری 2 تولہ۔ پانی میں جوش دے کر چھان کے پلائیں۔

○ اور اس ہچکی کے لئے، جو بلغم کی چسپیدگی سے ہو جدوار 1 ماشہ پیس کر خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ سادہ ورق نقرہ 1 عدد میں پیس کر اضافہ کرتے ہیں۔

سرفہ ودمہ

جو سینہ اور پھیپھڑے کے گرم مواد کو خارج کرتی ہے۔

لعوق معتدل 7 ماشہ ہمراہ لعوق سپستاں 2 تولہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولہ میں ہلکا سا جوش دے کر بغیر چھانے پئیں۔

Mypdfsite.com

جمی ہوئی بلغم کو پتلا کر کے خارج کرنا

تخم کتاں 9 ماشہ۔ مصری 2 تولہ پانی میں جوش دے کر چھان کے پینے کی ہدایت کریں۔

دل کی بیماریاں

تقویت قلب وخفقان

مفرح بارد 5 ماشہ۔ بورق نقرہ پیچیدہ 1 عدد۔ ہمراہ عرق گزر 12 تولہ۔ مصری 2 تولہ ملا کر پلائیں۔

شدر حرارت کے وقت مفرح بارد 5 ماشہ۔ یاخمیرہ صندل 7 ماشہ ہمراہ شیرہ صندل سفید، شیرہ کشنیز خشک ہر ایک 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 8 تولہ۔ عرق کیوڑہ 4 تولہ میں نکال کر شربت سیب شیریں 2 تولا کے پلائیں۔

کبھی جگر کی اصلاح اور دستوں کو روکنے کے لئے۔

مفرح بارد 5 ماشہ یا خمیرہ صندل 7 ماشہ ہمراہ شیرہ زرشک، شیرہ تخم خرفہ سیاہ ہر ایک تین ماشہ۔ شربت انار شیریں 2 تولہ شامل کر کے پلائیں۔

تقویت قلب ومعدہ ومالیخولیا وخفقان

دواءالمسک معتدل سادہ 7 ماشہ یا دواءالمسک معتدل جواہر والی 5 ماشہ ہمراہ عرق عنبر 4 تولہ۔ عرق گاؤزبان 8 تولہ۔ شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

- اگر معدہ کی تقویت زیادہ منظور ہو، تو ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ عرق بادیان، عرق عنب الثعلب ہر ایک 6 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ یا مصری 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

Mypdfsite.com

خفقان وغشی

زہرمہرہ بنسلوچن، اناردانہ، سماق، جدوار، زرورد، کہرباء شمعی، یشب سبز ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو پیس کر خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا 5 ماشہ یا خمیرہ مروارید 5 ماشہ میں ملا کے ہمراہ آب ناشپاتی، آب انار، آب سیب شیریں ہر ایک 4 تولہ۔ ہمراہ لعاب برگ گاؤزبان 3 ماشہ۔ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ مویز منقی 9 دانہ۔ عرق گاؤزبان، عرق بید مشک، عرق کیوڑہ ہر ایک 3 تولہ۔ عرق گلاب 3 تولہ میں نکال کر شربت سیب شیریں 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

ضعف قلب وتسکین حرارت وخفقان وتبخیر معدہ

زہرمہرہ بنسلوچن ہر ایک 1 ماشہ پیس کر دواء المسک 5 ماشہ میں ملا کے ورق نقرہ ایک عدد لپیٹ کر ہمراہ شیرہ کش مش سبز 11 دانہ۔ شیرہ کشنیز خشک 3 ماشہ۔ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 6 تولہ۔ عرق عنبر 4 تولہ۔ عرق گزر 6 تولہ میں نکال کے شربت سیب شیریں 2 تولہ ملا کر پلائیں۔

خفقان حار وتسکین حرارت قلب وسل ودق وسرفہ خشک

خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا 5 ماشہ۔ لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ مغز تخم کدو شیریں 3 ماشہ۔ خمیرہ عناب 5 دانہ۔ شیرہ مغز تربوز 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکال کر شربت سیب شیریں 2 تولہ ملا کے تخ فرنجمشک 3 ماشہ اس پر چھڑک کے پلائیں۔

معدہ کی بیماریاں

دواء ہاضمہ

ہاضمہ کی خرابی اور کمی کے آغاز میں مفید ہے۔

شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ مویز منقی 9 دانہ۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ۔ عرق بادیان، عرق عنب الثعلب ہر ایک 6 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ اس میں مل چھان کے پلائیں۔

Mypdfsite.com

- کبھی اس بچکی کے لئے' جو فساد غذا سے ہو۔ مصطگی رومی' عاقر قرحا ہر ایک ایک ماشہ۔ پیس کر جوارش کمونی میں ملا کے اس نسخہ میں اضافہ کرتے ہیں۔
- بلغمی مواد کی رعایت سے شیرہ انیسوں 3 ماشہ بڑھاتے ہیں۔
- اور اگر معدہ کی تبخیر سے دردسر بھی ہو' تو خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ' ورق نقرہ 1 عدد پیچیدہ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔
- ریح اور پیٹ کے درد کی رعایت سے جوارش کمونی 1 تولہ ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ۔ شیرہ انیسوں 3 ماشہ اور بجائے خمیرہ بنفشہ 4 تولہ گلقند 4 تولہ دیتے ہیں۔
- اور اگر قبض ہو' تو شربت ورد مکرر یا شربت دینار ہر ایک 4 تولہ بھی بڑھا دیتے ہیں۔

احشاء کے اوام' پیٹ کی سختی اور پرانے بخار کی رعایت سے عرق بادیان کی بجائے شیرہ عنب الثعلب 3 ماشہ۔ عرق برنجاسف 12 تولہ داخل کرتے ہیں۔

- معدہ کی کمزوری اور اعضائے رئیسہ کی تقویت کے لئے' دواء المسک معتدل 5 ماشہ۔ ورق نقرہ 1 عدد پیچیدہ اضافہ کرتے ہیں۔

خلل شکم

معدہ' جگر' تلی اور رحم کے اکثر سرد بلغمی امراض' بلغمی بخاروں پیٹ کی سختی اور احشاء کے اورام وغیرہ میں مفید ہے۔

گل بنفشہ 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ بیخ کاسنی' بادیان ہر ایک 7 ماشہ۔ گاؤزبان پانچ ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملا کے پی لیں۔

(الف) نزلہ اور کھانسی کی رعایت سے تخم خطمی' تخم خبازی ہر ایک 7 ماشہ۔

(ب) کھانسی کی رعایت سے اصل السوس 5 ماشہ۔

(ج) تلی کی رعایت سے مجیٹھ 5 ماشہ۔ انجیر زرد 5 دانہ۔

Mypdfsite.com

(د) آنتوں کی خراش کی رعایت سے ریشہ خطمی 7 ماشہ۔

(ہ) صفرا کی رعایت سے آلو بخارا 5 دانہ۔

(و) فسادِ خون کی رعایت سے برگ شاہترہ 7 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔

(ز) قبض کی رعایت سے گل سرخ 7 ماشہ۔

(خ) احشاء کے اورام کی رعایت سے آب عنب الثعلب سبز مروق 4 تولہ۔ آب کاسنی سبز مروق 4 تولہ۔

(ط) مجاری بول کی تفتیح اور بلغم کے نضج کی رعایت سے بیخ بادیان، بیخ اذخر، بیخ کرفس ہر ایک 5 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔

(ی) ادار اور جگر کے سدہ کی تفتیح کی رعایت سے تخم کاسنی 7 ماشہ۔ تخم خیارین 5 ماشہ۔ تخم خربزہ، خارخسک ہر ایک 7 ماشہ۔

(ک) اوریرقان کی رعایت سے آب برگ ترب سبز مروق 5 تولہ بھی بڑھاتے ہیں۔

(ل) تلئین کے لئے برگ سناء مکی 7 ماشہ۔ گلقند، ترنجبین، شکر سرخ ہر ایک 4 تولہ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

نضج بلغم و تحلیل و درد شکم

جوارش جالینوس 7 ماشہ۔ ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ۔ گلاب بارہ تولہ یا عرق بادیان، عرق مکو 6 تولہ میں نکال کر گلقند 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

- سبب قوی ہو، تو شیرہ انیسوں، شیرہ تخم کرفس ہر ایک 3 ماشہ بھی شامل کر دیتے ہیں۔
- اور کبھی رفع قبض کے لئے شربت ورد مکرر، شربت دینار ہر ایک 2 تولہ بڑھا دیتے ہیں۔

Mypdfsite.com

فم معدہ

فم معدہ کے اس درد کے لئے مفید جو برودت سے ہو۔

مصطگی' جدوار ہر ایک 1 ماشہ پیس کر جوارش جالینوس 7 ماشہ میں ملا کے ہمراہ عرق بادیان' عرق عنب الثعلب ہر ایک 6 تولہ۔ گلقند 4 تولہ اس میں مل چھان کر پئیں۔

ہیضہ وبائی وقے صفراء کراثی وزنگاری

زہر مہرہ' بنسلوچن' سماق' انار دانہ بریاں' زرورد ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو پیس کر جوارش عود شیریں 7 ماشہ میں ملا کر ہمراہ شیرہ زرشک 3 ماشہ۔ شیرہ آلو بخارا 5 دانہ۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ۔ لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ عرق کیوڑہ عرق بید مشک' گلاب ہر ایک چار تولہ میں نکال کر شربت غورہ' یا سکنجبین یا شربت لیموں ہر ایک 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

چٹنی برائے قئے وغثیان

زہرہ مہرہ' بنسلوچن' پوست ترنج' انار دانہ' سماق' زرشک' صندل سفید ہر ایک ایک ماشہ۔ سب دواؤں کو پیس کر شربت انار' یا شربت لیموں یا شربت غورہ ہر ایک دو تولہ میں لت کر کے چٹنی بنائیں اور چٹائیں۔

فساد غذاء وقبض شکم

جوارش کمونی 1 تولہ ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ مویز منقی 9 دانہ۔ شیرہ تخم کشوث تین ماشہ۔ عرق بادیان' عرق عنب الثعلب' گلاب ہر ایک 4 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ' گلقند ہر ایک 4 تولہ اس میں مل چھان کر پلائیں۔

- اگر تلئین طبع منظور ہو' تو شربت ورد مکرر 4 تولہ یا شربت دینار 4 تولہ شامل کریں۔

Mypdfsite.com

- اس سے فائدہ نہ ہو۔ تو تربد مجوف 5 ماشہ۔ سناء مکی 7 ماشہ باریک پیس کر گلقند 2 تولہ میں گولی بنا کر گلاب نیم گرم کے ساتھ کھلائیں۔
یا نمک طعام 3 ماشہ۔ تمر ہندی کہنہ 8 تولہ پانی میں جوش دے کر، چھان کے سناء مکی 3 ماشہ باریک پیس کر اس میں چھڑک کے پلا دیں۔
- کبھی شربت ورد، شیر خشت صمغی ہر ایک 4 تولہ کا اضافہ بھی کر دیتے ہیں۔

درد معدہ

جو غذائی ہیضہ میں ہوتا ہے۔
ساق، صندل سفید، زرورد، طباشیر، گل سرخ ہر ایک 3 ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر سرکہ خالص 6 ماشہ بڑھا کے پیٹ پر لیپ کریں۔

دواء کثیر الفوائد

قے، ابکائی، پیاس، فم معدہ کی جلن اور صفراوی دستوں میں سفید ہے۔
زہرہ مہرہ، بنسلوچن، انار دانہ، زرشک، زرورد ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو پیس کر جوارش انارین 7 ماشہ میں ملا کے ہمراہ شیرہ تخم خرفہ سیاہ، شیرہ صندل سفید ہر ایک 3 ماشہ۔ عرق بادیان 6 تولہ۔ عرق بید مشک 4 تولہ میں نکال کر شربت غورہ 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

تقویت ہاضمہ و تبخیر معدہ

بادیان، کشنیز خشک ہر ایک ایک تولہ۔ نبات سفید 2 تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور چھ چھ ماشہ غذا کے بعد کھلائیں۔

ضعف ہضم و تقویت معدہ

نمک لاہوری، سماق، دانہ ہیل، انار دانہ، کشنیز خشک ہر ایک ایک تولہ۔ کوٹ چھان

Mypdfsite.com

کر سفوف بنائیں اور تین ماشہ کھانا کھانے کے بعد کھلایا جاتا ہے۔

معدہ و تحلیل ریاح و نفخ شکم

سفوف نعناع ساڑھے تین ماشے سے 9 ماشے تک قبل غذا یا بعد غذا تازہ پانی سے کھلائیں۔

جگر، پتہ اور تلی کی بیماریاں

دواء جگر

جگر کی حرارت، سدہ جگر کی تفتیح تلی کی سختی اور اس پرانے بخار کو مفید ہے۔ جو تنقیہ کے بعد، جگر کی حرارت کے سبب باقی رہتا ہے۔

تخم کاسنی 1 تولہ۔ نیم کوفتہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں اور صبح، چار لکڑیوں سے باندھ لئے گئے ہوں۔ سات مرتبہ رنگریزوں کی رینی کی طرح پٹکائیں اور شربت بزوری 4 تولہ ملا کر پئیں۔

ام احشاء

جو احشاء خصوصاً معدہ اور جگر کے ورم میں مستعمل ہے۔

گل بنفشہ 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ بیخ کاسنی بادیان ہر ایک 7 ماشہ۔ گاؤزبان، تخم کشوث ہر ایک 5 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو آب مکو سبز مروق، آب کاسنی سبز مروق، خمیرہ بنفشہ ہر ایک 4 تولہ ملا کر پلائیں۔

- شام کو شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ مویز منقی 9 دانہ۔ شیرہ عنب الثعلب 3 ماشہ۔ عرق برنجاسف 12 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ اس میں مل چھان کے پئیں۔
- کبھی تقویت کے لئے دواء المسک معتدل سادہ 7 ماشہ چاندی کے ورق 1 عدد میں لپیٹ کر اضافہ کرتے ہیں۔

Mypdfsite.com

اعظم جگر

گل بنفشہ' بادیان' تخم بادیان ہر ایک 7 ماشہ۔ عنب الثعلب خشک' افسنتین' برنجاسف ہر ایک 5 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

تیسرے پہر۔ افسنتین ایک ماشہ۔ نوشادر 1 ماشہ والا نسخہ پلائیں۔

درد جگر

جو سدہ کے سبب ہونے والے درد جگر میں دی جاتی ہے۔

جوارش زرعونی 7 ماشہ۔ ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ انیسوں' شیرہ تخم کشوث' شیرہ تخم خیارین ہر ایک 3 ماشہ۔ پانی میں نکال کر گلقند' شربت دینار ہر ایک 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

دواء خاص

معدہ جگر کے سوء مزاج بارد' سوء القنیہ' استسقاء' تہبج اطراف اور پرانے بلغمی بخاروں کے لئے مفید ہے۔

اجوائن دیسی 1 تولہ مٹی کے آبخورہ میں تر کریں۔ دن کو چھاؤں اور رات کو اوس میں رکھیں۔ دوسرے دن صبح زلال لے کر پینے کی ہدایت کریں۔

زنجبیل 1 تولہ بھی اسی ترکیب سے استعمال کی جاتی ہے۔

دواء القنیہ

سوء القنیہ' استسقاء' رطوبت اور جگر سوء مزاج بارد میں مفید ہے۔

برگ کسوندی 1 تولہ۔ فلفل سیاہ 5 دانہ پانی میں پیس کر پئیں۔

Mypdfsite.com

دواء

استسقاء، سوء القنیہ، رطوبت شکم اور سوء مزاج بارد کبد میں مستعمل ہے۔
معجون دبید الورد 5 ماشہ۔ ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیر تخم کشوث 3 ماشہ۔ عرق بادیان 6 تولہ۔ عرق عنب الثعلب 6 تولہ میں نکال کر گلقند 4 تولہ اس میں مل چھان کے پلائیں۔

سوء القنیہ وسوء مزاج بارد کبد

مویز 9 دانہ۔ فلفل سیاہ 5 دانہ پانی میں پیس کر پلائیں۔

دواء

جگر اور تلی کے سدوں کو کھولنے اور ان پرانے بخاروں میں مفید ہے۔ جو بلغم لزج کے سبب ہوں۔

تخم کاسنی 1 تولہ۔ نمک لاہوری 1 ماشہ۔ پانی میں پیس کر آگ پر رکھیں۔ جب کاسنی سبز کی طرح پھٹ جائے، اتار کر چھانیں اور پلائیں۔

یرقان

آب برگ ترب سبز 7 تولہ۔ شکر سرخ 4 تولہ مل چھان کے پلائیں۔

طحال

سفوف طحال 1 ماشہ پانی سے کھلائیں۔

دوسرا نسخہ:

ضماد طحال بقدر ضرورت تلی کے مقام پر لیپ کریں۔

Mypdfsite.com

تیسرا نسخہ:

ضماد محلل بقدر ضرورت تلی کے مقام پر لیپ کریں۔

آنتوں اور مقعد کی بیماریاں

تبرید برائے پیچش

لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ لعاب ریشہ خطمی 5 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کے اسبغول مسلم 7 ماشہ چھڑک کر پلائیں۔

نقوع برائے پیچش

جس کے ساتھ کھانسی یا نزلہ یا بخار ہوتا ہے۔

گل بنفشہ، ریشہ خطمی، تخم خطمی، تخم خبازی ہر ایک 7 ماشہ۔ گاؤزبان، تخم کنوچہ ہر ایک 5 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح مل چھان کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کے پئیں۔

- اگر کھانسی یا نزلہ نہ ہو تو گل سرخ 9 ماش بھی اضافہ کریں۔
- کبھی قبض اور سحج کی رعایت سے مڑوڑ پھلی 5 ماشہ بڑھائی جاتی ہے۔

زحیر صادق و سحج امعاء

سفوف طین 7 ماشہ۔ بروغن گاؤچرب کردہ قدر حاجت ہمراہ لعاب ریشہ خطمی 5 ماشہ۔ شیرہ حب الاس 3 ماشہ پانی میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کے اسبغول مسلم 7 ماشہ چھڑک کر پلائیں۔

- بلغم اور تقویت معدہ کی رعایت سے جوارش جالینوس 7 ماشہ۔
- اورام احشاء کی رعایت سے شیرہ بیخ انجبار 5 ماشہ کا اضافہ کریں۔
- اگر زیادہ قبض منظور ہو تو شیرہ بیلگری 3 ماشہ بڑھائیں۔

Mypdfsite.com

پیچش

جو نزلہ اور کھانسی کے ساتھ ہو۔
جوریشہ خطمی، تخم خطمی، تخم خبازی ہر ایک 7 ماشہ۔ پانی میں جوش دے کر چھان کے شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کر پلائیں۔

دواء برائے پیچش

مڑوڑ پھلی 7 ماشہ پانی میں جوش دے کر چھان کے نبات سفید 2 تولہ ملا کر تخم ریحان سات ماشہ یا تخم کنوچہ 5 ماشہ چھڑک کے پلائیں۔

زحیر سدی

ریشہ خطمی 1 تولہ پانی میں لعاب نکال کر مغز فلوس 4 تولہ اس میں مل چھان کے شیرہ مغز بادام 5 دانہ شیریں اضافہ کر کے پلائیں۔
کبھی گلقند، ترنجبین ہر ایک 4 تولہ کا اضافہ بھی کر دیا جاتا ہے۔
غذا میں مونگ کی کھچڑی کھلائیں اور دوسرے دن پیچش کی مذکورہ بالا تمہید پلائیں۔

پیچش واسہال معدی

کہ باہم مرکب ہوں۔
خس، بیلگری، گل دھاوا، اندر جو شیریں ہم وزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور چھ ماشہ یہ سفوف ہمراہ رب بہی شیریں 2 تولہ یا رب جامن 2 تولہ پانی میں حل کر کے کھلائیں۔

سفوف برائے پیچش

اتیس، اندر جو شیریں، ناگر موتھ، بیلگری ہر ایک ایک تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف

Mypdfsite.com

بنائیں اور چھ ماشہ ہمراہ شہد خالص 1 تولہ بوقت شام اور چھ ماشہ ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ بوقت صبح کھلائیں۔

سفوف موئیہ، برائے پیچش واسہال

ترکیب استعمال

چھ ماشہ یہ سفوف لے کر ہمراہ رب بہ شیریں 2 تولہ پانی میں حل کر کے کھلائیں۔

سفوف اسہال بواسیری

خونی اور بواسیری دستوں کو روکنے میں مفید ہے۔

مغز خستہ انبہ، مغز خستہ جامن، مغز تخم کونچ ہر ایک 6 ماشہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور چھ ماشہ اس میں سے لے کر آب شستہ برنج ساتھی یا رب بہی شیریں 2 تولہ کے ساتھ کھلائیں۔

اسہال معدی

شیرہ بادیان، شیرہ دانہ بیل کلاں، شیرہ حب الاس ہر ایک 3 ماشہ پانی میں نکال کر رب بہی شیریں 2 تولہ ملا کر پئیں۔

- معدہ اور ہاضمہ کی تقویت کے لئے کبھی جوارش مصطگی 7 ماشہ یا جوارش آملہ 7 ماشہ یا انوشدارو 5 ماشہ کا اضافہ کرتے ہیں۔
- اور کبھی مصطگی رومی، انار دانہ، سماق ہر ایک 1 ماشہ بھی بڑھائے جاتے ہیں۔

اسہال معدی

مصطگی رومی، پودینہ خشک، عود غرقی، پوست بیرون پستہ ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو پیس کر خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا یا دواء المسک معتدل جواہر والی ہر ایک 5 ماشہ۔ یا جوارش

Mypdfsite.com

آملہ 7 ماشہ میں ملا کے ہمراہ شیر بادیان، شیرہ جب آلاس، شیرہ زیرہ سیاہ ہر ایک 3 ماشہ۔ عرق الائچی 7 تولہ۔ عرق ماءاللحم کاسنی مکووالا 5 تولہ میں نکال کر رب بہ شیریں 2 تولہ شامل کر کے پلائیں۔

○ کبھی سرسماق، شیرہ بیلگری ہر ایک 3 ماشہ بھی بڑھا دیتے ہیں۔

اسہال معدی و کبدی

جو خاص طور پر عمل مسہل کی زیادتی میں مفید ہے۔

زہر مہرہ، وبنسلوچن، انار دانہ بریاں، سماق، زرد رد ہر ایک ایک ماشہ پیس کر جوارش انارین یا جوارش آملہ ہر ایک 7 ماشہ بہ نسخہ کلاں میں ملا کے ہمراہ شیرہ زرشک، شیرہ تخم خرفہ سیاہ ہر ایک 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 8 تولہ۔ عرق بید مشک 4 تولہ میں نکال کر شربت انار شیریں 2 تولہ یا رب بہ شیریں 2 تولہ شامل کر کے پلائیں۔

○ اگر خراش کا خوف ہو تو لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ لعاب ریشہ خطمی 5 ماشہ بڑھائیں۔

○ اور اگر زیادہ قبض منظور ہو، تو شیرہ بیلگری 3 ماشہ کا اضافہ کریں۔

اسہال اطفال

بچوں کے ان دستوں میں مفید ہے جو دانت نکلتے وقت عارض ہوتے ہیں۔

شیرہ بادیان، شیرہ دانہ ہیل ہر ایک ایک ماشہ۔ پانی میں نکال کر نبات سید 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

اسہال دموی و بواسیری

گلنار، جوزبوا، افیون ہر ایک ایک ماشہ۔ چاکسو، رسوت، زرچور، زیرہ سیاہ، کونپل نیم، کونپل بکائی ہر ایک 3 کوٹ چھان کر مونگ کے برابر گولیاں بنائیں اور حسب حاجت دیں۔

Mypdfsite.com

بواسیر

لعاب ریشہ خطمی 5 ماشہ۔ شیرہ حب الاس، شیرہ بیخ انجبار ہر ایک 3 ماشہ پانی میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کے اسبغول مسلم 7 ماشہ چھڑک کر پلائیں۔

بواسیر بادی (۱)

ہلیلہ مربہ شستہ 1 عدد شام کے وقت کھلائیں۔
اور اسبغول مسلم 7 ماشہ پانی کے ساتھ صبح پھانکیں۔

بواسیر بادی۔ (۲)

رسوت مقل ہر ایک ایک ماشہ پیس کر جوارش جالینوس 7 ماشہ میں ملا کے ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ لعاب ریشہ خطمی، شیرہ عنب الثعلب ہر ایک 3 ماشہ۔ عرق بادیان 12 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ شامل کر کے اسبغول مسلم 7 ماشہ چھڑک کر پلائیں۔

خفقان و بواسیر

رسوت مقل ہر ایک ایک ماشہ پیس کر انوشدارولولوی 7 ماشہ میں ملا کر ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ لعاب ریشہ خطمی 3 ماشہ۔ عرق عنبر، عرق گذر ہر ایک 4 تولہ۔ عرق گاؤزبان 6 تولہ میں نکال کر گلقند 4 تولہ ملا کر اسبغول مسلم 7 ماشہ چھڑک کے پلائیں۔

مسہ ہائے بواسیر

برگ کوکر بھنگرہ پانی میں پیس کر لگدی بنا کے مسوں پر باندھیں۔

حب بواسیر خونی

گیرو 2 تولہ۔ آب بھنگرہ 1 مار میں اس قدر پیسیں کہ تمام پانی جذب ہو

Mypdfsite.com

چائے اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی سے پانچ گولیوں تک صبح وشام کھلائیں۔

بواسیر خونی

پوست بیضہ مرغ، شیطوج ہندی، چنداس، نوشادر ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر دینھ کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال

ایک گولی صبح یا شام کے وقت کھلائیں۔

حب بواسیر خونی

رسوت، گیرو ہر ایک 2 تولہ۔ آب کنگرونڈہ، آب بسکھپرہ میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال

صبح کے وقت چار گولیاں تازہ پانی سے کھائیں۔

بواسیر خونی وبادی

مغز کرنجوہ، تخم بکائن، مغز تخم نیب، مغز تخم شفتالو، رسوت، چنداس ہر ایک ایک تولہ۔ عرق لیموں کاغذی بقدر حاجت میں حل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی صبح تازہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔

دواء باصور

بواسیری مسوں کے لئے مفید ہے۔

مرہم سائیدہ چوب نیب قدر حاجت بواسیری مسوں پر لگائیں۔

Mypdfsite.com

قولنج ریحی

جوارش جالینوس 7 ماشہ۔ یا جوارش کمونی 1 تولہ۔ ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ انیسون 3 ماشہ۔ عرق بادیان 6 تولہ۔ عرق عنب الثعب 6 تولہ میں نکال کر شربت دینار 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

قولنج ریحی و بلغم

تربد سفید مجوف 5 ماشہ۔ سناء مکی 7 ماشہ پیس کر گلقند 2 تولہ میں گولی بنا کے ہمراہ گلاب 10 تولہ نیم گرم پلائیں۔

قولنج سدی

روغن بید انجیر 4 تولہ۔ گلاب نیم گرم 10 تولہ میں ملا کر پلائیں۔

حب القرع

کمیلہ، باؤبڑنگ، برگ نیب ہر ایک ایک تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور چھ ماشہ اس میں سے لے کر شہد 2 تولہ میں ملا کر کھلائیں۔

کرم امعاء

اول کچھ دن شیر گاہ (مار)۔ نبات سفید 2 تولہ پلائیں۔

اس کے بعد باؤبڑنگ، سرخس، درمنہ ترکی ہر ایک 3 ماشہ۔

کمیلہ، ترمس، حب النیل، قسط تلخ، تربد مجوف، نمک ہندی ہر ایک 3 ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور چھ ماشہ اس میں سے لے کر روزانہ پانی کے ساتھ کھلائیں تا کہ کیڑے مر جائیں۔

Mypdfsite.com

بعد وادو یہ مسہلہ استعمال کریں کہ مردہ کیڑے خارج ہو جائیں۔

آب دست

برائے خروج مقعد' ہوا خانہ میں بھی مفید ہے۔

اقاقیا' گلنار' بلوط مازو سبز' پوست بیخ انار' پانی میں جوش دے کر' چھان کے آب دست کرائیں اور اس کا پھوک قیں کر طعام کرائیں۔

خروج مقعد

گلنار مازو سبز' مائیں خورد' بقیت بلوط ہر ایک 6 ماشہ باریک قیں کر دھوئے ہوئے گھی میں ملا کے کیلی انگلی پر لیپ کریں اور اس سے مقعد کو اندر کی طرف اٹھائیں۔

گردہ اور مثانہ کی بیماریاں

دواء

ادرار بول وحرقت بول کے لئے مفید ہے۔

شیرہ تخم خیارین' شیرہ تخم خربزہ' شیرہ خارخسک خرد ہر ایک 3 ماشہ۔ پانی میں نکال کر شربت بزوری 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

کبھی گردہ اور مثانہ کی تقویت کے لئے جوارش زرعونی 7 ماشہ۔

اور گردہ کی پتھری کے لئے حجر الیہود سنگ سرماہی ایک ایک ماشہ بڑھاتے ہیں۔

دواء سوزاک

نئے سوزاک اور مجاری بول کے ان امراض میں مفید ہے' جو حرارت کے اثر سے پیدا ہوتے ہیں۔

پوست فالسہ شکری 1 تولہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح زلال لے کر شربت

Mypdfsite.com

بزوری 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

- اور شام کو مدرات باردہ
- اگر اس تدبیر سے فائدہ نہ ہو تو سفوف مامیران 5 ماشہ سفوف قلعی کشتہ 3 ماشہ (یہ مرکب دوا ہے۔) تازہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔

سفوف سوزاک

قلعی، کشتہ، دانہ ہیل خرد، طباشیر، کباب چینی ہر ایک 3 ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ پہلے دن ایک ماشہ۔ دوسرے دن ڈیڑھ ماشہ۔ تیسرے دن دو ماشہ۔ ہمراہ شیرہ تخم خربزہ، شیرہ تخم خیارین، شیرہ خارخسک ہر ایک 3 ماشہ پانی میں نکال کر شربت بزوری 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

حرقت بول وسوزاک جدید

شورہ قلمی، دانہ ہیل کلاں ہر ایک 21 ماشہ کوٹ چھان کر چھ حصے کریں۔ ایک حصہ صبح اور ایک حصہ شام پانی سے کھلائیں۔

چوتھے اور پانچویں دن اس پانی کے ساتھ کھلائیں، جس میں برنج ساٹھی ایک رات بھگو گیا ہو۔

سوزاک جدید وقدیم

پھٹکری 1 تولہ۔ نیلاتھوتھہ، کتھ سفید ہر ایک 6 ماشہ۔ تینوں کو خوب بریاں کر کے پانی 1 میں ڈال کر خوب حل کریں۔ بعدہ، روزانہ پانچ، چھ دفعہ پچکاری کریں۔

ذیابیطس

مغز پنبہ دانہ 1 تولہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح زلال لے کر شربت بزوری 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

Mypdfsite.com

سفوف اندری جلاب

شورہ قلمی، جوا کھار، کباب چینی، زیرہ سفید ہر ایک 3 ماشہ کوٹ کر دودھ کی لسی کے ساتھ پلائیں۔

سوزاک جدید

گیرو، نخود خام مع پوست ہر ایک ایک تولہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح بھنگ کی طرح گھونٹ کر پلائیں۔

سنگ گردہ و مثانہ

حجر الیہود، سنگ سرماہی ہر ایک ایک ماشہ پیس کر جوارش زرعونی 7 ماشہ میں ملا کے ہمراہ شیرہ کاسنی، شیرہ دوتو، شیرہ آلو بالو ہر ایک تین ماشہ۔ عرق انناس 12 تولہ میں نکال کر شربت بزوری 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

○ کبھی شورہ قلمی، جوا کھار ہر ایک ایک ماشہ بڑھا دیتے ہیں۔

درد گردہ ریحی

جوارش کمونی 1 تولہ۔ ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ انیسون، شیرہ تخم کشوث ہر ایک تین ماشہ۔ عرق بادیان، عرق عنب الثعلب ہر ایک 6 ماشہ میں نکال کر گلقند، خمیرہ بنفشہ ہر ایک 4 تولہ اس میں مل چھان کے شربت دینار 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

درد گردہ

زردی بیضہ مرغ 1 عدد تانبے کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور زرد چوب تین ماشہ پیس کر اس میں چھڑک کے، تھوڑا سا پانی ڈال کر خوب ملائیں۔ یہاں تک کہ یک

Mypdfsite.com

ذات ہو جائے۔ درد کے مقام پر ضماد کریں اور اوپر برگ تنبول رکھ کر کپڑے سے باندھ دیں۔

نطول درد گردہ

گل ٹیسو 1 مار۔ گل آک، پرسیاؤشاں، پوست خربزہ، تخم شبت ہر ایک 2 تولہ۔ پانی میں جوش دے کر نطول کریں۔

مردوں کی مخصوص بیماریاں

تغلیظ منی

ثعلب مصری، آرد سنگھاڑہ، مغز پنبہ دانہ ہر ایک 4 ماشہ۔ نبات سفید 2 تولہ پانی میں پیس کر شیر گاؤ 3 مار اضافہ کر کے آگ پر رکھیں۔ جب غلیظ ہو جائے، اتار کر کھائیں۔

○ کبھی اس میں سیوس اسبغول 5 ماشہ بھی بڑھا دیتے ہیں۔

حریرہ دیگر برائے تغلیظ منی

تخم ریحاں 6 ماشہ نبات سفید 2 تولہ پانی میں پیس کر شیر گاؤ (مار) کا اضافہ کر کے آگ پر رکھیں۔ جب غلیظ ہو جائے اتار کر کھائیں۔

حب جدید جریان

سنگھاڑہ خشک، بنسلوچن ہر ایک 3 ماشہ۔ کتھ سفید 1 تولہ شیر برگد میں کھرل کر کے گولیاں چنے کے برابر بنالی اور تین گولیاں کھانا کھانے کے بعد پانی سے کھلائیں۔

امساک

حب ممسک 1 عدد تازہ دودھ کے ساتھ کھلائیں اور دو گھنٹہ کے بعد جماع کرنے کی ہدایت کریں۔

Mypdfsite.com

برائے لذت

طلائے ملذ ذقدر حاجت استعمال کریں۔

رفع سستی

جو بعد از جماعت عارض ہوتی ہے۔

حب مومیائی خاص 2 عدد ماء العسل کے ساتھ کھلائیں۔

جریان ورقت منی

بیج بند سیاہ، تخم ھلھل ہر ایک 3 تولہ۔ گوکھرو، تال مکھانہ، اندر جو شیریں ہر ایک چھ تولہ۔ مپستاں 24 تولہ کوٹ چھان کر شکر تری ہم وزن ادویہ ملا کے سفوف بنائیں اور ایک تولہ ٹھنڈے پانی سے کھلائیں۔

ورود منی ومذی

اصل السوس 6 ماشہ۔ تخم کاہو 9 ماشہ۔ گلنار فارسی، گل سرخ، تخم سداب، تخم سنبھالو ہر ایک ایک تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: 9 ماشہ۔

امساک وتغلیظ منی

سفوف مؤلف 7 ماشہ دودھ یا پانی کے ساتھ کھلائیں۔

کماد برائے مجلوق

آنبہ ہلدی، ناکیسر، مال کنگنی، سم اسپ سیاہ، سم خرسیاہ، سم گاؤ سیاہ ہر ایک 6 ماشہ۔ ناخن فیل 1 عدد کوٹ چھان کر کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر محفوظ رکھیں۔ ضرورت کے

Mypdfsite.com

وقت روغن گاؤ عرق پیاز ایک رکابی میں ڈال کر رکابی آگ پر رکھیں اور پوٹلی کو اس رکابی میں رکھ کر، گرم کر کے چار گھڑی تک ٹکور کریں۔

سستی قضیب

خراطین، بیر بہوٹی، سم الفار، مغز تخم بید انجیر، برادہ دندان فیل ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر، پوٹلی بنا کے، روغن کنجد قدر حاجت کڑھائی میں ڈال کر آگ پر گرم کریں۔ ایک دوسرا خالی سکورہ الگ آگ پر رکھیں اور دواؤں کی پوٹلی پہلے گرم روغن کنجد میں تر کریں۔ پھر خالی سکورہ میں رکھ کر خشک کر کے ساتھ روز تک ٹکور کریں۔

- سات دن کے بعد سم الفار 1 ماشہ۔ خراطین 6 ماشہ۔ روغن عروسک قدر حاجت روغن غوک قدر حاجت باہم پیس کر طلاء کریں۔

عورتوں کی مخصوص بیماریاں

دواء

اس بخار کے لئے مفید ہے۔ جو وضع حمل کے بعد عارض ہوتا ہے۔
عناب 5 دانہ۔ شربت بزوری 4 تولہ پانی میں جوش دے کر، چھان کے پلائیں۔

اختناق الرحم

جو احتباس حیض کے نتیجہ میں پیدا ہوتا ہے۔
جدوار، عود صلیب ہر ایک ایک ماشہ پیس کر خمیرہ گاؤزبان سادہ 1 تولہ میں ملا کے ورق نقرہ 1 عدد میں لپیٹ کر ہمراہ شیرہ تخم کاسنی 3 ماشہ۔ شیرہ عنب الثعب خشک ماشہ۔ عرق گاؤزبان، عرق برنجاسف ہر ایک 6 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ اس میں مل چھان کے پئیں۔

Mypdfsite.com

ادرار حیض

حب قرطم، گاؤزبان، تخم خربزہ، پوست خربزہ، تخم خیارین، خارخسک، پرسیاؤشاں، بادیان ہر ایک 6 ماشہ۔ پانی (مار) میں جوش دیں۔ جب تہائی پانی رہ جائے، چھان کر شربت بزوری 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

حمول

رحم کے اس درد کے لئے مفید ہے، جو گندہ پانی جمع ہو جانے سے پیدا ہوتا ہے۔

بہروزہ خشک 6 ماشہ۔ نمک لاہوری، کف دریا، باؤبڑنگ ہر ایک 3 ماشہ کوٹ چھان کر تین پوٹلیاں بنائیں۔ ایک پوٹلی کے نیچے اور دو پوٹلیاں رحم کے دائیں بائیں رکھیں۔

سمیٹ

تج، گچ کہنہ، ہیرا کسیس، مازو سبز، پوست انار ہر ایک تین ماشہ کوٹ چھان کر تین پوٹلیاں بنائیں اور استعمال کریں۔

حمول

رحم کے مواد اور فاسد رطوبتوں کا اخراج کرتا ہے۔

جوا کھار 6 ماشہ۔ مویز منقی 1 تولہ۔ نبات سفید 6 ماشہ پیس کر شہد خالص دو چند میں ملا کر استعمال کرائیں۔

حمول برائے ورم رحم

مرہم داخلیون، آب کاسنی سبز، آب مکو سبز ہر ایک ایک تولہ میں ملا کر سفیدی بیضہ مرغ 1 عدد۔ روغن گل 1 تولہ اضافہ کر کے استعمال کرائیں۔

ضماد محلل پیڑو پر لیپ کریں اور نسخہ خلل شکم میں مروقین کا اضافہ کر کے پلائیں۔

Mypdfsite.com

بھجیا محلل ورم

معدہ، مثانہ اور رحم کے ورم اور سختی کو تحلیل کرتی ہے۔

برگ سہنجنہ، برگ سنبھالو، برگ بکائن، برگ نیب ہر ایک 2 تولہ بھجیا کی طرح پکا کر نیم گرم باندھیں۔

- کبھی برگ خطمی سبز، برگ نرمہ سبز، برگ شبت، گل سرخ، روغن گل ہر ایک 2 تولہ بھی بڑھا دیتے ہیں۔

افراط حیض ونفاس

گیرو، سنگجراحت ہر ایک ایک ماشہ پیس کر ہمراہ شیرہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ۔ شیرہ بیخ انجار، شیرہ حب الاس ہر ایک 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکال کر شربت انار شیریں 2 تولہ ملا کے بارتنگ 7 ماشہ چھڑک کے پلائیں۔

- اور آب دست کا نسخہ'' جو مقعد کی بیماریوں میں لکھا جا چکا ہے۔ کام میں لائیں۔

ورم صلب رحم

ضماد شیر شتر قدر حاجت زیر ناف لیپ کریں۔

کاڑھا

اسقاط جنین اور رحم کو خون نفاس سے پاک کرنے کے لئے معمول ہے۔

مشکطرا مشیع 9 ماشہ۔ پوست املتاس، تخم خربزہ، پوست خربزہ، بادیان، پر سیاؤشاں، خار خسک ہر ایک 6 ماشہ۔ تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب ایک پاؤ پانی رہ جائے۔ شربت بزوری 4 تولہ ملا کر پانی اور غذا کی بجائے پلائیں۔

- اور اگر جاڑے کا موسم ہو تو شربت بزوری کی جگہ قند سیاہ کہنہ 4 تولہ شامل کریں۔
- اگر جنین اپنی جگہ سے ہٹ گیا ہو تو اسقاط کے لئے پوست املتاس 1 تولہ۔

Mypdfsite.com

شربت بزوری 4 تولہ پانی میں جوش دے کر چھان کر نیم گرم پلائیں۔

دوائے مضیق

تخ ناز و بیز ہر ایک ایک تولہ۔ خبث الحدید آملہ ہر ایک 4 ماشہ۔ صرف شیشا پوست بلیلہ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ڈھائی ماشہ۔ مروارید ناسفتہ سوا ماشہ۔ دواؤں کو آہستہ آہستہ کوٹیں اور کھرل کریں۔ یہاں تک کہ مثل غبار ہو جائیں۔ ایام سے فراغت پانے کے بعد اس میں سے تھوڑا سا استعمال کرائیں۔

کمر اور اطراف کی بیماریاں

وجع مفاصل و درد کمر

سورنجان شیریں، بوزیدان ہر ایک ایک ماشہ۔ پیس کر جوارش زرعونی یا معجون سورنجان ہر ایک 7 ماشہ میں ملا کے مناسب مدرات اور شربت بزوری 4 تولہ کے ہمراہ کھلائیں۔

وجع المفاصل

جو آتشک کے سبب ہوتا ہے۔

معجون عشبہ 1 تولہ ہمراہ عرق عشبہ 15 تولہ، نبات سفید 2 تولہ ملا کر پلائیں۔

وجع المفاصل و ورم جگر

برگ حناء خشک، صابون دیسی ہر ایک ایک تولہ۔ پانی میں پیس کر سرکہ خالص بقدر حاجت اضافہ کر کے ضماد کریں۔

دیگر

جوڑوں کے حار ورم کے لئے مفید ہے۔

Mypdfsite.com

تخم خشخاش 1 تولہ۔ شیر بز میں پیس کر ضماد کرائیں۔

روغن چہارادویہ برائے وجع مفاصل

بزرالبنج، برگ قنب، گل آک، سورنجان تلخ ہر ایک 6 ماشہ۔ روغن کنجد 7 تولہ میں جلا کر نیم گرم مالش کریں۔

بخارات

بخار کی جمع ہے۔ بخارات (جیسے حمی کی جمع ہے حمیات)

155۔ دواء

پیٹ کی خرابی سے ہونے والے بلغمی بخار کے آغاز میں مستعمل ہے۔

شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ مویز منقی 9 دانہ۔ عرق بادیان، عرق عنب الثعب ہر ایک 6 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

- اگر تین روز کے بعد بخار نہ جائے تو نسخہ خلل شکم صبح اور متذکرہ نسخہ شام کو پلائیں اور دونوں نسخوں میں خاکسی 7 ماشہ اضافہ کریں۔
- دواؤں میں عوارض کے اعتبار سے کمی بیشی کی جانی چاہیے اور جب مادہ نضج پا جائے تو تلئین دینی چاہیے۔

حمی بلغمیہ کہنہ

برنجاسف، شکاعی، بادآورد ہر ایک 3 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح زلال لے کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

نسخہ

جو پرانے بخار کے لئے مفید ہے۔

خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ بہ ورق نقرہ پیچیدہ 1 عدد ہمراہ عرق برنجاسف 12 تولہ۔

Mypdfsite.com

نبات سفید 2 تولہ ملا کر پلائیں۔ کبھی شیرہ مویز منقی 9 دانہ۔ شیرہ عنب الثعلب خشک 3 ماشہ بڑھائے جاتے ہیں۔

دیگر ظ

برنجاسف 1 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح مل چھان کر شربت بزوری 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

دواء

پرانے سوداوی بخار اور خشک کھانسی میں معمول ہے۔

شیر گاؤ (مار) ایک قلعی شدہ دیگچی میں ڈال کر چھری سے نشان کر دیں اور اسی قدر اس میں پانی ڈال کر ہلکی آنچ پر جوش دیں۔ اثنائے جوش میں بادیان، گاؤزبان، اصل السوس مقشر ہر ایک 3 ماشہ۔ الگ الگ پوٹلی میں باندھ کر پکائیں۔ جب پانی جل جائے اور دودھ نشان تک پہنچ جائے، اتار کر، چھان کے، نبات سفید 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

تین روز تک اسی مقدار سے پلائیں۔ اس کے بعد روزانہ ایک ایک تولہ دودھ اور تھوڑی تھوڑی دوائیں اور مصری بڑھائیں۔ اکتالیس دن تک یہ عمل جاری رکھیں۔ اس کے بعد اسی طرح ایک ایک تولہ دودھ اور تھوڑی تھوڑی دوائیں اور مصری روزانہ کم کرتے جائیں اور سات تولہ تک پہنچ کر ترک کرا دیں۔

حمی مزمن (پرانا بخار)

اس پرانے بخار میں مفید ہے جو مسہلوں کے بعد بھی باقی رہتا ہے۔

زہر مہرہ بنسلوچن، ست گلو، دانہ ہیل ہر ایک 2 ماشہ۔ نبات سفید دو تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور چھ ماشہ یہ سفوف ہمراہ شربت بنفشہ 2 تولہ پانی میں حل کر کے پلائیں۔

- اجوائن دیسی اور زنجبیل کی ترکیب بھی، جو امراض جگر میں گزر چکی ہے۔ اس باب

Mypdfsite.com

صفراوی بخار

شیرہ آلو بخارا 5 دانہ۔ شیرہ تخم خیارین 3 ماشہ پانی میں نکال کر شربت انگور 2 تولہ یا شربت نیلوفر 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

- تین دن کے بعد یہ نسخہ سہ پہر کے وقت اور نسخہ نقوع صبح کے وقت پلانا چاہیے۔

تپ صفراوی

جو نقوع بارد کے نام سے مشہور ہے۔

گل بنفشہ 7 ماشہ۔ گل گاؤزبان 5 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ آلو بخارا 5 دانہ۔ گاؤزبان پانچ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح مل چھان کر گلقند یا خمیرہ بنفشہ ہر ایک 4 تولہ اس میں اچھی طرح مل کر چھان کے پئیں۔

- اگر حرارت اور پیاس زیادہ ہو تو گل نیلوفر 5 ماشہ بھی شامل کر دیں۔
- پانچویں دن تخم خیارین 7 ماشہ اور ساتویں دن تخم کاسنی نیم کوفتہ 7 ماشہ بڑھائیں

دواء

چوتھیا بخار اور پرانے بلغمی بخار کو نافع ہے۔

نسخہ خلل شکم، تخم کشوث 6 ماشہ کے اضافہ کے ساتھ دیں۔ اگر صفرا مخلوط ہو تو پانچویں دن تخم خیارین 5 ماشہ اور ساتویں دن تخم کاسنی 7 ماشہ بڑھائیں۔

کھانسی اور لزج و غلیظ مواد کی رعایت سے اصل السوس مقشر 5 ماشہ۔ پرسیاؤشاں پانچ ماشہ کا اضافہ کریں۔

اس کے علاوہ جزوی تغیرات، عوارض کے اعتبار سے کر سکتے ہیں۔

دواء حمی دق

دق کے پرانے بخار میں مستعمل ہے۔

Mypdfsite.com

نائے سبز، گڑمار ہر ایک 3 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔

ترکیب استعمال

صبح مل چھان کر شربت بنفشہ 2 تولہ یا شربت بزوری 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

تسکین حرارت حمی

لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانہ۔ شیرہ مغز تخم کدو شیریں، شیرہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ۔ پانی میں نکال کر شربت نیلوفر 2 تولہ ملا کے پئیں۔

تپ دق کی رعایت سے قرص طباشیر یا قرص کافور ہر ایک ساڑھے چار ماشہ مذکورہ بالا نسخہ کے ساتھ دیں۔

تپ کہنہ

گلوسبز 1 تولہ ٹکڑے ٹکڑے کر کے رات کو گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح زلال لے کر شربت بزوری 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

مسلول و مدقوق

گوند کتیرا، رب السوس، سرطان محرق، شکر تیغال ہر ایک ایک ماشہ پیس کر دیا قوزا 7 ماشہ میں ملا کے ہمراہ لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانہ۔ شیرہ مغز تخم کدو شیریں 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

دیگر

خمیرہ خشخاش 1 تولہ۔ ہمراہ شیر گاؤزبان 3 ماشہ۔ شیرہ کوکنار 1 عدد۔ پانی یا عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکال کر شربت اعجاز 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

Mypdfsite.com

تپ دق

قرص طباشیر ساڑھے چار ماشہ یا قرص کافور ساڑھے چار ماشہ پیس کر ہمراہ شیر بز یا شیر خر ہر ایک 7 تولہ۔ شربت عناب 2 تولہ یا شربت نیلوفر 2 تولہ۔ یا شربت زردی 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

دودھ کی ترکیب استعمال یہ ہے کہ شیر بز 7 تولہ۔ شربت عناب 2 تولہ ملا کر تین دن تک پلائیں۔ چوتھے دن روزانہ ایک ایک تولہ دودھ اور تھوڑا تھوڑا شربت بڑھاتے رہیں۔ یہاں تک کہ اکتالیس دن تک پہنچا دیں۔ اس کے بعد ایک تولہ دودھ اور تھوڑا تھوڑا شربت روزانہ کم کرتے رہیں۔ تا آں کہ اس مقدار پر پہنچ جائیں۔ جس مقدار سے بڑھانا شروع کیا تھا اور تین دن تک اسی مقدار کے مطابق پی کر ترک کر دیں۔ اس بات کا خیال رہے کہ شربت کی مقدار اس میں پانچ تولہ سے زائد نہیں ہونی چاہیے۔

قرص برائے تپ کہنہ

گل سرخ اصل السوس مقشر ہر ایک ایک تولہ۔ طباشیر سفید، سنبل اطیب، افسنتین رومی، ترنجبین ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر گلاب میں ملا کر قرص بنائیں۔

ترکیب استعمال

پانچ ماشہ یہ قرص ہمراہ چکیدہ تخم کاسنی 1 تولہ۔ شربت بزوری 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

خاکسی برائے تپ کہنہ

خاکسی 7 ماشہ پانی میں جوش دے کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کے پلائیں۔
پہلے دن ایک جوش، دوسرے دن دو جوش اسی طرح سات دن میں سات جوشوں

Mypdfsite.com

تک پہنچا کر پھر اسی طرح ایک ایک جوش روزانہ کم کر کے ایک جوش پر لے آئیں۔

تپ لرزہ

پلاس پاپڑہ کا سرخ چھلکا اتار کر مع تخم کا نجوہ ہم وزن پیس لیں اور پانی میں کالی مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک

2 تا 4 گولیاں۔

دفع نوبت حمی

زہر مہرہ بنسلو چن، ست گلو ہر ایک ایک ماشہ۔ سمندر پھل آدھ عدد کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور نوبت سے دو گھنٹہ پہلے پانی کے ساتھ کھلائیں۔

تپ لرزہ

برگ نیب، کوکنار کوٹ چھان کر بقدر 2 انگشت بخار چڑھنے سے پہلے کھلائیں۔

مسہل صفراء

پوست ہلیلہ زرد 1 تولہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح مل چھان کر خمیرہ بنفشہ، گلقند، ترنجبین، شکر سرخ، مغز فلوس، تمر ہندی ہر ایک 4 تولہ۔ اس میں مل اور چھان کر روغن بادام 6 ماشہ اضافہ کر کے پلائیں۔

حمیات صفراوی

آلو بخارا 11 دانہ۔ عناب 5 دانہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح مل چھان کر خمیرہ بنفشہ، گلقند، ترنجبین، شکر سرخ، مغز فلوس ہر ایک 4 تولہ اس میں اچھی طرح مل کر،

ور ساڑھے چار ماشہ پیس کر ہمراہ شیر
ت نیلوفر 2 تولہ۔ یا شربت زردی 2

۔ شربت عناب 2 تولہ ملا کر تین
لہ دودھ اور تھوڑا تھوڑا شربت
پہنچا دیں۔ اس کے بعد ایک
ں۔ تا آں کہ اس مقدار پر
ر تین دن تک اسی مقدار
کہ شربت کی مقدار اس

ب، افستین رومی،

4 تولہ ملا کے

شوں

Mypdfsite.com

صاف کر کے شیرہ مغز بادام شیریں 5 دانہ بڑھا کر پلائیں۔

مسہل بارد

معدہ اور آنتوں کے فاسد مواد کو خارج کرتا ہے۔

تمر ہندی کہنہ 5 تولہ پانی میں جوش دے کر چھان کے سناء مکی 7 ماشہ باریک پیس کر اس میں چھڑک کے پلائیں۔

کبھی شربت ورد 4 تولہ۔ شیر خشت صمغی 4 تولہ بھی بڑھا دیتے ہیں۔

مسہل

جو بخاروں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

گل بنفشہ 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ بیخ کاسنی، بادیان ہر ایک 7 ماشہ۔ گاؤزبان، گل گاؤزبان ہر ایک 5 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ سپستاں 9 دانہ۔ تخم خطمی، تخم خبازی ہر ایک سات ماشہ۔ تخم خیارین 5 ماشہ۔ ریشہ خطمی، گل سرخ ہر ایک 7 ماشہ۔ اصل السوس مقشر، پرسیاؤشاں، عنب الثعلب خشک ہر ایک 5 ماشہ۔ سناء مکی 7 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح مل چھان کر مغز فلوس، گلقند، خمیرہ بنفشہ، ترنجبین ہر ایک 4 تولہ۔ شکر سرخ اس میں اچھی طرح مل اور چھان کے شیرہ مغز بادام شیریں 5 دانہ اضافہ کر کے پلائیں۔

1۔ تنقیہ دماغ کی رعایت سے اسطوخودوس، بادرنجبویہ ہر ایک 5 ماشہ۔

2۔ سوداوی مادہ کی رعایت سے افتیمون ولایتی، بسفائج فستقی ہر ایک 5 ماشہ۔

3۔ لزج وغلیظ بلغمی مواد کی رعایت سے بیخ بادیان، تخم قرطم ہر ایک 7 ماشہ۔

4۔ جگر کی رعایت سے تخم کشوث 5 ماشہ بہ صرہ بستہ بڑھائیں۔

5۔ غذا میں دوپہر کے بعد یخنی یا مونگ کی دال کا پانی اور سہ پہر کے بعد مونگ کی ملائم کھچڑی کھائیں۔

6۔ غذا سے پہلے اگر پیاس لگے تو عرق بادیان یا عرق عنب الثعلب یا عرق گاؤزبان

Mypdfsite.com

پلائیں۔

7۔ مسہل کی اعانت کے لئے شربت ورد مکرر یا شربت دینار ہر ایک 4 تولہ عرق بادیان 12 تولہ میں ملا کر پئیں۔

اور دوسرے دن ذیل کی تمہید استعمال کریں۔

نسخہ

جو مسہل کے بعد دی جاتی ہے۔

خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ بورق بقرہ پیچیدہ 1 عدد۔ ہمراہ شیرہ عناب 5 دانہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کے تخم ریحان 5 ماشہ یا اسبغول مسلم 7 ماشہ چھڑک کے پلائیں۔

حرارت جگر

تخم خیارین نیم کوفتہ 1 تولہ پانی میں تر کر کے صبح سائے اور رات کو شبنم میں رکھیں۔ دوسرے دن صبح کے وقت کوس کا زلال لے کر پلائیں۔

اسی ترکیب سے تخم کاسنی نیم کوفتہ 1 تولہ بھی استعمال کئے جاتے ہیں۔

جلد کی بیماریاں

فسادخون

شاہرہ، چرائتہ، سرپھوکہ، منڈی ہر ایک 7 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ ہلیلہ سیاہ، صندل سرخ ہر ایک 7 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح زلال لے کر شربت عناب 4 تولہ ملا کے پلائیں۔

جاڑوں کے موسم میں میں بجائے صندل سرخ کے عشبہ مغربی 7 ماشہ دیں۔
نبات سفید 6 ماشہ شام کو پلائیں اور نضج تام کے بعد حب لیموں 1 عدد تازہ پانی کے ساتھ

Mypdfsite.com

کھلائیں۔ یا مویز منقی کا بیج نکال کر اس کی جگہ جب کتھ 1 عدد رکھ کے کھلا دیں۔

آتشک وامراض سوداوی

روغن آملہ 1 تولہ۔ نبات سفید 2 تولہ ملا کر پئیں۔
اس حرارت اور فساد خون کے لئے جو مادہ آتشک سے ہو شیر بز 7 تولہ۔ ہمراہ
شربت عناب 2 تولہ کا استعمال بھی مفید ہے۔

اصلاح خون

رسوت، چاکسو، زرچور، کتھ سفید ہر ایک 3 ماشہ۔

ترکیب استعمال

رات کو گرم پانی میں بھگو دیں اور صبح اس کا زلال پلائیں۔

جرب

ضماد کا بقدر سفوف لے کر گھی میں ملا کے جسم پر ملنے کی ہدایت کریں۔

ضماد برائے بہق

نوشادر 3 ماشہ۔ عرق پیاز 2 تولہ میں ملا کر، پہلے بدن کو کسی کھردرے کپڑے سے
اس قدر ملیں کہ سرخ ہو جائے، اس کے بعد ضماد کریں۔

حب سرخ بادہ اطفال

رسوت، صندل سرخ، زرچور ہر ایک 2 ماشہ۔ مردار سنگ 4 سرخ۔ زرد چوب
1 ماشہ۔ چاکسو، برگ حناء خشک 2 ماشہ۔ برگ نیب، برگ بکائن ہر ایک 5 عدد۔ پانی میں پیس
کر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال

½ تا 1 گولی بچہ کو پانی میں گھس کر پلائیں۔

موتی جھرا

خمیرہ مروارید 5 ماشہ۔ ہمراہ شیرہ عناب 5 دانہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکال کر شربت بزوری 2 تولہ ملا کے خاکسی 7 ماشہ چھڑک کے پلائیں۔

جوشاندہ برائے موتی جھرا

گل بنفشہ 7 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ انجیر زرد 5 دانہ۔ بادیان 7 ماشہ۔ گاؤزبان 5 ماشہ۔ پانی میں جوش دے کر چھان کے خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملا کر خاکسی 7 ماشہ چھڑک کے پلائیں۔

بثور اطفال

رسوت 6 ماشہ۔ پوست نیب 6 ماشہ پانی میں پیس کر ضماد کریں۔

دیگر

زہرمہرہ 2 ماشہ۔ فلفل سیاہ 5 دانہ پانی میں پیس کر ضماد کریں۔

ضماد برائے ورم حار و غدد

گولی سیسہ بندوق آب کاسنی سبز میں پیس کر ضماد کریں۔

Mypdfsite.com

متفرق نسخہ جات

حب ایارج کھانے کی ترکیب

جو مرگی، پرانے دردسر اور آنکھ کی بیماریوں میں مفید ہے۔

حب ایارج سات ماشے سے ایک تولہ تک روغن گاؤ قدر حاجت میں چرب کر کے ورق نقرہ بقدر حاجت میں لپیٹ کر، جب چار گھڑی رات باقی رہ جائے، تو بستر سے اٹھ کر ہمراہ عرق گاؤزباں 12 تولہ کھا کر سو جانے کی ہدایت کریں۔ صبح املتاس اور مغز بادام شیریں کے بغیر مسہل لیں۔ مسہل کے دن پیاس کے وقت عرق گاؤزبان یا عرق بادیان پلائیں اور سہ پہر کو مونگ کی ملائم کھچڑی کھانے کی ہدایت دیں۔

دردشکم

جوارش کمونی 3 ماشہ۔ تین روز تک کھلائیں۔ اس کے بعد روزانہ ایک ایک ماشہ بڑھاتے جائیں۔ جب چودہ ماشے تک پہنچ جائیں تو ایک ایک ماشہ روزانہ گھٹاتے جائیں اور پہلی مقدار پر پہنچنے کے بعد تین بعد تک کھلا کر چھوڑ دیں۔

چٹنی برائے سرفہ

مغز بادام تلخ مغز حب الصنوبر، صمغ عربی کتیرا، رب السوس، گاؤزبان ہر ایک ایک ماشہ پیش کر شہد خالص 2 تولہ میں ملا کے تھوڑا تھوڑا چاٹیں۔

ورم جگر

مرجاشیا، افسنتین، برنجاسف، سعد کوفی، سنبل الطیب، اکلیل الملک، گل بابونہ، عنب الثعلب خشک، جدوار، رسوت ہر ایک 8 ماشہ۔ آب عنب الثعلب سبز بقدر حاجت میں

Mypdfsite.com

ڈش کر کپڑے پر رکھ کے بیم گرم ٹکاور کریں۔

خنازیر

تخم سرس 10 تولہ۔ شہد خالص 20 تولہ مٹی کے برن میں ڈال کر اس پر سرپوش رکھ دیں اور سرپوش کو ماش کے آٹے سے گل حکمت کر کے دو ہفتہ دھوپ میں رکھا رہنے دیں۔ اس کے بعد چینی کے برتن میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک

دو تولہ۔

درد شکم

برگ سداب، بیخ اذخر، افسنتین، سناء مکی، پودینہ خشک، گل سرخ، زیرہ سیاہ ہر ایک 7 ماشہ۔ نمک سیاہ، نمک لاہور ہر ایک 2 ماشہ۔

ترکیب استعمال

عرق پودینہ 15 تولہ میں جوش دے کر چھان کے پلائیں۔

معین حمل (حمل ٹھہرانے کا نسخہ)

آج کل اکثر اوقات ایسے کیس مطب پر آتے ہیں جو شکایت کرتے ہیں کہ شادی کو اتنا عرصہ ہو چلا ہے مگر ابھی تک اولاد کی نعمت سے محروم ہیں۔ لہٰذا اس کے اسباب پر غور کیا جائے اگر کوئی ایسی بنیادی خرابی مرد و عورت میں موجود نہ ہو تو درج ذیل نسخہ کے استعمال سے اکثر و بیشتر حمل ٹھہر جاتا ہے۔

اگر کوئی بنیادی خرابی موجود ہو مثلاً حیض کی کمی بیشی بے قاعدگی ہو یا بیضے (ایگز) چھوٹے بنتے ہوں یا بالکل نہ بنتے ہوں اور مردوں میں سپرم مقررہ تعداد سے کم ہوں وغیرہ تو

Mypdfsite.com

پہلے اس کا علاج کرالیا جائے۔

نسخہ: اندر جو شیریں 250 گرام لے کر صاف کر کے پیس کر شیشے کی بوتل میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک:

صبح اور رات ایک ایک ماشہ دودھ کے ہمراہ اور اسی دوران بعد از غذا دونوں وقت کلونجی 5-5 دانے چبا کر کھائے جائیں۔ دن کے 11 بجے تخم سرس کا سفوف ایک گرام کھا جائے تازہ پانی کے ہمراہ۔ اس ترکیب پر عمل دونوں (میاں بیوی) کریں۔

دوران علاج کالی چائے اور تمام فیزی کولڈ ڈرنکس اور ڈبہ بند جوس اور ترش اور تلی ہوئی بازاری غذاؤں کا استعمال بند رہے گا۔

عورتوں میں بیضے (ایگز) کا نہ بننا

آج کل یہ شکایت عام بیان کی جاتی ہے کہ (بیضے) ایگز نہیں بن رہے یا چھوٹے چھوٹے بن رہے ہیں جس کی وجہ سے بھی حمل قرار نہیں پا رہا۔ لہٰذا درج ذیل میں وہ راز بھی آشکار کیا جا رہا ہے جو ایک عرصہ سے سینہ در سینہ چلا آ رہا ہے اور غرض مند فیض حاصل کر رہے تھے۔ ہمارے مہربان دوست حکیم ہارون اعظم خان نیازی نے یہ نسخہ عنایت کیا ہے۔ اب اس راز کو افادہ عام کی غرض سے اس کتاب میں تحریر کیا جا رہا ہے، فائدہ اٹھائیں اور ہمارے دوست کے حق میں بھی دُعا مانگیں، شکریہ۔

نسخہ:

خرمہرہ زرد، دھو کر صاف کر کے مٹی کے برتن میں بند کر کے تین چار کلو کوئلوں کی آنچ پر سوختہ کر لیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ دودھ کی طرح سفید اور انتہائی خستہ نکلیں گے اگر کوئی کسر رہ جائے تو دوبارہ آنچ دیدیں اور سرد ہونے پر کھرل میں ڈال کر خوب اچھی طرح کھرل کریں۔

ترکیب استعمال و مقدار خوراک:

صبح کے وقت دو تا تین رتی دودھ کے ہمراہ کھایا جاتا ہے۔

Mypdfsite.com

منضج حار۔ برائے فالج

بیخ بادیان، بیخ کرفس، بیخ کبر، بیخ اذخر، پرسیاؤشاں، اصل السوس، اسطوخودوس ہر ایک 5 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ انجیر زرد 5 دانہ رات کو گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر شہد خالص 2 تولہ ملا کے پلائیں۔

دردسر

کسی شریف خاندان کے ایک معزز شخص جو ایک اعلیٰ عہدہ پر ممتاز تھے اُن کی اہلیہ صاحبہ ہمیشہ دردسر میں مبتلا رہتی تھیں۔ مشہور و معروف اطباء اور ڈاکٹر صاحبان کا علاج عرصہ تک کرتے رہے۔ لیکن افاقہ نہ ہوا۔ اتفاق سے وہ مراد آباد تشریف لائے اور ایک بزرگ کی خدمت میں حاضر ہو کر سارا حال اپنی اہلیہ کا سُنایا اور تعویذ کے خواہشمند ہوئے شاہ صاحب نے فرمایا کہ آپ گھبرایئے نہیں میرے اُستاد نے ایک نسخہ مجھے دردسر کا بتلایا تھا اور یہ فرمایا تھا کہ دردسر خواہ کسی وجہ سے پیدا ہو گیا ہو۔ فوراً چلا جاتا ہے۔ چنانچہ وہ نسخہ عطیہ شاہ صاحب استعمال کیا گیا عجیب و غریب ثابت ہوا۔ مریضہ کی شکایات رفع ہو گئیں۔ میں نے وہ نسخہ صاحب موصوف سے حاصل کیا جس کو ہمیشہ استعمال کرتا ہوں اس وقت تک بفضلہٖ دردسر کے واسطے کسی دوسرے نسخہ کی ضرورت نہیں پڑی۔

مختلف حصص ہند میں سیاحت کی اور ہر مقام پر اس نسخہ کا امتحان کیا تیر بہدف پایا وہ نسخہ یہ ہے۔

مرکی۔ بزرالبنج۔ افیون۔ تخم کاہو۔ صندل سفید ہر ایک پانچ ماشہ۔ کندر۔ انزروت۔ گل ارمنی۔ آملہ خشک۔ ہر ایک ۲ ماشہ۔ عرق گلاب اور کاہو بقدر ضرورت، عرق گلاب اور کاہو کے پانی میں خوب باریک پیس کر تین تین ماشہ کی ٹکیاں بنالیں۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال

ایک ٹکیہ وقت ضرورت پانی میں گھس کر پیشانی پر لیپ کر دیں فوراً دردسر کافور ہو جاتا ہے نصف سر کا درد جس کو شقیقہ کہتے ہیں اس کو بھی نفع عظیم پہنچاتا ہے یہ نسخہ پھر مجھے چند مفید تجربہ شدہ کتب میں بھی نظر سے گزرا اور بہت تعریف اس نسخہ کی لکھی ہوئی ان کتب میں پائی۔

فائدہ

دردسر اور شقیقہ کا ایک نسخہ ایک ہیضہ کے بیان میں لکھا گیا ہے وہ یہ کہ نہایت اچھا ہے اور اس کے لگانے سے بھی دردسر فوراً چلا جاتا ہے۔

کمزوری دماغ کے بے نظیر نسخہ

صدف صادق	.....	اماشہ
طباشیر	.....	۲ ماشہ
دانہ الائچی خورد	.....	۲ ماشہ
ورق نقرہ	.....	۳ ماشہ

چھ گھنٹہ کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال

تخم خشخاش	.....	ڈیڑھ ماشہ
مغز بادام شریں	.....	۵ ماشہ
دانہ الائچی خورد	.....	نصف ماشہ
مصری	.....	ڈیڑھ تولہ

Mypdfsite.com

مکھن ۲تولہ

اول خشخاش بادام شریں الائچی کو پانی میں پیس کر پھر مصری اور مکھن ملائیں جب بطور حلوے کے ہو جائے ورق نقرہ والا سفوف تین رتی ملا کر کھا لیا کریں۔ یہ ایک خوراک ہے اس طرح روزانہ تیار کر کے ایک ہفتہ یا دو ہفتہ استعمال کریں۔

دائمی نزلہ زکام کا منتخب نسخہ

ایک صاحب ہمیشہ اس عارضہ میں مبتلا رہتے تھے ایک طبیب حاذق نے ذیل کا نسخہ معہ ایک شربت کے تجویز کر دیا۔ ہمیشہ کے واسطے زکام نزلہ کی شکایت رفع ہو گئی۔ میں نے اس نسخہ کو حاصل کیا جو بہت مجرب ثابت ہوا وہ نسخہ درج ذیل ہے۔

پان بنگلہ	.....	۵۰عدد
لونگ	.....	۵عدد
افیون	.....	½رتی
زعفران	.....	اماشہ

خوب باریک پیش کر بقدر نخود گولیاں نصف چھٹانک روغن گاؤ میں بھون لیں پھر گولیاں علیحدہ اور تیل علیحدہ محفوظ رکھیں صبح اور شام دو دو گولی کھائیں اور سوتے وقت چار چھ قطرے تیل ناک میں ڈال کر اوپر کو کھینچیں چند روز کے استعمال سے بفضلہٖ ہمیشہ کے واسطے آرام ہو جاتا ہے نہایت مجرب زود اثر نسخہ ہے۔

شربت برائے نزلہ زکام

یہ شربت معمولی نزلہ زکام میں بھی از حد مفید ہے اور کھانسی کو بھی نفع عظیم پہنچاتا ہے

Mypdfsite.com

صندل سفید ۔ گاؤں زباں ۔ بہراج ۔ عودصلیب ہر ایک دو دو تولہ ۔ ملیٹھی سونف ۔ خطمی ۔ گلاب کے پھول ہر ایک ایک ایک تولہ ۔ مویز منقی پچیس عدد ۔ پوست خشخاش ایک تولہ ۔ قند سفید ایک سیر ۔

ترکیب

شب کو سیر پانی میں بھگو دیں صبح جوش دیں جب نصف پانی رہ جائے اتار کر چھان کر پھر اس میں شکر ڈال کر قوام تیار کر کے بوتل میں محفوظ رکھیں اور روزانہ چار تولہ سے آٹھ تولہ تک تھوڑے تھوڑے وقفہ کیساتھ چاٹ لیا کریں ۔

فائدہ

بعض اوقات جب زکام بگڑ جاتا ہے تو کانوں سے کم سنائی دینے لگتا ہے اس کے واسطے برگ مدار کے سیدھی طرف روغن گاؤ لگا کر گرم کر کے کانوں پر ہر دو طرف باندھنے سے تمام ریاح خارج ہو کر یہ شکایت دو چار دن میں رفع ہو جاتی ہیں ۔

بالوں کو محفوظ نرم سیاہ رکھنے والا نہایت مجرب نسخہ

پوست آملہ	.....	۲ تولہ
پوست بہیڑا	.....	ڈیڑھ تولہ
مازو	.....	ڈیڑھ تولہ
چھالیہ	.....	ا تولہ
پوست ہلیلہ کابلی	.....	ا ماشہ
گلنار	.....	۶ ماشہ
ترک یعنی ساق	.....	۶ ماشہ

Mypdfsite.com

زیرہ گلاب ..... ۶ ماشہ

مصطگی ..... ۶ ماشہ

پوست انار شیریں ..... ۶ ماشہ

سب کو ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں جب نصف پانی رہ جائے اتار کر خوب مل چھان کر پھر پاؤ بھر گل روغن اور پاؤ بھر میٹھا تیل ڈال کر جلائیں جب پانی جل کر تیل رہ جائے تو بوتل میں محفوظ کر کے رکھیں۔

فائدہ

اس تیل کو روزانہ بالوں میں ایک مرتبہ کسی وقت لگانا چاہئے اس تیل کے استعمال سے جس قدر خراب بال اور کمزور ہوں گے گر جائیں گے اور پھر نئے بال مستحکم اور سیاہ پیدا ہوں گے۔ یہ تیل تقویت دماغ میں بھی بہت مفید ہیں۔

بہ زمانہ انفلوئنزا اکثر عورتوں کے تمام بال گر گئے۔ اسی نسخہ کو استعمال کرایا۔ بفضلہٖ پہلے سے بھی زیادہ گنجان بال پیدا ہو گئے۔ اگر مزاج سرد ہو تو بالچھڑ اور بابونہ کے پھول اور لونگ چھ چھ ماشہ اضافہ کر کے جوش دیں۔

بالوں کو گنجان اور دراز کرنے والا اور عمر بھر سیاہ رکھنے والا مفت چٹکلہ

زمانہ طالب علمی میں سفر میں تھا۔ ایک اسٹیشن پر بغرض تفریح اترا مسافر خانہ میں دیکھا کہ چند عورتیں اور ان کے ہمراہ ایک صاحب بیٹھے ہوئے ہیں میں نے دیکھا کہ ان کی عورتوں کے بال کمر سے نیچے تک ہیں اور بہت سیاہ نہایت خوشنما معلوم ہوتے ہیں۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ دکن کے رہنے والے ہیں پھر بالوں کے متعلق دریافت کیا تو

Mypdfsite.com

فرمانے لگے کہ ہمارے یہاں عموماً عورتیں سیکا کائی سے بال دھوتی ہیں اور اوپر سے ناریل کا تیل خفیف ساسر میں ڈالتی ہیں (سیکا کائی کی آنکھ میں چھنک نہ پڑنا چاہیے بہت تیز لگتی ہے نقصان رساں مطلق نہیں اس سے اطمینان رکھیں) اس سے بالوں میں مثل ریشم کے چمک پیدا ہو جاتی ہے اور بال بہت جلد بڑھتے ہیں۔ ایک خاص بات اس میں یہ بھی ہے کہ اگر بدن پر خوب غسل کیا جائے تو تمام جسم کا میل کاٹ دیتی ہے اس کو باریک پیس کر بھگو دیتے ہیں اور پھر بالوں کو اس سے دھوتے ہیں۔

میں نے سیکا کائی کا ستعمال ہزاروں پر کرایا۔ آپ مبالغہ سمجھیں گے۔ خود تجربہ تھوڑے روز کر کے دیکھ لیجئے۔ یا گھروں میں اپنی عورتوں کو ہدایت فرما دیجئے کہ وہ اسی سے سر کو ہفتہ میں دو بار صاف کیا کریں

سیاہ بال عمر بھر سفید نہ ہوں

مدرسہ اشاعت العلوم سرائے خام بریلی میں جب میں عربی کی تعلیم حاصل کرتا تھا۔ اس زمانہ میں ایک شخص سرائے میں آکر مقیم ہوئے۔ ایک دن میں بھی ان سے ملنے کے لیے گیا وہ اس وقت اپنے سر اور بالوں کو دھو رہے تھے۔ مجھ سے فرمانے لگے مولانا یہاں سرسوں کا تیل کہاں ملتا ہے۔ میں نے کہا کہ جناب والا میں ابھی لا کر دیتا ہوں۔ تیل لا کر میں نے ان کو دیا۔ وہ فرمانے لگے کہ جو کام میرے لائق ہو۔ میں اس کی تکمیل کرونگا اور طلباء کی خدمت کرنا ہمارا فرض ہے آپ ایک دن نائب رسول ہو کر نکلیں گے۔ میں نے کہا کہ جناب والا آپ کے بال دیکھ کر مجھے رشک آتا ہے۔ کس چیز سے آپ بال دھوتے ہیں (اگر آجکل کے زمانہ کے ہوتے تو عمر بھر نہ بتاتے اور اگر بتاتے بھی تو سترہ نخرے کرتے۔ مثلاً لکھتا ہوں کہ یہ عموماً فیشن نکلا ہے کہ ہر خط کے آخر میں یہ لفظ لکھ مارتے ہیں، کاروبار لایقہ سے یاد فرمائیں، اور جب کسی کام کے واسطے لکھا جاتا ہے تو آنکھیں چراتے ہیں) فوراً ان حضرت نے فرمایا کہ آملہ خشک اور چھوٹی ہڑر۔ ریٹھا۔ بیر کی پتی یہ چاروں چیزیں ایک تولہ

Mypdfsite.com

لیکر پانی میں جوش دیکر پھر بالوں کو اس سے دھوتا ہوں اور بعد میں سرسوں کا تیل اوپر سے لگالیتا ہوں۔ ۱۸ سال کی عمر سے آج اسی برس کی میری عمر آئی ہے بفضلہٖ ایک بال میرا سفید نہیں ہے اور ہفتہ میں دو مرتبہ سر دھونا میرا معمول ہے۔

سفید بالوں کا اندر سے سیاہ نکلنا

یہ نسخہ نہایت بے نظیر ہے اور ایک ہمارے کرم فرمانے بہت مشکل سے بتایا قصہ اس کا بہت طویل ہے اس کو نظر انداز کرتا ہوں اور نسخہ لکھتا ہوں۔

آملہ خشک یا تر، دس سیر۔ کچلہ دس سیر۔ مٹی معمولی دس سیر۔ بہلانواں ۳۰ سیر سب اشیاء کو ایک بہت بڑے ظرف یا کسی پختہ حوض میں ڈال کر پھر اس میں اس قدر پانی ڈالو کہ دوا سے سہ چند ہو جائے۔ اب اس کو سڑنے دو اور جب کھاد بن جائے اس وقت کسی محفوظ جگہ پر ڈال کر پھر اس میں میتھی بودو اور اس کی پوری پوری حفاظت کرو۔ جب پتیاں خوب نکل آئیں اس وقت چار ماشہ سے کھانا شروع کرو اور روزانہ ۳، ۳ ماشہ بڑھاتے جاؤ۔ جس حد تک برداشت ہو سکے۔ سبزی۔ گوشت میں پکا کر کھاؤ۔ ویسے سبزی بنالو اور کھاتے رہو۔ جب بیج تیار ہو جائیں تو ہمراہ شیر گاؤ روزانہ تین ماشہ کھانا شروع کرو۔ اگر اس کے کھانے سے گرمی اور خشکی معلوم ہو تو گھی کا استعمال زیادہ کرنا چاہیے اور دودھ بھی زیادہ پینا چاہیے۔ ترشی۔ بادی اور تیل وغیرہ سے پرہیز لازم ہے۔ اس نسخہ کا استعمال چالیس دن تک رہے گا کہ اس درمیان میں انشاء اللہ العزیز اندر سے بال سیاہ نکلنا شروع ہو جائیں گے۔

نوٹ

چھوتھائی بیگھہ زمین میں چھٹانک بھر میتھی بودینا کافی ہے۔ نسخہ کے اجزا پورے ڈالنا چاہیں۔

Mypdfsite.com

بالوں کا کثرت سے پیدا ہونا

ایک لڑکی جس کے سر پر بہت ہی کم بال تھے۔ اس کے والدین نے مجھے لڑکی کو دکھلایا اور کہا کہ اس کے پیدائشی بال ایسے ہی ہیں۔ میں نے انڈے کا تیل نکال کر دہ ہفتہ تک سر پر لگایا۔ بہ کثرت بال پیدا ہو گئے۔ پھر چند مرضاء پر تجربہ کیا عجیب سریع لاشر ثابت ہوا۔

نوٹ:۔

انڈوں کو اوبال کر ان کی زردی نکال کر بذریعہ ڈول جنتر تیل بہ آسانی نکل آتا ہے یا کڑاہی میں انڈے کی زردی ڈال کر ہلکی آنچ نیچے دینے سے دبا کر تیل ذرا کڑاہی جھکا کر رکھنے سے علیٰحدہ ہو جاتا ہے۔

مرگی کا تجربہ عجیب وغریب نسخہ

ایک مریض مرگی کا جس کو شبانہ روز کئی کئی بار مرگی کا دورہ ہوتا تھا اور جسکے علاج سے اس کے والدین عاجز آ کر بانس بریلی میں ایک درویش کامل کرنام سن کر بغرض علاج ان کو لائے فقیر صاحب کی خدمت میں بہت کچھ عرض معروض کی لیکن ان بزرگ صاحب نے فرمایا کہ کسی طبیب حاذق سے اس کا علاج کراؤ بہت سے اشخاص اس جگہ پر موجود تھے۔ ایک صاحب نے مریض کے حال اور ان کی پریشانی کو دیکھ کر فرمایا کہ بھائی صاحب میرے جدّ امجد بڑے کامل درویش اور حاذق طبیب تھے۔ ان کا ایک نسخہ نہایت مجرب اور زود اثر کم خرچ بالانشین ہے اگر جناب بنا کر استعمال کرائیں گے تو انشاء اللہ بالکل ازالہ مرض ہو جائیگا۔ چنانچہ وہ نسخہ تیار کر کے استعمال کرایا گیا۔ خدا نے شفاء عاجلہ عطا فرمائی میں نے اس نسخہ کا چند مرضاء پر امتحان کیا اس وقت سے میں اس کی بڑی قدر کرتا ہوں اور ساتھ ہی مجھے بہت بڑی حیرت ہوئی کہ اس معمولی نسخہ میں یہ اثر۔

Mypdfsite.com

سرکہ خالص اور عقر قرحا چار چار تولہ۔ شہد خالص بارہ تولہ۔ سرکہ میں شہد ملا کر نرم آنچ پر پکایئے جب مثل قوام کے ہو جائے اتار کر پھر عقر قرحا باریک پیس کر جو پہلے سے تیار کر لیا گیا ہو۔ ملا دیجئے۔ یہ مثل معجون کے ہو جائیگا۔ صبح و شام تین تین ماشہ آدھ پاؤ پانی کے ساتھ کھائیں اور ہاتھی کا گوبر اور زعفران تین تین ماشہ باریک پیش کر رکھ لیں دو چار مرتبہ اس کا ناس لیں۔ بفضلہ تین ماہ کے اندر اندر بالکل صحت ہو جاتی ہے۔

امّ الصّبیان کا تیر بہدف نسخہ

یہ بھی مرگی کی ایک قسم ہے جو اکثر بچوں کو عارض ہوتا ہے اس کو کیڑا اور مسان بھی کہتے ہیں۔ اس مرض میں بچہ یک لخت بیہوش ہو جاتا ہے۔ ہاتھ پیر اینٹھتا ہے اور کبھی منہ سے جھاگ بھی آتے ہیں۔ ہزاروں بچوں کا میں نے علاج بھی کیا ہے اس سے بہتر نسخہ مجھے نہیں ملا۔ مدار کا درخت جس کو آک بھی کہتے ہیں اس کا دودھ دو تولہ لے کر اس میں چھ ماشہ چاول ڈال دیجئے۔ جب دودھ چاولوں میں جذب ہو جائے پھر دوبارہ اسی طرح جذب کر کے خشک ہونے پر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ وقت دورہ اس کا ناس دیجئے۔ تھوڑے تھوڑے وقفہ سے اس سے چھینکیں آتی ہیں اور بچہ پھر ہمیشہ کے واسطے اچھا ہو جاتا ہے اور عود صلیب سیاہ دھاگہ میں باندھ کر گلے میں لٹکائیں اور ایک ایک رتی جند بیدستر شہد ایک تولہ میں ملا کر چٹائیں نیز جند بیدستر سونگھائیں اور ذرا سا آس پاس بچہ کے رکھ دیں۔ الغرض دو دو یوم تک جو بچہ بیہوش رہا ہو اس کو بھی اس موذی مرض سے نجات حاصل ہو گئی۔

سوکھی میلی

اس مرض میں بچہ سوکھ کر کانٹا ہو جاتا ہے۔ بسکھپرے کی جڑ ذرا سی گھس کر ایک سیاہ مرچ ڈال کر صبح و شام ایک ہفتہ روزانہ چٹانے سے بچہ کو اس مرض سے نجات مل جاتی ہے۔ آپ کو اس سے بہتر اطمینانی نسخہ ملنا دشوار ہے نہ معلوم کس قدر بچے اس جڑی بوٹی

Mypdfsite.com

سے صحت یاب ہو چکے۔ اور اب یہ ایڈیشن ہے اس درمیان میں بیسیوں خطوط موصول ہو چکے ہیں۔

فالج کا بے نظیر علاج

اس کا علاج تو باقاعدہ مقامی حالت میں طبیب ہی کر سکتا ہے۔ لیکن ہم صرف مالش کا نسخہ لکھتے ہیں جو ہمارا معمول مطب ہے اور بفضلہٖ بیسیوں مرضاء صحت یاب ہو چکے ہیں۔ فالج۔ گنٹھیا۔ لقوہ ۔ رعشہ۔ درد پسلی اور ان دردوں کو جو سردی کی وجہ سے پیدا ہو گئے ہوں۔ اکسیر الاثر ہے

اگر فالج۔ گنٹھیا کا علاج بھی نہ کیا جائے اور صرف مالش خوب اچھی طرح سے صبح و شام کی جائے۔ جب بھی پورا پورا فائدہ ہو جاتا ہے نسخہ درج ذیل ہے۔

بالچھڑ	.....	۱تولہ
چھڑیلہ	.....	۲تولہ
جادتری	.....	۳ماشہ
کاپھل	.....	۲تولہ
لونگ	.....	۶ماشہ
لاپچی خورد	.....	ڈیڑھ تولہ
تج قلمی	.....	۲تولہ
دارچینی	.....	۶ماشہ
زرکچور	.....	۴تولہ
کچلہ	.....	۲تولہ

Mypdfsite.com

ترکیب۔

بکائن۔ نیب۔ کاسنی۔ شیشم۔ مکو۔ چمیلی۔ بھنگرہ۔ ککروندہ۔ گیندا۔ ببول۔ املی کے پتوں کے عرق نکال کر ہر ایک کا عرق ایک تولہ ہو۔ علیحدہ علیحدہ سب میں گھوٹئے۔ پھر عرق گلاب نصف پاؤ میں کھرل کر کے گولیاں بنا لیجئے وقت ضرورت ذرا سے پانی میں ایک گولی بقدر ضرورت گھس کر انگلی سے آنکھ میں لگایئے اور آنکھ کھولی اور بند کی جائے تا کہ آنکھ سے خوب پانی نکلے۔ تا استعمال سرمہ بوقت صبح اطریفل اسطوخودوس ۹ ماشہ اور بوقت رات اطریفل زمانی ۹ ماشہ کھانا ضروری ہے۔ اطریفلات کے نسخے مشہور و معروف ہیں۔

سرمہ ناطورۃ العین سفید

سوائے موتیا بند اور پھولہ و ناخونہ کے جملہ امراض چشم کا بہترین علاج ہے۔ لونگ کا اوپر کا حصہ ٹوپی دار۔ ایک تولہ۔ پھٹکری سفید چار تولہ۔ دونوں کو خوب باریک پیس کر آنکھ میں ہر وقت مثل سرمہ کے لگایئے۔ انشاء اللہ بہت جلد فائدہ پہنچے گا۔

فائدہ۔

بعض حضرات بلاوجہ قبل استعمال کسی نسخہ کے معمولی اجزاء دیکھ کر رائے قائم کر لیتے ہیں کہ اجی صاحب یہ نسخہ کیا فائدہ پہنچائے گا۔ ان کو یہ علم نہیں ہے کہ سابق زمانہ حاذق اطباء نہایت معمولی دوا سے مہلک بیماریوں کا شرطیہ علاج کرتے تھے۔ یہ بھی جانے دیجئے فی زمانہ اگر کوئی شخص دوا تیار کر کے دیتا ہیں تو پھر آپ کو کس قدر اس کی قدر ہوتی ہے۔ حالانکہ وہ ایک پیسہ کا بھی نسخہ نہیں ہے۔ درحقیقت بات یہ ہے کہ ایسے حضرات بیش بہا ادویات پر پورا پورا فائدہ پہنچنے کا عقیدہ رکھتے ہیں حالانکہ فائدہ پہنچانے والی وہ ذات اللہ وحدہٗ لاشریک کی ہے۔ کوئی خصوصیت دوا میں اعلیٰ اور ادنیٰ کی نہیں ہے۔ ہم کو یہ نسخہ نگرام کے ایک کپڑا بننے والے سے بیحد خوشامد کرنے بعد ملا تھا۔ اور اس کے مکان پر تمام مرد عورت سرمہ لینے دوا دور سے آتے تھے۔ اور کوئی ایسا شخص نہ تھا جو اس سرمہ کی تعریف نہ کرتا

Mypdfsite.com

ہو۔

سرمہ ناطوارۃ العین سیاہ

سرمہ سیاہ	.....	۱تولہ
ساذج ہندی (تیزپات)	.....	۶ ماشہ
شادنج مغسول	.....	۶ ماشہ
مونگے کی جڑ	.....	۳ ماشہ
پھول جست	.....	۳ ماشہ
سنگ بصری	.....	۳ ماشہ
تخم سرس	.....	۱ ماشہ
زنک سلفاس	.....	۳ ماشہ
دانہ الائچی خورد	.....	۳ ماشہ
پھٹکری بریاں	.....	۳ ماشہ
صدف صادق	.....	۳ ماشہ

کسوندی کی پتی کے عرق اور گلاب کے عرق یا جو وقت پر عرق مل جائے چھٹانک بھر عرق میں کھرل کر کے سرمہ تیار کریں۔ صبح و شام لگایا کریں اس سرمہ کے استعمال سے عمر بھر امراض سے آنکھ محفوظ رہتی ہے۔ بصارت میں ترقی ہوتی ہے کچھ عرصہ کے استعمال پر عینک کی عادت چھٹ جاتی ہے۔

Mypdfsite.com

درد کان کا مجرب نسخہ

گل بنفشہ۔ اسطوخودوس (دہارو) افسنتین رومی (مجتری) گل بابونہ ہر ایک چھ چھ ماشہ شب کو یہ دوائیں پاؤ بھر پانی میں بھگو کر صبح جوش دیں جب نصف پانی باقی رہ جائے اتار کر مل چھان کر پھر اس پانی کو چولہے پر چڑھا کر گل روغن دو تولہ ڈال کر اور سرکہ خالص چھ ماشہ ملا کر پکائیں جب پانی جل کر تیل رہ جائے اتار کر کافور چار رتی۔ مصطگی رومی ایک ماشہ۔ اتر روت (لائی) ایک ماشہ باریک پیس کر تیل میں ملا کر رکھ لیں۔ وقت ضرورت جملہ قسم کے درد کان میں نیم گرم ڈالنے سے فوراً آرام آ جاتا ہے۔ (ہزاروں پر تجربہ شدہ ہے)

شاہی منجن

جملہ اقسام کے دانتوں کے درد میں اکسیر الاثر ہے اس کے استعمال سے۔ خون۔ پیپ۔ ٹیس۔ کیڑا لگنا اور ہلنا سب شکایت دفع ہو کر دانت مستحکم پائدار ہو جاتے ہیں اور اگر ہمیشہ استعمال اس منجن کا رہے تو گویا بلا مبالغہ دانتوں کو مثل فولاد کے سمجھنا چاہئے۔ اس نسخہ میں اگرچہ اجزاء بہت ہیں۔ لیکن ایک مرتبہ کا تیار کیا ہوا مدتوں کام دے گا۔ بوڑھے مرد اور گھر کی بزرگ عورتیں اور نیز اس قسم کے جملہ شکایت رکھنے والوں کو اس منجن کے استعمال کی سفارش کی جاتی ہے۔

نمک لاہوری۔ نمک سیند ہا ہر ایک دو تولہ۔ پھٹکری بریاں۔ پوست بادام سوختہ صدف سوختہ۔ ہر ایک ایک تولہ مصطگی رومی۔ سنگ جراحت۔ عقرقرحا۔ زنجبیل باء برنگ۔ دم الاخوین۔ کتھ سفید۔ لونگ۔ مازو بریاں، زیرہ سفید۔ پان کی جڑ، چھالیہ سوختہ۔ کچلہ سوختہ۔ تمباکو خوردنی۔ قسط تلخ۔ گل ارمنی۔ نیلا تھوتھا بریاں۔ دھنیا بریاں۔ مسور چھلی ہوئی۔ پوست نیم و جامن ببول ہر سہ کی چھال سوختہ ہر ایک چھ چھ ماشہ پیپل۔ سمندر جھاگ۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ڈہائی ماشہ۔ طباشیر۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ خشک ہر ایک تین ماشہ باریک پیس

Mypdfsite.com

کر منجن بنالیں روزانہ صبح وشام اس منجن کا استعمال کریں اوپر سے پان کھالیں)۔نصف گھنٹہ کے بعد کلی کرنا چاہیے۔

خوشبودار منجن دانتوں کو جلا دینے والا نہایت عمدہ

مصطگی رومی۔ چھوٹی الائچی۔ طباشیر (بلسلو چن) ہر ایک ہموزن ادویہ باریک پیس کر سفوف بنا کر روزانہ صبح وشام دونوں وقت دانتوں کو اسی منجن سے صاف کریں مثل موتی کے دانت اس سے جھلکنے لگتے ہیں۔

دیگر۔

زرد کوڑی سوختہ ..... ا تولہ

پوست بادام سوختہ ..... ۴ تولہ

مصطگی رومی ..... ا تولہ

باریک پیس کر منجن بنائیں یہ منجن عورتوں کو از بس مفید ہے۔

ہدایت۔

اکثر حضرات منجن لگا کر پھر کلی کر لیتے ہیں۔فائدہ کیا خاک ہو اور نسخہ کو غلط ثابت کرنے کے علاوہ مصنف کتاب کو بھی مفت میں دو چار الفاظ برے بھلے کہہ ڈالتے ہیں یا دو چار دن استعمال کرنے پر جب فائدہ نہ ہو تو نسخہ کا استعمال چھوڑ دیتے ہیں یہ طریقہ غلط ہے۔منجن لگا کر نصف گھنٹہ کے بعد کلی کرنا چاہئے اور کسی دواء کو کم سے کم ہفتہ دو ہفتہ استعمال کرنا ضرور ہے۔

Mypdfsite.com

کتیرا۔ ببول کا گوند کا کڑا سنگھی نشاستہ۔ رب السواس ایک ایک ماشہ اور مغز بادام شیریں دو عدد باریک پیس کر شربت بنفشہ دو تولہ میں ملا کر تھوڑی تھوڑی دیر سے چائیں۔

خشک کھانسی

ببول کا گوند۔ کتیرا۔ مغز کدوئے شیریں ہر ایک تین تین ماشہ۔ رب السوس نشاستہ۔ مویز منقیٰ ہر ایک چھ ماشہ قند سفید دس ماشہ (بہی دانہ بقدر ضرورت) کے لعاب میں ملا کر بقدر نخود گولیاں بنالیں اور ایک ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔

دیگر۔

صرف کا کڑا سنگی کو باریک پیس کر ہمراہ آب بقدر فلفل سیاہ گولیاں بنا کر منہ میں رکھ کر چوسیں۔

اختلاج قلب کا عجیب الاثر نسخہ

کشنیز خشک۔ صندل سرخ و سفید۔ بہمن سرخ و سفید۔ ابریشم مقرض۔ تخم کاہو۔ خرفہ سیاہ۔ تخم بالنگا۔ گل سرخ، گاؤزبان۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ یشب سبز انگوری۔ تخم فرنجمشک ہر ایک چھ ماشہ۔ چاندی کے ورق بارہ عدد۔ رب بہی ڈہائی تولہ۔ شہد خالص چھٹانک۔ تمام ادویہ ڈیڑھ پاؤ عرق بید مشک میں ایک شبانہ روز تر رکھیں پھر جوش دیکر نصف عرق رہ جانے پر اتار کر مل چھان کر صاف کر کے شہد۔ ربّ بہی اور مصری چھٹانک کا اضافہ کر کے اسی عرق میں ملا کر قوام تیار کر لیں۔ مقدار خوراک صبح و شام چھ چھ ماشہ ہے

Mypdfsite.com

دیگر۔

زہر مہرہ خطائی قسم اول ایک تولہ۔ طباشیر تین ماشہ۔ یشب سبز انگوری تین ماشہ۔ روح گلاب چھ ماشہ میں کھرل کر کے گولیاں بنالیں ایک ایک رتی کی اور خمیرہ گاؤزبان اتولہ میں ملا کر کھائیں اوپر سے عرق گاؤزباں آدھ پاؤ پی لیں۔

نوٹ۔

اختلاج قلب بہت مشکل سے جاتا ہے اور بعض اوقات یک دم قلب کی حرکت بند ہو جاتی ہے اور آناً فاناً موت واقع ہو جاتی ہے اور اس مرض میں سینکڑوں روپیہ علاج میں خرچ ہو جاتا ہے اس لیے میرے نزدیک اس نسخہ کو تیار کر کے استعمال کر لیں تاکہ ہمیشہ کے واسطے شکایت رفع ہو جائے۔

شکم کی بیماریاں

حبوب ہاضم مشتہی طعام

زنجبیل (سونٹھ) پاؤ بھر لیکر باریک پیس کر پانی میں بھگو دیجئے اور تین گھنٹہ کے بعد اس کا پانی نتھار دیجئے پھر دوسرا پانی ڈال کر مل کر رکھ دیجئے دو گھنٹہ کے بعد پھر اوپر کا پانی نتھار دیجئے پھر تیسرا پانی ڈال کر رکھ دیجئے دو گھنٹہ ہو جائے پانی نتھار دیجئے یہ ست زنجبیل ہوگی اب اس کو خشک سایہ میں کر لیجئے پھر عرق لیموں کاغذی اسقدر ڈالئے کہ نصف انگل دوا سے اوپر آجائے جب یہ خشک ہو جائے پھر اس طرح سات مرتبہ عرق ڈال کر جذب کیجئے بعدہٗ بقدر ذائقہ نمک سیاہ ڈال کر گولیاں جنگلی بیر سے بنا لیجئے۔ وقت ضرورت یا بعد طعام دو گولی کھایئے۔ اور پھر اس کا لطف دیکھئے۔ ہیضہ۔ تخمہ۔ درد شکم۔ باؤ گولہ سب میں لاثانی ہیں نہایت زرد اثر گولیاں ہیں۔

Mypdfsite.com

اکسیر شکم

یہ نسخہ جملہ امراض شکم میں اکسیر ہے بچوں اور جوانوں کو یکساں مفید ہے اگر نیم گرم دو گھونٹ کے ساتھ ایک ماشہ کھالیں تو دست لاتا ہے قبض کو رفع کرنے میں بے نظیر ہے جملہ اقسام کے درد شکم مثلاً باؤ گولہ۔ ریاحی درد قراقر۔ بدہضمی۔ ضعف معدہ۔ صلایت معدہ ۔بھوک نہ لگنا۔ استیصال۔ قے۔ جی متلانا۔ کھٹی ڈکار آنا۔ قولنج کا درد۔ ریاح نہ خارج ہونا الغرض تمام ایسے امراض میں ازبس مفید ہے۔

ترپھلہ۔ ہڑڑ۔ ایک ایک تولہ۔ فلفل دراز ایک تولہ۔ دانہ الائچی چھ ماشہ۔ پودینہ خشک۔ سفید زیرہ۔ عود خام۔ مصطگی رومی۔ زیرہ سیاہ۔ طباشیر۔ زنجبیل۔ لونگ۔ نوشادر قلمی۔ شورہ قلمی۔ مرچ سیاہ۔ دارچینی۔ سماق۔ پوست بیرون پستہ ہر ایک ایک ماشہ۔ نمک لاہوری ہر ایک تین ماشہ۔ نمک سیاہ بقدر ذائقہ۔ جملہ ادویہ کو خوب باریک پیس کر ست زنجبیل۔ ست لیموں۔ ست سہاگہ۔ ست نوسادر۔ ست اجوائن۔ ست پودینہ۔ زہر مہرہ خطائی۔ ورق نقرہ ہر ایک ایک رتی اضافہ کر کے ملا کر بوتل میں محفوظ کر دیں۔ اور ایک ہفتہ کے بعد اس کو بعد طعام چھ رتی سے ایک ماشہ تک کھائیں۔ بفضلہ یہ نسخہ ہزار ہا اقسام کے نمک سلیمانی سے بہتر ہے ہر وقت گھر میں تیار رہنا چاہئے۔

نمک سلیمانی

یہ نمک سلیمانی عجیب وغریب فوائد رکھتا ہے۔ بھوک از حد بڑھاتا ہے بعد تیاری اور کچھ عرصہ استعمال پر آپ اس سے بہتر کوئی دوسرا نسخہ نہ پائیں گے۔ اس کے علاوہ اور جو فوائد معلوم ہوں گے ان کا یقین فائدہ کے بعد آئے گا۔

اوّل نوسادر پاؤ بھر لیکر اس کو ایک کوری ہانڈی میں چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے رکھے مابعد اوپر سے دوسری کوری ہانڈی چھپا کر خوب گل حکمت کر کے خشک کر لیجئے پھر

Mypdfsite.com

چولھے پر چڑھا کر خوب تیز آنچ کیجئے اور اور پر جو خالی ہانڈی ہیں اس پر ایک تر کپڑا رکھ دیجئے جب وہ گرم ہو جائے پھر ٹھنڈا کر کے رکھتے رہے اس طرح تھوڑی دیر میں تمام نوشادا ڑ کر ہانڈی کے اندرونی حصہ میں لگ جائے گا۔ اس کو پھر حاصل کر لیجئے گویا اب یہ جوہر نوسادر ہے اب جس قدر یہ ہوا تنا ہی گندھک آملہ سار لیجئے اور نمک سیاہ اور نمک سانبھر اور نمک لاہوری ہر ایک پاؤ بھر لیجئے اور ذیل کی ادویہ تین تین تولہ ملائیں۔

سونف۔ اجوائن دیسی۔ پودینہ خشک۔ مرچ سیاہ پیپل دراز۔ زنجلیل پھر کوٹ چھان کر ان ادویہ کو ملا کر بوتل میں محفوظ رکھے۔ خوراک ۲ ماشہ تک ہے۔ بعد طعام یا بحالت قبض استعمال کریں۔

جگر کے فعل کی اصلاح کرنے والا بے نظیر نسخہ

یہ سفوف ریاح خوب خارج کرتا ہے۔ بھوک خوب لگاتا ہے جگر کی خرابی کی وجہ سے جو اسہال عارض ہو جاتے ہیں اس میں از بس مفید ہے۔ معدہ کی اصلاح کرتا ہے۔ دستوں کو بند کرتا ہے۔ ہاضمہ کے فعل تقویت دیتا ہے۔

بادیان۔ زیرہ گلاب۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ پوست بیرون پستہ۔ گل سرخ۔ پودینہ خشک۔ بیل گری خام (بیل کا گودا) نمک سیاہ۔ سب چھ چھ ماشہ سفوف بنا کر کپڑے میں چھان کر استعمال کریں۔ خوراک بعد غذا صرف ۲ ماشہ۔

جلاب والی گولی

جمالگوٹہ مدبر اور سہاگہ ایک ایک تولہ۔ اندراین کا گودا اور کمیلہ سرخ ہر ایک دو تولہ مویز منقیٰ دو تولہ میں ان باریک پسی ہوئی ادویات کو خوب ملا کر جب منقیٰ میں حل ہو جائیں بقدر مٹر بنالیں۔ وقت ضرورت حسب عمر دو گولی سے آٹھ گولی تک۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال

اول دو تولہ سونف چار سیر پانی میں جوش دیں۔ جب خوب رنگ آجائے اس وقت حسب ضرورت گولیں کھا کر اوپر سے نیم گرم پانی ایک گلاس سونف کا پی لیں اور تھوڑے تھوڑے وقفہ سے تھوڑا تھوڑا پانی برابر پیتے رہے کم سے کم ڈھائی سیر اور زیادہ سے زیادہ تین سیر تک پانی پینے سے بخوبی اسہال ہو کر طبیعت صاف ہو جاتی ہے۔ اگر شکم میں درد محسوس ہو تو پانی دو دو گھونٹ ذرا تیز گرم پینا چاہیئے۔ اگر بخار بھی آتا ہو تو بخار کے بیان میں جو ہاری رو کنے والی نہایت مجرب ست گلو والی گولی ہے اس کے ہمراہ دو گولیاں وہ بھی کھا لینی چاہیئے بخار بھی کافور ہو جاتا ہے۔ ان گولیوں سے اخراج معدہ خوب ہوتا ہے۔ یہ گولیاں دس بارہ سال سے ہماری مطب معمول ہیں۔ ایک گولی سے ایک دست آتا ہے۔ اگر قبض کی شکایت رہتی ہو تو ایک گولی کھا کر اوپر سے عرق بادیان نصف پاؤ یا سونف کو اوٹا کر پی لینا چاہیئے۔ صبح خوب کھل کر پائخانہ ہو جاتا ہے۔ یہ گولیاں ہر وقت گھر میں تیار رہنا چاہئیں۔

جمال گوٹہ مدبر کرنے کی نہایت آسان ترکیب

اوّل گرم پانی میں جوش دیں تھوڑی دیر کے بعد اس پانی کو پھینک دیں اسی طرح سات مرتبہ یہ عمل کریں پھر درمیان کا پردہ نکال کر کسی کورے برتن میں جس کو پانی نہ لگا ہو اس میں خوب باریک پیسیں تا کہ باقی ماندہ چکنائی سب برتن جذب کر لے پھر دوا میں ملا کر استعمال کرنا چاہیئے۔

نوٹ۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ جمال گوٹہ ہر حالت میں کچھ نہ کچھ نقصان ضرور کرتا ہے بالکل غلط ہے طریقہ مذکورہ پر صاف کر کے بے کھٹکے استعمال کرنا چاہیئے۔

Mypdfsite.com

ورم جگر اسہال جگری کا منتخب نسخہ

افسنتین رومی (بحتری) سات ماشہ۔ نوشادر چاررتی سے ایک ماشہ تک۔ سفوف بنا کر پانی کے ہمراہ کھالیں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے بخار جگری اسہال جگری اور ورم وغیرہ بفضلہٖ کافور ہو جاتا ہے۔

نوٹ۔ جگر میں اگر کوئی خرابی پیدا ہو جائے یا ورم خفیف ہاتھوں پیروں پر معلوم ہو تو صرف یہی نسخہ بمنزلہ اکسیر ہے۔

خرابی جگر کا عجیب الاثر نسخہ

کلکتہ کے ایک مشہور حاذق طبیب نے جن کو اس مرض کے علاج میں کمال حاصل تھا ذیل کا نسخہ ازراہ عنایت مرحمت فرمایا تھا اور میرے سامنے خود بنا کر تجربہ کیا اور خود مجھ سے تجربہ کرایا نہایت مفید ثابت ہوا۔ بات یہ ہے کہ اللہ پاک نے معمولی ادویات میں وہ بے نظیر فوائد رکھے ہیں۔ جن سے خود عقل انسان کی حیران ہے بڑے بڑے نامور اطباء ایسے ہی چٹکلہ استعمال کرتے ہیں اور مریض صحت یاب ہو جاتا ہے جس کی دوبارہ زندگی ہونے کی خود کو قطعی امید نہیں ہوتی۔

برگ مدار زرد اور ہلدی ہموزن لے کر باریک پیس کر گولیاں بنالیں اور یہ جوشاندہ تیار کرلیں۔ کاسنی۔ مکو۔ سونف اور مغز گھیگوار ہر ایک ایک تولہ پاؤ بھر پانی میں جوش دے کر رکھ لیں۔ اب پہلے دن پانچ گولی کھلا کر اس جوشاندہ کو اوپر سے پلا دیں اور ہر روز ایک گولی ایک ہفتہ تک روزانہ بڑھاتے جائیں اور جوشاندہ اس طرح روزانہ پلاتے جائیں۔ پھر ایک ایک گولی روزانہ گھٹانا شروع کریں یہاں تک کہ وہی مقدار پانچ گولیوں کی آجائے دو ہفتہ میں خدا کے فضل و احسان سے مریض صحت مند ہو جاتا ہے۔

Mypdfsite.com

فسادِ جگر کا اعجاز نما نسخہ

نخود بریاں چار تولہ لے کر کٹکر وندہ بوٹی کا عرق نکال کر اس قدر ڈالے کہ دو انگل چنوں سے اوپر آجائے جب عرق سب جذب جو جائے تو گولیاں مٹر کے برابر بنا کر لیں اگر زیادہ خرابی جگر میں پیدا ہو گئی ہے تو دو گولی سے تین گولی تک صبح اور اسی طرح شام ورنہ ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ آب تازہ نگل جائیں۔ یہ ایک بزرگ کا عطیہ نہایت زود اثر ہے۔ چند مرضاء پر تجربہ کرنے سے ہمہ صفت موصوف ثابت ہوا ہے۔

نوٹ۔ جس نسخہ کو چاہیں بنا کر استعمال کریں۔ کم و بیش تعریف پر نہ جائیں۔ اور نہ یہ خیال رکھیں کہ بعض مریضوں کو بد پرہیزی یا کسی اور وجہ سے نسخہ فائدہ نہیں کرتا۔ بدظن نہ ہوں۔ دوسرا نسخہ استعمال کرا دیں۔ اللہ پاک شفاء کلی عطا فرماتا ہے۔ یہ مرض بہت مشکل سے جاتا ہے اور بہت خطرناک ہیں۔

ہدایت۔ آنحضرت رسول اکرم ﷺ ایک مرتبہ جنگل میں تشریف لئے جا رہے تھے ایک بوٹی نے کہا کہ حضرت مجھ میں یہ اثر ہے کہ اگر نا امید ہو گیا ہو اور مر رہا ہو مجھے پلا دیجئے فوراً اچھا ہوگا۔ اتفاق سے ایک صحابہ کرام کی حالت جب نزع کی ہوئی حضور ﷺ نے فرمایا فلاں بوٹی لے آؤ۔ چنانچہ اس بوٹی کو لا کر پلایا گیا۔ فوراً ان کا انتقال ہو گیا۔ پھر ایک مرتبہ حضور ﷺ اسی طرح تشریف لئے جاتے تھے۔ پھر اس بوٹی نے اسی طرح کہا حضرت نے فرمایا تو رسول ﷺ خدا سے جھوٹ بولا۔ بوٹی نے جواب دیا کہ آپ رسول ﷺ خدا ہیں مجھے جھوٹ بولنے کی کیا ضرورت ہے۔ آپ نے مجھے پلایا۔ میں نے حکم باری تعالیٰ سے لیا۔ خلاف ملا تو اس میں میرا کیا قصور ہے۔ جب منظور خدا ہوتا ہے فوراً مریض اچھا ہو جاتا ہے۔ علاج میں کوئی فروگذاشت حتی الوسع طبیب سے نہ ہونا چاہئے اور مریض کو ہر وقت اللہ پاک کے فضل و کرم کا امیدوار رہنا چاہئے باری تعالیٰ صحت عاجلہ

Mypdfsite.com

عطا فرمانے والا ہے۔

طحال کے اکسیر نسخہ جات

احقر چوبیس سال سے اس طحال کے مرض میں مبتلا تھا ہزاروں نسخے حکماء اور وید نیز ڈاکٹر صاحبان کے استعمال کئے تھوڑا بہت فائدہ ضرور ہوتا تھا۔لیکن طحال جاتی نہ تھی۔ مجبور ہو کر علاج چھوڑ دیا اتفاق سے حاذق الاطباء رعالی جناب افسر الاطباء صاحب بھوپال متوطن شاہجہاں پور نے فرمایا کہ یہ نسخہ آپ بنا کر استعمال فرمایئے یہ ہمارا سیکڑوں پر تجربہ کیا ہوا نسخہ ہے۔بس اس کا ستعمال کرنا تھا کہ طحال کافور ہوگئی۔نسخہ ذیل میں درج ہے۔

اشق (کاندر) گوگل۔سکبینج (کندل) اسپند (کالا دانہ) برگ سداب (تتلی) السی (تخم کتاں) ہر ایک دو تولہ۔انجیر سیاہ آٹھ عدد۔گندھک ایک تولہ۔اشق گوگل سکبینج اور انجیرانِ چہار ادویہ کو تیز سرکہ میں ملا کر خوب کوٹیں پھر بقیہ ادویہ کوٹ چھان کر شامل کر کے تیار کر لیں۔

وقت ضرورت نیم گرم لیپ طحال پر لگائیں اوپر سے ایک باریک کپڑا چپکا کر پھر رومال باندھ لیں چونکہ موسم گرما میں یہ دوا جلد خشک ہو جاتی ہے دوسرے خود مثل مرہم کے یہ دوا ہوتی ہے اس لئے تھوڑا سا سرکہ روزانہ علیحدہ سے بقدر ضرورت دوائیں ملا کر پھر نیم گرم لیپ کرنا چاہئے اگر ضرورت سمجھیں ذیل کا نسخہ بھی تیار کریں اور اس کو بھی کھاتے رہیں تا کہ ہفتہ عشرہ میں صحت کلی ہو جائے۔

حبُوب طحال

بیخ سوسن	.....	۱۴ ماشہ
فلفل سفید	.....	۷ ماشہ

Mypdfsite.com

اشق (کاندر) ..... اتولہ

تیز سرکہ میں ملا کر جوب بقدر ضرورت کے بنالیں اور روزانہ ۷ ماشہ ۲ تولہ تک سرکہ والی کے ہمراہ کھالیا کریں۔ خواہ سرہم کا استعمال رکھیں۔ یا ہر دو یا صرف جوب طحال کا نسخہ کھائیں۔ بہر حال مجھے آج تک مختلف اطراف ہند میں دوسرا نسخہ استعمال کرنے کی حاجت نہیں پڑی۔

ہدایت۔ طحال کے مریض کامل پرہیز لازم ہے دودھ کا استعمال ہرگز نہ کریں بادی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

جملہ اقسام بخار کے عجیب الاثر نسخہ جات

جملہ اقسام کے بخاروں میں ست گلو اور طباشیر سے بہتر کوئی دوا نہیں ہے بارہا تجربہ کیا گیا کبھی خطا نہیں کرتیں۔ باہر حال ان ہر دو ادویہ کو جزو اعظم سمجھنا چاہئے۔ کیسا ہی بخار لرزہ کے ساتھ ہو ایک ایک ماشہ ہمراہ شہد خالص سفوف ہم وزن دینے سے بخار فوراً چلا جاتا ہیں اگر اس دوا کے دینے سے بخار موقوف نہ ہو تو ہمراہ قرص طباشیر سادہ یا قرص طباشیر کافوری پیس کر یا جوش دیکر دینے سے فوراً صحت ہو جاتی ہے۔ تمام اقسام کے بخاروں میں تجربہ شدہ ہے۔

قرص طباشیر سادہ

طباشیر	.....	۱۴ ماشہ
ترنجبین	.....	ڈیڑھ ماشہ
مغز خیارین	.....	3½ ماشہ
مغز کدوئے شیریں	.....	3½ ماشہ

Mypdfsite.com

نشاستہ	.....	3½ ماشہ
صمغ عربی	.....	3½ ماشہ
کتیرا	.....	3½ ماشہ
خشخاش	.....	3½ ماشہ

اسپغول کے لعاب میں گوندھ کر بقدر ایک ایک ماشہ کے قرص بنالیں۔

نوٹ۔ طباشیر بنسوچن کو اور خیارین کھیرے ککڑی کے بیج کو کہتے ہیں اور نشاستہ گندم کے آٹے سے بنایا جاتا ہے اور صمغ عربی ببول کے گوند کو اور مغز کدوئے شیریں لوکی کے مغز کو کہتے ہیں۔

قرص طباشیر کافوری

طباشیر رب السوس۔ صندل سفید ہر ایک سات ماشہ۔ کاسنی خرفہ۔ کتیرا صمغ عربی تخم کاہو ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ مغز کدوئے شریں ساڑھے سترہ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ گیرو دس ماشہ۔ ترنجبین تین تولہ۔ کافور ساڑھے تین ماشہ۔ ایک ایک ماشہ کے قرص تیار کریں۔ ایک یا دو قرص ہمراہ ست گلو استعمال کریں۔ یہ قرص کہانسی اور تپ محرقہ نیز سینہ کی کھڑکھڑاہٹ کو از حد رفع کرتا اور پیاس بجھاتے ہیں۔

ہر قسم کے بخار کی اکسیر گولیاں

مغز کربخوہ۔ فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ۔ زیرہ سفید۔ برگ ببول چھ چھ ماشہ۔ نرم کوٹیں اور بقدر نخود گولیاں بنالیں دو گولی صبح دو شام ہمراہ آب تازہ۔

نوٹ: عرق چرائتہ۔ عرق گلاب۔ عرق بادیان۔ عرق گلو۔ ایک ایک تولہ ملا کر مذکورہ بالا گولیاں بنالی جائیں تو بخار کے دفع کرنے میں مسیحائی اثر رکھتی ہیں۔ ہمارے

Mypdfsite.com

ہمیشہ سے معمول مطب ہیں اگر عرقیات نہ ملیں ہر دوا کو پانی میں جوش دے کر اس کا جوشاندہ ہی لے لیں اور استعمال کریں۔

حبوب افسنتین رومی

یہ گولیاں عجیب الاثر ہیں آپ بنا کر کسی پر تجربہ کیجئے۔ مریض خود حیران رہ جائے گا میرے تجربہ میں اس سے عمدہ دوا نہیں آئی۔ بڑا خوش قسمت وہ شخص ہے جو ذرا سی تکلیف گوارا کر کے ان گولیوں کو بنا لے خود فائدہ اٹھائے اور دوسروں کو فائدہ پہنچائے۔

گلوے تازہ۔ انتر چھال نیب ہر ایک ڈیڑھ سیر۔ چرائتہ دو سیر۔ افسنتین پاؤ بھر آٹھ سیر پانی میں جوش دے کر جب دو سیر پانی رہ جائے اتار کر مل چھان کر پھر جوش دیں جب مثل گاد کے ہو جائے۔ اس وقت ست گلو۔ فلفل سیاہ۔ مغز کرنجوہ۔ نشاستہ طباشیر ہر ایک چھ چھ ماشہ باریک پیس کر ملا کر گولیاں بقدر فلفل بنالیں دو گولی آمد بخار سے قبل ایک گھنٹہ یا دو گولی صبح اور دو شام۔

صفراوی بخار کا اکسیر الاثر نسخہ

یہ بخار بہت پریشان کرتا ہے دیر سے جاتا ہے مریض کو بے چینی کے علاوہ گھبراہٹ بہت ہوتی ہے اور اگر علاج میں غفلت کی جائے تو خطرناک ہو جاتا ہے۔ مریض کو پیاس کی تشنگی بہت ہوتی ہے ہم نے بھی ہزاروں نسخے اس مرض میں استعمال کئے۔ لیکن سیکڑوں مرتبہ تغیر تبدل کے بعد یہ چند ادویہ کا مجموعہ ایسا بے نظیر ثابت ہوا جو آپ کے تجربہ پر معلوم ہوگا۔ ہمارے لکھنے سے زیادہ انشاء اللہ آپ مفید پائیگے۔

اوّل سنگ جراحت تین ماشہ لے کر چھٹانک بھر گلوئے سبز تازہ کے نعدہ میں رکھ کر دو سیر جنگلی کنڈوں کے آنچ میں بعد گل حکمت پھونک دیجئے۔ سرد ہونے پر نکال لیجئے پھر اسی کے ہم وزن گل ارمنی۔ طباشیر۔ ست گلو لے کر عرق گلاب عرق گاؤزباں۔ عرق بید

Mypdfsite.com

سفوف میں ۳ یوم کھرل کر کے خشک ہونے پر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک حسب ضرورت
رتی سے ایک ماشہ تک۔

ترکیب۔

سفوف اکسیر الاثر چھ رتی ہمراہ شربت نیلوفر دو تولہ یا زلال آلو بخارا دو تولہ کے
ہمراہ دینا چاہئے۔ پھر ہم دیکھیں کہ آپ کا بخار کس طرح باقی رہتا ہے۔

نوٹ۔ زبان سے تو سبھی جو طبیعت میں آتا ہے کہتے ہیں اور ان کو گال بجاتے کیا لگتا ہے۔
ہم نے بڑے حاذق اطباء کے سامنے شرطیہ اس نسخہ سے تین یوم میں بفضلہ
مریض کو اچھا کیا ہے اور ہر چند حضرات نے کوشش کی لیکن اظہار نسخہ نہیں کیا۔
جن نسخوں کو اب ظاہر کر رہا ہوں۔

حبّ سُرخ دافع بخار ہر قسم بے نظیر

یہ معمولی ادویہ کی گولیاں ہیں۔ لیکن دو گولی ہمراہ عرق سونف چھٹانک بھر پینے
سے بخار کی حدّت کم ہو جاتی ہے اور دو ایک اسہال بھی ہو جاتے ہیں۔ طبیعت تو ایک ہی یوم
میں ہلکی پڑ جاتی ہے۔ لیکن ۳ یوم استعمال کر لینے پر بخار کافور ہو جاتا ہیں۔ سونٹھ ایک تولہ۔
فلفل سیاہ۔ جمال گوٹہ مدبر۔ مغز کرنجوہ۔ گیرو ہر ایک ایک تولہ۔ کوٹ چھان کر لعاب
گھیگوار میں ملا کر گولیاں کسی قدر مٹر سے بڑی بنالیں۔ اور حسب ترکیب مذکورہ بالا
کھائیں۔ جمال گوٹہ مدبر کرنے کی ترکیب جلاب ولی گولی میں گذر چکی ہے۔

سفوف الا یچی عجیب التاثیر

اسہال معدہ اور اسہال دموی میں اکسیر موسمی تپوں میں جن بیماروں کو اسہال
اور قے خونی آتی ہو بے نظیر ہر قسم کے مفرد اور مرکب بخاروں اور تپوں میں از بس مفید۔

Mypdfsite.com

تے کہنہ میں سریع التاثیر ہے۔ خوراک دو رتی سے چار رتی تک ہمراہ بتاشہ یا حقنی میں رکھ کر دینا چاہئے۔ مصلح اسکا شربت بزوری بارد ہے۔

الائچی معہ پوست عقرقرحا ہر ایک ایک ماشہ۔ برادہ صندل سرخ و سفید ہر ایک ایک تولہ پیپلا مول اور لونگ ایک ایک ماشہ کوٹ چھان کر محفوظ شیشی میں رکھیں۔

نوٹ۔ ادویہ ہمیشہ عمدہ ہونا چاہئیں ورنہ نسخہ کا فائدہ کم ہوتا ہے۔

حبوب برائے تپ بلغمی وسواداوی

تج قلمی۔ گوما بوٹی خورد۔ پلاس پاپڑا۔ مغز کرنجوہ۔ ہر ایک دواء دو دو تولہ۔ کٹائی جو ستیاناسی کی ایک قسم ہے بیجنی پھول والی جس میں گولیاں لگتی ہیں۔ اس کے عرق میں ملا کر گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنالیں۔

ترکیب استعمال

صفراوی بخار میں سرد پانی سے اور بلغمی بخار میں گرم پانی سے دینا چاہئے اور کم سے کم ۳ یوم متواتر استعمال اس کا برابر رکھنا چاہئے۔

نوٹ۔ بارہا کی تجربہ شدہ ہیں اور بفضلہٖ کبھی خطا نہیں کرتیں بڑی سریع التاثیر یہ گولیاں ہیں۔

شربت دافع بخار مجرب المجرب ہیں

گلوئے سبز	۱ تولہ
گل نیلوفر	۸ تولہ
گل سرخ	۴ تولہ
گل بنفشہ	۲ تولہ

Mypdfsite.com

مصری ..... نصف سیر

اوّل ہر چہار ادویہ کو دو سیر پانی میں جوش دیجئے۔ جب نصف سیر پانی رہ جائے چھان لیجئے پھر چولہے چڑہا کر بہ طریق معروف مصری ملا کر شربت تیار کر لیجئے۔ خوراک ہمراہ عرق بادیان اور عرق گاؤزباں چھٹانک چھٹانک بھر شربت دو تولہ کے ہمراہ۔

فائدہ۔

اگر آپ اس شربت کو باری روکنے والی مجرب گولی دو عدد صبح اور دو شام کے ہمراہ استعمال کریں تو سبحان اللہ کیا کہنا۔ گویا آپ آج ہی اچھے ہو گئے۔

اکاترہ۔ تجاری۔ چوتھیّا کا مجرب نسخہ

سہاگہ سوختہ۔ پھٹکری بریاں۔ سنکھ سوختہ۔ مرچ ساہ۔ گل نیلوفر۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ گیرو۔ گل مختوم۔ ہرمچی۔ گل ارمنی ہر ایک ایک ماشہ۔ پوست خشخاش دس ماشہ۔ لعاب اسپغول میں ملا کر گولیاں بقدر نخود بنا لیجئے۔ اکاترہ میں تین صبح تین شام۔ تجاری میں بھی اسی طرح۔ چوتھیا میں چار صبح چار شام۔

نوٹ۔ بہت مجرب گولیاں ہیں تجربہ شرط ہے۔

لَرزَہ بخار کے تجربہ شدہ نسخے

کونپل ارنڈ ..... ۱ تولہ

برگ کرنجوہ ..... ۱ تولہ

نگند بابری ..... ۱ تولہ

مرچ سیاہ ..... ۶ ماشہ

Mypdfsite.com

باریک پیس کر بقدر جنگلی بیر کے گولیاں بنالیں اور آمد لرزہ سے سہ گھنٹہ پیشتر ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ۔

دیگر

زیرہ سفید ..... ۶ ماشہ
دھتورہ کا پھول ..... ۶ ماشہ
مرچ سیاہ ..... ۶ ماشہ

پانی میں پیس کر بقدر مٹر کے گولیاں بنالیں قبل از بخار دو گولی ہمراہ آب تازہ۔

دیگر

پھٹکری بریاں۔ سہاگہ بریاں۔ نمک لاہوری۔ اجوائن خراسانی۔ ہموزن ادویہ برگ دھتورہ کے عرق سے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ایک گولی سے دو گولی تک ہمراہ آب نیم گرم۔

بخار آور قبض کا بے مثال لاجواب جوشاندہ

بادیان۔ پوست الائچی کلاں۔ انتر چھال نیب ہر ایک چھ چھ ماشہ نمک سیاہ بقدر ضرورت جوش دیکر صاف کر کے پلائیں۔ یہ نسخہ بچوں کے بخار اور قبض میں از حد مجرب ہے۔

ایک یوم میں اچھا کرنے والا بخار کا نسخہ

چونہ کا صاف نتھارا ہوا پانی چھٹانک بھر لے کر اس میں نوشادر چھ رتی ملایئے اب اس میں سے ایک تولہ سے ڈیڑھ تولہ تک قبل آمد بخار پلانے سے بخار اسی روز فرار ہو

Mypdfsite.com

جاتا ہے۔اس روز کچھ کھانے کو نہ دیں۔شام کو یا صبح' ساگودانہ خفیف شکر ڈال کر کھلائیں۔ اگر ضرورت اور پڑے تو ایک یوم کے وقفہ سے پھر یہ عمل کریں۔

باری روکنے والی نہایت مجرب گولی

ست گلو۔طباشیر ایک ایک تولہ۔زہر مہرہ خطائی۔دانہ الائچی خورد۔کنہ کنہ ہر ایک ۳ ماشہ ہمراہ اسپغول بقدر مٹر کے گولیاں بنالیں۔قبل آمد بخار تین تین گھنٹہ ایک ایک گولی ہمراہ تازہ پانی۔یہ بڑی برکت والی گولیاں ہیں۔گھر میں ہر وقت تیار رہنا چاہئیں۔بچوں کے بخار میں بھی بہت مفید ہیں۔

تجاری کا بارہا تجربہ شدہ نسخہ

تجاری بہت مشکل سے جاتی ہے اور زیادہ سے زیادہ ۳۲ سال تک آتی ہیں لیکن خطرناک مطلق نہیں ہے۔اکثر چلی جاتی ہے اور پھر آنے لگتی ہے۔اس مرض میں بعد صحت دودھ اور ماش کی دال سے کم سے کم دو ماہ پرہیز لازم ہے۔میں خود تین سال اس میں مبتلا رہا۔وہ چنگلے میرے ہاتھ آئے جس کی وجہ سے بفضلہٖ دور دور سے لوگ اس مرض کے آتے تھے۔میں اس کی عام اجازت دیتا ہوں۔اہل اسلام صاحبان کسی بزرگ عالم دین سے پڑھوا کر کان میں رکھیں اگر خود پابند صوم صلوٰۃ کے ہیں تو خود پڑھ کر کان میں رکھ لیں۔

دو پھایہ نئے چھوٹے روئی کے لیں اور اس پر گیارہ گیارہ بار سورہ الم نشرح پوری پڑھ کر ہر دو پھایوں پر پھونک کر ہر دو کانوں کے سوراخ میں لگالیں ہ لیکن سورج نکلنے سے پہلے پھایہ لگانا چاہئے۔اور دوسرے دن کانوں سے نکال دیں اور باحتیاط ان پھایوں کو رکھیں دوسری اور تیسری باری پر بھی لگالیں۔بعد چلے جانے تجاری کے دریا یا نہر یا اندھے کنوئیں میں خود پھایہ اپنے ہاتھ سے ڈال آنا چاہئے۔خیال رہے کہ اس روئی کی بے تعظیمی نہ ہو۔دوسرے کان کے سوراخ میں اچھی طرح روئی لگانا چاہئے تاکہ نکل نہ

Mypdfsite.com

جائے اور سوراخ خوب بند ہونا چاہئیں اور ذیل کا نسخہ بنا کر روزانہ استعمال کریں۔

برگ دھتورہ ..... ۵ پتہ

برگ پان ..... ۵ پتہ

فلفل سیاہ ..... ۵ عدد

خوب باریک پیس کر گولیاں بقدر نخود بنالیں قبل باری دو گھنٹے دو گولی ہمراہ پانی کھائیں۔

دیگر

لعاب گھیگو ار ۲ تولہ میں دو رتی افیون ملا کر گولیاں بقدر بنالیں اور آمد تجاری سے ایک گھنٹہ پیشتر دو گولی یا ایک گولی کھائیں۔

تیسرا شرطیہ نسخہ

سنکھیا سفید ..... ارتی

پھٹکری بریاں ..... ½ ماشہ

ہر دو کو ملا کر اس کی ایک خوراک ۲ رتی تولہ شہد میں ملا کر باری آنے سے تین گھنٹہ پیشتر چاٹ لیں تجاری اسی دن کافور ہو جاتی ہے احتیاطاً دوسری باری پر بھی کھالیں باری کے دن نہ کھانا کھائیں اور نہ پانی پئیں البتہ شدید پیاس میں شربت بنا کر پی لیں۔

نوٹ ۔جس نسخہ کو چاہیں بنا کر استعمال کریں۔عمل سے بفضلہٖ ایک ہی باری پر تجاری چلی جاتی ہے۔اگر گولیوں کا استعمال بھی رہے تو اور اچھا ہے۔

بخار کے چند آسان سریع الاثر چٹکلے

مغز کرنجوہ۔ پلاس پاپڑہ۔ چار چار رتی بتاشہ میں رکھ کر کھلانے سے ۲ خوراک میں

Mypdfsite.com

بخار جاتا ہے گو مابوٹی ایک تولہ ہمراہ فلفل سیاہ تین عدد گھوٹ چھان کر پلانے سے دو دن میں بخار جاتا ہیں اس طرح نائے سبز اور دم جڑ د۔ شہدی ہزار رانہ بوٹی سے بھی۔

دق کا نہایت اعلیٰ علاج

خدا کے فضل و کرم پر شرطیہ دعوے کے ساتھ دق کا مریض جس کے علاج سے حکماء، ڈاکٹر، وید الغرض سب جواب دے چکے ہوں اس نسخہ کو تیار فرما کر استعمال کرائیے اور اس اللہ پاک کی شان کبریائی کا تماشہ دیکھے کہ کس طرح لاعلاج مریض اس نسخہ سے صحت یاب ہوتا ہے۔ ہم اکثر ناظرین کی خاص توجہ دلانے پر دوسرے ایڈیشن میں اس نسخہ کا اضافہ کرتے ہیں۔

صمغ عربی۔ کتیرا۔ آرد باقلا۔ مصری۔ تخم خشخاش۔ پوست خشخاش۔ گل کوکنار ہر ایک نو ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ زنجبیل۔ طباشیر۔ ہر ایک پانچ ماشہ۔ مغز بادام شیریں۔ تین تولہ۔ نشاستہ گندم ایک تولہ۔ شکر سفید۔ شہد خالص ہر ایک دس تولہ روغن گاؤ ساڑھے تین تولہ جو ادویہ باریک پسنے والی ہیں ان کا سفوف کر کے چھان لیں پھر ان کو روغن گاؤ میں چرب کریں بعدہ شہد اور شکر کر قوام کر کے ان ادویہ کو ملا کر محفوظ برتن میں رکھ لیں۔

خوراک ایک ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ شیر گدھی بحالت مجبوری بکری کے دودھ کے ساتھ کھالیا کریں۔ انشاء اللہ العزیز دوا ختم نہ ہونے پائے گی کہ مریض صحت یات ہوگا۔

چیچک اور موتی جھر کا بیان

کسی زمانے میں چیچک کا مرض عام تھا۔ لیکن موتی جھرا صرف ملک مالوہ میں پیدا ہوتا ہے جب چیچک کا آغاز شروع ہوا اور بچہ کو چیچک کا بخار آجائے تو دس موتی بچہ کو نگلوا دیں اور نصف ماشہ موتی کو سفید لالہ کے پتوں میں پیس کر پلا دیں آنکھوں میں سرمہ لگائیں ناک

Mypdfsite.com

اور کان میں بھی ڈالیں اور ذرا سا سینہ پر بھی ملیں۔

عناب اور مکو ایک ایک ماشہ کا شیرہ پانی میں نکال کر ایک تولہ مصری ملا کر اوپر سے ایک ماشہ خاکسی چھڑک کر پلا دیں اور تا صحت یہی دوا پلاتے رہیں۔ اگر خارش پیدا ہو جائے تو بھوج پتر اور چوب گز کی دھونی دیں۔ اسہال کا ہونا اس مرض میں مضر ہے۔ اگر دانہ اچھی طرح نہ نکلے اور اس کو چار دن گزر گئے ہوں فوراً انجیر دو عدد زعفران ۲ رتی ڈال کر پلائیں۔ اور مریض کے بستر پر خوب کلاں چھڑکیں۔ گرم پانی کا بھپارہ دیں۔ اس تدبیر سے تمام دانے بخوبی نکل آتے ہیں۔

ہدایت

موم بتی یا چربی کا چراغ گھر میں جلانا چاہئے یا بلا چراغ کے اندھیرے میں مریض کو رکھیں۔ تیل اور بگھار کی خوشبو مریض کے ناک میں نہ پہنچے۔ نہا کر یا دھلے ہوئے کپڑے پہن کر مریض کے سامنے یا پاس نہ جائیں۔ گرم اور شیریں اشیاء نیز گوشت سے پرہیز لازم ہے۔

میٹھی روٹی و مونگ کی کھچڑی۔ مسور کی دال خفیف نمک کے ساتھ دیں اگر ابتدائی زمانہ سے انتہا تک خمیرہ مروارید ایک ماشہ روزانہ کھلاتے رہیں تو بے حد مفید ہے اس سے ضعف بھی مریض کو پیدا نہیں ہونے پاتا دوسرے بچے موتی کے اجزاء سے چونکہ یہ تیار کیا جاتا ہے اس لئے اس مرض میں از بس مفید ہے اور بچہ ہلاک ہو جانے کے خطرہ سے محفوظ رہتا ہے۔ گرم ریت یا راکھ پر بچہ کو سلانے سے تمام دانے خشک ہو جاتے ہیں اور تلی کا تیل نیم گرم ملنے سے تمام کھرنڈ دور ہو جاتے ہیں۔ اگر بچہ بوجہ خارش دانہ نوچ ڈالے تو مروارید سنگ سفید کا شنگرف ہلدی سیندور ہر ایک چھ ماشہ پیس کر دانوں پر چھڑکیں۔

ضروری یادداشت

آپ کو یہ معلوم ہے کہ اہل ہنود چیچک کو بہت مانتے ہیں اور کبھی علاج اس مرض کا

Mypdfsite.com

نہیں کرتے جس کی وجہ سے اکثر بچہ ضائع ہو جاتے ہیں اسی طرح اکثر ہمارے یہاں بھی یہ طریقہ رائج ہے کہ بہت کم بچوں کا علاج چیچک کا کرتے ہیں۔ اس فرد گذاشت سے بچوں کو آج تک کوئی فائدہ نہیں پہنچتا ہ اس لئے ہم نہایت اطمینانی اور بارہا کا تجربہ اور وہ بھی خود اپنے بچوں پر امتحان کیا ہوا مفید چٹکلہ لکھتے ہیں۔ اگر آپ نے اس کا خیال رکھا تو انشاء اللہ العزیز بچہ عمر بھر چیچک سے محفوظ رہے گا اور دوسرا فائدہ خاص یہ پہنچتا ہے کہ پھر کسی بچہ کو ٹیکہ لگانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ چنانچہ بفضلہٖ میرے چار بچے ہوئے اور تین زندہ بفضلہٖ ہیں نہ ان کو ٹیکہ لگانے کی ضرورت لاحق ہوئی اور نہ آج تک چیچک کے مرض میں مبتلا ہوئے۔ بلکہ ہمارے بچہ ان بچوں کے ساتھ کھاتے پیتے رہے جو چیچک کے مرض میں مبتلا تھے۔ حالانکہ چیچک کا مرض چھوت دار تسلیم کیا گیا ہے بس اس کا خیال عورتوں کو رکھنا چاہئے میں نے آج تک جس جس کو یہ ترکیب بتائی ہے ان کے بچے چیچک سے محفوظ ہیں۔

وقت پیدائش

جس وقت بچہ پیدا ہو۔ تو بچہ کے نال کو دایہ باندھ کر کاٹتی ہے۔ سرمہ سیاہ سادہ جو پہلے سے تیار رکھا ہو۔ اس کو جس جگہ پر نال کو ڈورے سے باندھا ہے اس کے آس پاس ناف کے گھیرے میں خوب اچھی طرح سے چاروں طرف ڈالدینا چاہیئے۔ بس عمر بھر کے واسطے بچہ چیچک سے محفوظ رہے گا ہر فرقہ کا شخص کر سکتا ہے۔

نوٹ۔ احقر جناب کو اس عمل کے کرنے کا خاص مشورہ دیتا ہے۔ اس سے آپ علاج معالجہ سے ہی نہ بچ جاوئیں گے۔ بلکہ ٹیکا لگانے کے جھگڑے اور اس پریشانی سے جو بحالت پیدائش ہوتی ہے اور تمام گھر گھبراہٹ میں مبتلا ہو جاتا ہے اس سے قطعی نجات مل جائے گی۔

موتی جھرا

اس بخار میں دانے مثل خشخاش کے نہایت چمکدار بہت باریک اوّل بہ مشکل نظر آتے ہیں۔ تیسرے دن اچھی طرح سے دکھائی دینے لگتے ہیں اس میں بخار کسی وقت نہیں

Mypdfsite.com

اترتا جب تک سینہ پر سے ہوتے ہوتے پیٹ پر اتر کر نہ آجائیں بخار نہیں اترتا۔ اس مریض کے اگر علاج میں غفلت ہو تو ایک ہفتہ کے اندر مر جاتا ہے۔ ورنہ چار ہفتہ میں بالکل اچھا ہو جاتا ہے۔

علاج

سچے موتی آٹھ عدد نگلوا دینا اور سچے موتیوں کا پانی دہار کر پلانا ضعف درد کرنے کے لئے خمیرہ مروارید روزانہ ایک ماشہ کہلانا از حد مفید ہے اور یہ حبوب جو ذیل میں درج ہیں اس مرض کے دفع کرنے میں سریع التاثیر ہیں۔

حبوب برائے موتی جھرا

موتی خورد اکیس عدد۔ جاوتری ایک ماشہ۔ منقیٰ ایک دانہ ورق طلا ایک عدد باریک پیش کر مونگ کے برابر بنالیں۔ ایک گولی صبح ایک چار بجے ایک رات کو کھلانا چاہئیں۔

طاعون کا اکسیر الاثر علاج

یہ مرض قریب قریب ہمیشہ کسی نہ کسی جگہ موجود رہتا ہے اور اس مرض سے تمام دنیا کے لوگ خائف ہیں۔ اس میں حدت بہت ہوتی ہے تبرید کا بہت محتاج ہے۔ مریض اس کا بہت کم بچتا ہے۔ لیکن اللہ پاک نے جہاں ایسے امراض پیدا کئے ہیں ساتھ ہی اس کے کثیر نفع پہنچانے والی ادویات بھی پیدا کی ہیں اس مرض میں وفات پانے والا شہادت کا درجہ حاصل کرتا ہے۔

حدیث شریف میں آیا ہے۔

الطاعونُ شهادةٌ علےٰ كِلُ مُسلمٍ.

Mypdfsite.com

اس مرض کی تشخیص فوراً ہو جاتی ہے اور علاج میں ذرا سی عدم توجہی سے پھر علاج دشوار ہو جاتا ہے۔ ہم نہایت اطمینانی نسخے تجربہ شدہ درج کرتے ہیں اور خدا کے فضل و کرم پر امید رکھتے ہیں کہ ان نسخوں سے استفادہ حاصل کرنے والا انشاء اللہ العزیز جلد صحت یاب ہوگا۔

تدابیر ضروریہ

جب کسی کے گلٹی نکل آئے تو گرم دوا ہرگز نہ دیں بلکہ تقویت دل اور ہوش و حواس قائم رکھنے کی دوا دیں۔ مریض کو سرد جگہ میں رکھیں۔ لیکن گلٹی کو سردی نہ پہنچنے دیں دل اور دماغ پر صندل اور کافور گلاب میں گھس کر کپڑا بھگو کر رکھنا چاہئے اور جو تدبیریں بخار میں کی جاتی ہیں۔ مثلاً لخلخہ سونگھانا۔ پاشویہ کرنا۔ سنگھیاں کھچوانا۔ اگر گلٹی پر سردی کا شبہ ہو تو فوراً بابونہ پانی میں جوش دے کر گرم گرم سے دہارنا تاکہ مادہ تحلیل ہو جائے اور یہ مسہل دیں جو ٹھنڈا اور بہت مجرب ہے

جُلّاب برائے طاعون

جدوار۔ ہلیلہ سیاہ۔ سنا مکی (گھی سے چکنی کر کے) ہر ایک چھ ماشہ گلاب کے پھول ایک تولہ شب گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان کر ۲ تولہ۔ گلقند آفتابی اور ۴ تولہ شکر سرخ۔ شربت ورد ۴ چار تولہ۔ شیرہ مغز بادام شیریں نو دانہ اضافہ کر کے خوب ٹھنڈا کر کے پلائیں اور ہر دست کے بعد خوب سرد پانی پلائیں اور ایک ایک یوم کے وقفہ سے تین مسہل دیں۔ ناغہ والے دن تخم ریحان پانچ ماشہ پھنکا کر شربت بنفشہ دو تولہ پانی میں ملا کر پلا دیں

غذا

سب سے عمدہ غذا طاعون کے واسطے آش جو ہے۔

Mypdfsite.com

پھایہ برائے گلٹی نہایت مجرّب

یہ پھایہ گلٹی پر رکھنا چاہئے۔ سنکھیا سفید اور افیون ایک ایک تولہ پیس کر لہسن کے عرق میں ملا کر چھ پھایہ بنائیں اور ایک پھایہ گلٹی پر رکھیں اور اوپر سے پیاز کا چھلکا بھون کر باندھیں جب پیاز ٹھنڈا ہو جائے دوسرا چھلکا بدل دیں اور ہر دو گھنٹہ کے بعد پھایہ تبدیل کر دیا کریں۔ اس سے چوبیس گھنٹہ کے اندر یا تو گلٹی پھوٹ جاتی ہے اور تمام مواد اوپر آ جاتا ہے یا شگاف دینے کے قابل ہو جاتی ہے اور حالت مرض میں یہ دوا برابر پلاتے رہیں۔ اس سے بہت تسکین ہوتی ہے اور بہت فائدہ مند ہے۔

حدّت اور سمیّت کو دور کرنے والا نہایت بینظیر نسخہ

زلال آلو بخارا سات دانہ زرشک پانچ ماشہ۔ تخم خرفہ پانچ ماشہ۔ اس نتھارے ہوئے آلو بخارا کے پانی میں پیس کر نارجیل دریائی۔ زہرمہرہ خطائی عمدہ کافور جدوار ہر ایک ایک ایک ماشہ عرق بید مشک میں گھس کر پھر سب کو یکجا کر کے ملا کر شربت انار شیریں ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔ مریض کے گلے میں درونج عقربی تعویذ کے طور پر لٹکانا اور پانی کیوڑہ ڈال کر پئیں۔

نوٹ۔ مرض سے جلد نجات حاصل کرنے کا یہ ایک عمدہ اور بہترین نسخہ ہیں۔

دوسرا مجرّب نسخہ

خردل سفید (رائی) فادزہر حیوانی۔ نارجیل دریائی۔ پوست بیخ مدار جملہ ادویہ ہم وزن باریک پیس کر عرق پیاز میں ملا کر گولیاں بقدر نخود بنالیں شبانہ روز میں بارہ گولیاں ہر دو گھنٹہ کے بعد دیں اور گلٹی پر انہیں گولیوں کو عرق پیاز میں گھس کر لگانا چاہئے۔

Mypdfsite.com

حَبّ کافوری مجرّب

کافور دو تولہ۔ فلفل سیاہ پانچ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ بقدر نخود گولیاں بنالیں دو گولی شدت بخار کے وقت ایک ایک گھنٹہ کے فرق سے ہمراہ شربت صندل سفید ہمراہ دو تولہ دینا چاہئے اس سے بخار بفضلہٖ جلد رفع ہو جاتا ہے۔

ہیضہ کا نادر علاج

تیر بہدف نسخہ

تخم لیموں کاغذی زہر مہرہ خطائی اعلیٰ قسم۔ نارجیل دریائی۔ پیاررانگا۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بیخ مدار۔ تخم مرچ سیاہ۔ مساوی الوزن اجزاء ادرک کے عرق میں ملا کر بقدر نخود گولیاں بنالیں۔ وقت ضرورت ہر قے کے بعد ایک ایک گولی برابر دیتے رہیں انشاء اللہ العزیز سات آٹھ گولیوں سے زیادہ دینے کی ضرورت نہیں پڑتی اور مریض صحت یاب ہو جاتا ہے۔

فائدہ

موت کا دنیا میں کوئی علاج نہیں ورنہ اللہ پاک نے اسی نسخہ سے ۹۹ فیصدی کامیابی ہیضہ کے مریضوں پر کی ہیں۔ ہمارا یہ نسخہ نہایت درجہ اطمینانی ہے۔

ہزاروں امراض میں کام دینے والا سفری نسخہ

ست پودینہ۔ ست اجوائن کافور ہر ایک تین ماشہ۔ روغن لونگ ایک ماشہ روغن جائفل ایک ماشہ۔ روغن دارچینی اور روغن الائچی۔ ست زنجبیل۔ ست سہاگہ ہر ایک دو ماشہ سب کو ملا کر ایک شیشی میں رکھ لیں۔ ذیل کے امراض پر اکسیر اعظم ہے۔

Mypdfsite.com

1۔ ضیق النفس کے واسطے سفوف زنجبیل تین ماشہ میں دو قطرہ اس کے ملا کر کھلانے سے دمہ کو از حد فائدہ پہنچاتا ہے۔ ہفتہ عشرہ استعمال کرنا چاہئے۔

2 ہیضہ یا تخمہ (بدہضمی) کے واسطے عرق سونف میں تین قطرہ ڈال کر پلانا چاہئیں۔ اگر بہت زیادہ ہو تو ہر گھنٹہ کے بعد ۳ قطرہ ڈال کر پلانا چاہئے۔

3 پیچش یا اسہال میں بتاشہ میں رکھ کر ایک قطرہ روزانہ دن میں تین مرتبہ دینے سے تین دن میں مکمل فائدہ ہو جاتا ہے۔

4 آدھا سیسی درد۔ ڈاڑھ کا درد۔ دانت کا درد۔ بچھو، بڑ یا دیگر کیڑے مکوڑے کا کاٹنا ورم لب۔ خناق کا ورم۔ طاعون کی گلٹی۔ پسلی کا درد اور دیگر اورام پر اس کے ایک دو پھریری لگانے سے فی الفور نجات مل جاتی ہے۔

5 سنگرہنی میں دو تولہ دہی میں تین قطرہ ملا کر صبح و شام پلانے سے ایک ہفتہ میں آرام ہو جاتا ہے۔

6 نمک سلیمانی یا کوئی اپنا چورن بنایا ہو اس میں چار چھ قطرہ ملا دینے سے وہ چورن زود ہضم ہو جاتا ہے۔

7 بچوں کی بدہضمی یا پیٹ کا درد اور بار بار دودھ الٹنے میں ایک قطرہ ہمراہ دودھ ماں کے دینے سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ اگر کھانسی اور سردی بچوں کو لگ جائے تو پان میں رکھ کھلانے سے کھانسی اور سردی سے آرام مل جاتا ہے۔ الغرض ہم اسکے فوائد لکھنے سے قاصر ہیں۔ ہوشیار طبیب اور وید بہت سے امراض پر بلا خوف و خطر کام لے سکتا ہے اور بیسیوں روپے اس ایک دوا سے پیدا کر سکتا ہے۔ یہ نسخہ امرت دھارا سے بہتر اور آب حیات سے بدرجہا بہتر ہے۔ اس کی ایک شیشی ہر وقت گھر میں تیار رہنا چاہئے۔

Mypdfsite.com

احتیاط

ایسی دوائیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔

نوٹ۔ ست زنجبیل کی ترکیب جوب ہاضم مشتہی طعام میں گذر چکی ہے اور ست سہاگہ بورک ایسڈ کو کہتے ہیں۔ جس سے کلینک میں زخموں کو دھوتے ہیں ہم اپنے احباب کو اس شیشی کے گھر میں ہر وقت تیار رکھنے کا مشورہ دیتے ہیں۔

پتھری کا بلا اپریشن علاج

اس مرض میں مریض کی حالت پر بڑا رحم آتا ہے اس لئے کہ پتھری کا بلا آپریشن ریزہ ریزہ ہو کر خارج کر دینا کمال ہے۔

حجر الیہود	.....	۲½ تولہ
شورہ قلمی	.....	۵ تولہ
آب مولی سبز	.....	۳ سیر

ایک بڑے پیالہ میں مولی کا عرق تھوڑا اوپر اور تھوڑا نیچے رکھیں۔ درمیان میں ہر دو ادویہ ہوں پھر گل حکمت کر کے دس سیر کی آنچ دیں۔ پھر نکال کر اسی طرح پانچ مرتبہ آنچ دینا چاہئے۔ بعدہ اس کو شیشی میں محفوظ رکھیں۔ آب مولی سبز چھ مرتبہ کے واسطے برابر برابر حساب سے تقسیم کر لیں۔ تاکہ باقی نہ بچے سب دوا میں پورا ہونا چاہئے۔

ترکیب استعمال

اول حجر الیہود کا کشتہ پانچ برنج۔ مولی کا کھار۔ دوسرخ جوا کھار ایک سرخ۔ ملا کر شربت بزوری معتدل چار تولہ کے ہمراہ ایک ہفتہ تک کھلائیں۔

Mypdfsite.com

فائدہ

اوّل اس نسخہ کے استعمال سے ریگ آنا شروع ہوتی ہے پھر پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہونا شروع ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ اگر کبوتر کے انڈے کے برابر کیوں نہ ہو بہ آسانی چھوٹے چھوٹے کنکریوں کی صورت میں ذریعہ پیشاب نکل جاتی ہے جس کو آپ خود ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

نوٹ۔ پتھری کا مریض بفضلہٖ بلا اپریشن اس نسخہ سے صحت یاب ہو جاتا ہے۔

دوسرا پتھری کا عجیب الاثر نسخہ

تحصیل جیتھاری ایک مریض پتھری کے مرض مبتلا تھے اور عرصہ سے ملازم سرکار تھے وہ دو تین ماہ کے اندر اسی شکایت میں مبتلا ہو جاتے تھے۔ اکثر مجھے شکایت بھی کرتے ہیں کہ آپ کی توجہ ہمارے اوپر مطلق نہیں ہے۔ ہم بہت پریشان ہیں اور جب تک صحت نہ جائے بس آپ کے مہمان ہیں۔ میں نے ان کو ذیل کا نسخہ استعمال کرایا خدا نے شفاء عطا فرمائی (عرصہ دس سال سے میں اس نسخہ کو اور کبھی مذکورہ بالا نسخہ کو جو وقت پر تیار ہوتا ہے ستعمال میں لاتا ہوں۔ اس نسخہ کے استعمال سے پتھریاں بہ آسانی بلا کسی تکلیف کے خارج ہو جاتی ہیں) یہ نسخہ مجھے ایک مہاتما سادھو سے جو بغرض سیاحت رنگون کی طرف سے آئے تھے حاصل ہوا تھا اور ہم ان کا جسقدر شکریہ ادا کریں کم ہیں اس لئے کہ کسی ایک نسخہ کے واسطے جس کو ہم نے بچشم خود آناً فاناً مہلک مرض سے صحت یاب ہوتے دیکھا ہو اور پھر وہ نسخہ ہاتھ آجائے جس سے عام مخلوق کو فائدہ پہنچے۔ کیا کم شکریہ کا مستحق ہے۔ وہ نسخہ یہ ہے۔

حجر الیہود ۶ ماشہ۔ نوشادر اور سہاگہ تین تین ماشہ باریک پیس کر رکھ لیں۔ پھر شورہ قلمی ڈیڑھ تولہ لیکر ایک کڑاہی میں ڈال کر تھوڑا سا پانی ڈالدیں۔

جب شورہ قلمی حل ہو جائے اور پروالی ادویہ ملا دیں پھر آگ سے اتار کر ٹھنڈا کر لیں اگر درد گردہ میں بڑی پتھری کے باعث ہو تو مغز کرنجوہ کا سفوف ایک ماشہ اسی دوا میں

Mypdfsite.com

اور ملا دیں۔ چار سرخ سے ایک رتی تک ہمراہ بکری کے دودھ نصف پاؤ کے ساتھ ملا کر استعمال کریں۔

فائدہ

اوّل اس دوا کے استعمال سے ریگ سرخ پھر سیاہ پھر زرد خارج ہوتی ہیں مابعد پتھریاں ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہونا شروع ہوتی ہیں۔

نوٹ۔ اگر حالت مرض میں درد کی شدت زیادہ ہو تو ایک ماشہ برشعشاء کھا لیا کریں۔

ذیابیطس کا شرطیہ علاج

اس مرض میں پیشاب زیادہ مقدار میں اور بار بار آتا ہے پیاس زیادہ ہوتی ہے اور کبھی پیشاب شکر بھی آتی ہے بہر حالی یہ مرض انسان کو بیکار کر دیتا ہے اور رفتہ رفتہ اس کی وجہ سے بہت سے امراض پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس علاج میں غفلت نہ کرنا چاہئے۔

ہمارے ایک کرم فرما اسی مرض میں مبتلا تھے علاج کرتے کرتے سخت عاجز آ گئے تھے بڑے بڑے نامور حکماء رورو ید صاحبان نیز ڈاکٹری علاج وغیرہ سب کر چکے تھے فائدہ ضرور ہوتا تھا لیکن پیاس کی شدت اور پیشاب کی زیادتی پھر چند روز میں پیدا ہو جاتی تھی۔ وہ فرمانے لگے کہ مجھے ایک حکیم صاحب نے جو بہت بزرگ اور باخدا شخص ہیں ایک نسخہ دیکر بہت اطمیان دلایا ہے کہ اس نسخہ کا استعمال آپ کے مرض کا قطعی ازالہ کر دے گا۔

اس کے بعد مجھ سے کہا کہ آپ نبض اور قارورہ ہمارا دیکھ لیجئے اور کوئی نسخہ مجرب تجویز فرمائے۔ میں نے کہا کہ آج تک میں نے ایسے مریض کا علاج نہیں کیا ہیں لیکن نسخہ مجرب ہوگا اور اس کے استعمال سے قوی امید ہے کہ ازالہ مرض ہو جائے چنانچہ وہ نسخہ حکیم صاحب موصوف کے نسخہ سے بجنسہ مل گیا۔ بہت خوش ہوئے اور فرمانے لگے کہ میں اس نسخہ کا ضرور استعمال کرونگا۔ وہ نسخہ یہ ہے۔

Mypdfsite.com

گڑمار بوٹی	.....	۳ ماشہ
ست گلو خالص عمدہ	.....	۱۰ ماشہ
زنجبیل	.....	۴ رتی
سلاجیت خالص	.....	۲ رتی
کشتہ فولاد	.....	۱ رتی
مغز جامن	.....	۱۰ ماشہ

بلا شربتی پیس کر کھانا چاہئے (یہ ایک خوراک ہے)

بواسیر خونی اور بادی کا شرطیہ علاج

بچھ جس کو (وج) ترکی بھی کہتے ہیں اور نیلا تھوتھا (طوطیا) آنبہ ہلدی ہر ۳ ادویہ ہم وزن باریک پیس کر رکھ لیں۔

وقت ضرورت اس کو باسی پانی میں تھوڑی سی گھول کر پائخانہ کے مقام پر ہر چار طرف باہر کی جانب لیپ کر کے اوپر سے ارنڈ کا پتا باندھ کر لنگوٹ کس لیں۔ پہلے اور دوسرے دن کچھ فائدہ معلوم نہ ہوگا۔ تیسرے دن کے استعمال سے مسے بالکل غاب ہو جاتے ہیں اور خون کا آنا موقوف ہو جاتا ہے اور ہمیشہ کے واسطے بواسیر چلی جاتی ہے۔ یہ دوا لگاتے وقت ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے چیونٹی کاٹ رہی ہے۔ بے کھٹکے استعمال کرنا چاہئے اگر مرض پرانا ہو تو دو ایک دن زیادہ استعمال کرنا چاہئے۔

بواسیر کا سریع الاثر نسخہ

پوست ہلیلہ زرد۔ پوست کابلی۔ فرفیون، تخم بکائن۔ زراوند طویل ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ گوگل، ایلوا۔ اندراین کا گودا ہر ایک ۳ تولہ۔ کھرباء شمعی۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔

Mypdfsite.com

در آب برگ صد برگ دو تولہ (گیندا) وککروندہ بوٹی حل کردہ در ترب مجوف پُر کردہ گل حکمت نمودہ در آتش دشتی دہند و برآوردہ سائیدہ بقدر کنار دشتی جُنھا بندند۔ دو حبّ و دو شام بخورند۔ یک ہفتہ انشاءاللہ صحت خواہد شد۔

فائدہ

اس نسخہ کی دو ہی خوراک سے آرام معلوم ہونے لگتا ہے۔ تجربہ شرط ہے۔ اگر مریض ترشی اور بادی اشیاء سے پرہیز کرے اور فائدہ نہ ہو تو اس کا کیا علاج۔ جو نسخہ آپ کی طبیعت میں آئے بنا کر استعمال کیجئے۔

وجع مفاصل

گھٹیا کو کہتے ہیں۔ اگر ابتداء مرض ہو یا دو چار ماہ کا عرصہ گزرا ہو یا جوڑوں میں درد رہتا ہو تو یہ نسخہ جو اپنی نوعیت میں نرالا ہے بنا کر فوراً استعمال کریں۔

زعفران۔ پیپلا مول۔ کشمش سبز ہر ایک ۶ ماشہ۔ ہر ۳ ادویہ کو بغیر پانی کے خوب باریک کر پیس کر گولیاں بنالیں ایک ایک ماشہ کی پھر صبح و شام گائے یا بھینس کے دودھ پاؤ بھر کے ہمراہ ایک گولی صبح اور ایک شام کھانا چاہئے ایک ہفتہ میں آرام ہوتا ہے۔

دوسرا بے مثل نسخہ

اگر زیادہ عرصہ گزر گیا ہو اور ٹانگیں ٹیڑھی ہو گئی ہوں یا رگ و پٹھے کجڑ گئے ہوں یا پنڈلیاں سخت درد کرتی ہوں۔ یا اس مرض کا دورہ پڑتا ہو۔ یا چلنے پھرنے سے مایوسی ہو گئی ہو تو ذیل کا جوشاندہ دو تین ہفتے استعمال کریں اور روغن جو فالج کے بیان میں گزرا۔ اس کو بنا کر مالش بھی کریں۔ انشاءاللہ کسی دوسرے نسخہ کے استعمال کی ضرورت نہ پڑے گی۔

سورنجان ..... ۹ ماشہ

Mypdfsite.com

چرائتہ تلخ	.....	۱تولہ
عرق چوب چینی	.....	چھٹانک بھر
شہد	.....	۲½تولہ

سورنجان اور چرائتہ کو نصف پاؤ پانی میں جوش دے کر نصف پانی رہ جانے پر اتار کر صاف کر کے عرق ڈال کر شہد سے میٹھا کر کے پئیں۔

عرق چوب چینی عطاروں کے یہاں ملے گا۔ اگر نہ ملے تو برادہ چوب چینی جوشاندہ بنا کر چھان کر پی لیں۔

سفوف آتشک بے نظیر

کوڑیاں زرد سوختہ سولہ عدد۔ سپاری سوختہ چار عدد۔ زنگار۔ رال آٹھ آٹھ ماشہ مردار سنگ بریاں آٹھ ماشہ۔ شنگرف دھویا ہوا اور طوطیاء سبز چار ماشہ۔

اوّل مردار سنگ شنگرف طوطیا ڈال کر خوب کھرل کریں۔ پھر کوڑیاں پھر چھالیا پھر زنگار پھر رال ملا کر چار گھنٹہ کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک نصف چاول سے دو چاول تک ہمراہ مکھن کھلائیں۔ آبلوں پر خشک سفوف چھڑکیں۔

فائدہ

یہ نسخہ علاوہ آتشک کے دادنا سور اور بھگندر نیز خراب اقسام کے زخموں میں بھی اکسیر ہے۔

دیگر مجرب نسخہ

ستیاناسی بوٹی ایک تولہ روزانہ آدھ پاؤ بکری کے دودھ کے ہمراہ گھونٹ کر بلا چھانے ہوئے پلائیں اور آبلوں پر اسی کی جڑ گھس کر لگائیں۔ ایک ہفتہ میں آرام ہو جاتا

Mypdfsite.com

ہے۔ مفت کا تجربہ شدہ چٹکلا ہے۔

مرہم آتشک

مکھن پانی سے ایک سو پچیس بار دھویا ہوا چار تولہ۔ نیلہ تھوتھا مصطگی رومی پارہ مصفی گندھک زرد ہر ایک چھ ماشہ عرق بنگلہ پان میں خوب گھونٹ کر مرہم بنائیں اور روزانہ لگائیں ایک ہفتہ میں زخم اچھے ہو جاتے ہیں۔

دیگر

طوطیاء بریاں۔ مردار سنگ۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک تین ماشہ۔ رال کافور۔ گندھک زرد۔ کمیلہ۔ سرو چینی۔ کتھا سیاہ ہر ایک چھ چھ ماشہ۔

ترکیب۔

مکھن کو ایک سو ایک بار پانی سے دھو کر زخموں پر لگانے سے ایک ہفتہ میں زخم خشک ہو جاتے ہیں۔

عجیب و غریب نسخہ

سیاہ سنکھیا اصلی ۳ ماشہ لے کر ایک انڈے کے اندر جس میں زردی اور سفیدی موجود ہو رکھ کر اوپر سے ماش کے آٹے سے یا گیہوں کے آٹے سے بند کر کے محفوظ طریقہ سے رکھ دیں چالیس دن کے بعد یہ سنکھیا کی ڈلی زردی سفیدی سب ایک شے منجمد ہو گی۔ اب اس کو کھرل کر کے ڈال کر پاؤ بھر مدار کے دودھ میں ڈال کر خوب گھوٹئے۔ جب سب دودھ جذب ہو جائے پھر ٹکیہ بنا کر دو مٹی کے پیالوں میں بند کر کے بعد گل حکمت پانچ سیر۔ جنگلی کنڈوں کی آنچ دو۔ کشتہ نہایت ہلکا ہو گا۔ اگر خام رہے تو پھر پاؤ بھر دودھ مدار جذب کر کے آنچ اسی طرح دے کر شیشی میں محفوظ رکھئے۔ خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن کھلائیں۔

Mypdfsite.com

تین دن میں زخم اچھے آتشک کا نام ونشان باقی نہیں رہتا تجربہ شدہ ہے۔ گیہوں کی روٹی روغن زرد میں چوری بنا کر کھلائیں۔

نوٹ۔ ایک پرم ہنس درد گردہ میں مبتلا ہو کر معالج ہوا۔ یہ نسخہ بطور یادگار بتلا کر ہدایت کر دی تھی اس نسخہ کو کسی پر ظاہر نہ کرنا۔ معاش اس کی اسی پر تھی۔

سوزاک قدیم وجدید کا بہترین علاج

یہ مرض فی زمانہ زیادہ ہے اور اس کا علاج بھی اگر ابتداء مرض میں توجہ کے ساتھ کر لیا جائے تو بہت جلد اچھا ہو جاتا ہے۔ ورنہ جب قرحہ اندر پڑ جاتا ہے تو مشکل سے اس کا اندمال ہوتا ہے۔

سفوف گلنار

نیا ہو یا پرانا دو ہفتہ میں صحت کلی ہو جاتی ہے۔

طباشیر۔ گندھک۔ مغز خیارین ہر ایک سات ماشہ۔ خرفہ سیاہ سوادو ماشہ گلنار فارسی چھ رتی۔ کتیرا صمغ عربی۔ مامیراں چینی ہر ایک چھ رتی۔ زرشک بہدانہ ایک ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ زراوند مدحرج گیارہ رتی۔ تل مقشر ساڑھے تیرہ ماشہ۔ شکر سفید ہم وزن ادویہ۔

ترکیب استعمال

چھ ماشہ روزانہ ہمراہ آدھ پاؤ گائے کا دودھ اور آدھ پاؤ پانی ملا کر پینا چاہیے۔

نوٹ۔ کہنہ سوزاک کے واسطے بھی یہ نسخہ عجیب الاثر ہے سوزاک کا قطعی نام ونشان تک باقی نہیں رہتا۔ ترشی بادی اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔

Mypdfsite.com

بے نظیر پچکاری کا نسخہ

ہڑ ۱۔ بیڑا ۱۔ آملہ۔ اس کو ترپھلہ کہتے ہیں ہر ۳ ادویہ تین تین تولہ سیر بھر پانی میں جوش دے کر جب تین پاؤ رہ جائے ایک بوتل بھر لیں اور ذیل کی ادویہ باریک کر کے ملا لیں۔ نیلہ تھوتھا بریاں پھٹکری بریاں ہر ایک چھ ماشہ۔ کافور ایک تولہ۔ افیون ایک تولہ ملا دیں۔ پھر گدھی کا دودھ نصف سیر ملا دیں اور ایک مرتبہ صبح اور ایک مرتبہ شام کو پچکا لیں۔ پرانے سے پرانا سوزاک ایک ہفتہ میں رفع ہو جاتا ہے۔

مفت کا چٹکلہ

زخم حیات جس کو سمن سوکھ کا پتہ بھی کہتے ہیں یہ بڑے مدراسی پان کے برابر ہوتا ہے دو تولہ لے کر تین عدد سیاہ مرچ ملا کر ٹھنڈے پانی میں گھونٹ چھان کر پلانے سے ایک ہفتہ میں آرام معلوم ہوتا ہے۔

دیگر

روغن بلساں روغن صندل روغن بھروزہ ہمراہ لسی شیر گاؤ تین قطرہ ڈال کر پئیں۔

اکسیر سوزاک

اس نسخہ سے اگر پیشاب میں خون بھی آتا ہو جب بھی یہ نسخہ فوراً خون بند کر دیتا ہے۔

ببول کا گوند۔ کتیرا۔ دم الاخوین۔ طباشیر۔ رب السواس۔ گل مختوم۔ گلنار۔ حب کاکنج۔ تخم خشخاش ہر ایک دو ماشہ۔ نشاستہ۔ مغز خیارین۔ خرفہ۔ مغز خربزہ ہر ایک تین ماشہ۔ ریوند چینی۔ ایک ماشہ سفوف بنا کر رکھ لیں۔

Mypdfsite.com

ترکیب استعمال

یہ سفوف روزانہ چھ ماشہ ہمراہ آدھ پاؤ پانی اور آدھ آپاؤ دودھ گائے کے ساتھ کھانا چاہئے۔

بہت آسان تجربہ شدہ نسخہ

مٹی کی ٹھیکری میں ایک تولہ پھٹکری ڈال کر کھیل کیجئے جب پکنا شروع ہو تو افیون ایک ماشہ کا سفوف جو پہلے سے تیار کر لیا ہو ڈال کر ایک لوہے کی تیخ سے برابر چلاتے رہے۔ جب پوری کھیل اس کی ہو جائے اتار کر پیس کر شیشی میں محفوظ رکھے خوراک ایک ماشہ یومیہ۔ ہمراہ لسی گاؤ۔ چھ ماہ تک کا سوزاک اس سے گیا۔

جریان کا علاج

ایک سنہری بوند کا نسخہ بنا لیجئے جو بہت سے امراض کا شرطیہ علاج ہے اس کے استعمال سے ۳ یوم میں جریان جاتا ہے۔ اس کا نسخہ قوت باہ کے بیان میں درج ہے۔

دوسرا تجربہ شدہ نسخہ

تخم اوٹنگن۔ موصلی سفید۔ شہدانہ۔ مائیہ شترا عرابی۔ ببول کا گوند۔ موچرس، ثعلب مصری۔ سمندر جھاگ۔ تخم تال مکھانا۔ عقرقرحا۔ بھمن سرخ۔ بہمن سفید۔ طباشیر۔ پھلی ببول۔ کشتہ قلعی۔ چنیاں گوند۔ بیج بند گجراتی۔ خارخسک خورد۔ زعفران ہر ایک دواء چھ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ مصری آدہ پاؤ۔

ترکیب استعمال

جملہ ادویہ باریک پیس کر سفوف بنالیں اور روانہ چھ چھ ماشہ ہمراہ آب یا ہمراہ

Mypdfsite.com

شیر گاؤ آدھ پاؤ۔

پرہیز

بادی اور ترش اشیاء سے اور مجامعت سے بھی تا استعمال دوا پرہیز لازم ہے بارہا کا تجربہ شدہ ہے

ضعف کمر۔ جریان۔ درد کمر کا مجرب نسخہ

اس نسخہ کے استعمال سے ایک ہفتہ میں تمام شکایت دور ہو جاتی ہیں۔

موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ ست گلو۔ طباشیر۔ اسگندنا گوری۔ گوند کہنہ۔ گوند ڈھاک۔ خولنجان۔ ستاور۔ بھمن سفید۔ شقاقل مصری۔ ثعلب مصری۔ مصطگی رومی۔ موچرس۔ سمندر جھاگ۔ ہر ایک دواء چھ چھ ماشہ۔ مصری اور شہد تین تین چھٹانک۔

ترکیب

مصری اور شہد کو پاؤ بھر پانی میں ڈال کر قوام کیجئے بعد تیاری پوام جملہ داویہ کوٹ چھان کر ملا دیجئے صبح اور شام نو نو ماشہ کھائے ایک ہفتہ میں کلی فائدہ ہو جات ہے۔

نہایت مجرب نسخہ

سُپاری۔ مغز بیر۔ خصیۃ الثعلب۔ لونگ۔ بالچھڑ۔ مصطگی رومی۔ اجوائن دیسی ہر ایک تین تولہ۔ شہد خالص اُنیس تولہ میں باریک پیس کر ملا دیں۔ خوراک ۷ ماشہ یومیہ۔

یہ معجون پیشاب قطرہ قطرہ آنے اور سرعت انزال میں بھی بہت مفید ہیں۔

دیگر

اسگندنا گوری۔ روزانہ چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ پاؤ بھر جوش دے کر پینا جریان کے

Mypdfsite.com

واسطے کثیر النفع ہے۔

دیگر

مال کنگنی چھ گھنٹہ پانی میں بھگو کر پھر چھ گھنٹہ خوب گھونٹ کر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر صبح وشام روزانہ ہمراہ شیر گاؤ پاؤ بھر پینے سے جریان کا نافع اور چند اشخاص کو بالکل فائدہ ہوگیا ہے۔

سفوف جریان کثیر النفع

بیج بند گجراتی۔ تخم ہلھل ہر دو پانچ پانچ تولہ۔ اندر جو شیریں۔ خارخسک خور۔ تخم تال مکھانا ہر ایک دس تولہ۔ سپستا سات تولہ۔ شکر جملہ ادویہ کے ہم وزن ہونا چاہئے۔

ترکیب استعمال

جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر روزانہ ایک تولہ ہمراہ آب تازہ ترشی بادی اور جماع سے پرہیز۔

سُرعت انزال کا مجرب نسخہ

مازو سبز	.....	۶ ماشہ
عقرقرحا	.....	۶ ماشہ
دانہ الائچی کلاں	.....	۲ تولہ
تخم ریحان	.....	۳ تولہ
مصطگی رومی	.....	۱ تولہ

کوٹ چھان کر کسی قدر پانی ملا کر نصف نصف ماشہ کی گولیاں بنا لیں اور چار گولیاں کھا کر اوپر سے پاؤ بھر دودھ پی لیا کریں۔

Mypdfsite.com

کثرت احتلام کا تجربہ شدہ نسخہ

بھوسی اسپغول	.....	۲تولہ
پوست بیخ کٹائی خورد	.....	۵تولہ
سلاجیت	.....	۲تولہ
ست گلو	.....	۲تولہ

سفوف بنا کر چھ چھ ماشہ روزانہ صبح وشام کھانا چاہئے۔

حلوہ برائے جریان وسرعت انزال

ہلدی ایک حصہ۔آرد گندم۔روغن زرد۔قند سفید۔ہر ایک تین حصہ اوّل ہلدی کو گھی میں بھون لیں۔پھر آرد گندم کو مابعد شکر کا قوام کر کے اس میں اوّل بریاں آٹا پھر ہلدی ملا دیں۔خوراک ۴تولہ یومیہ ہے۔نسخہ معمولی ہے۔لیکن فائدہ میں بے نظیر ہے۔ہلدی تین ماشہ سے شروع کرنا چاہئے۔اور ۶ ماشہ تک لے آنا چاہئے (یہ حلوہ روزانہ تیار کر کے کھانا چاہئے)

بے نظیر حلوہ مقوی معدہ دافع جریان وسُرعت

جب کوئی نسخہ حبوب یا سفوف کا مرض جریان کے واسطے استعمال کریں تو یہ حلوہ بعد ازالہ مرض ضرور کھالیں۔

پاؤ بھر سوجی نکال کر نصف سیر۔روغن زرد میں خوب سرخ کریں پھر نصف سیر

Mypdfsite.com

مصری کا قوام کر کے اس سوجی کو ملا دیں بعد اس کے یہ ادویہ حلوے میں باریک پیس کر ملا دیں۔

طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ دارچینی ہر ایک چھ ماشہ۔ گاؤزباں۔ گل گاؤزباں ہر ایک ایک تولہ ثعلب مصری چار تولہ۔ اوپر سے مغز بادام شیریں۔ مغز نارجیل۔ مغز کدوئے شیریں۔ ہر ایک چار تولہ تراش کر ملا دیں۔ پھر خوب باریک پیس کر چاندی کے ورق ۱۰ ماشہ ذرا سے شہد میں گھونٹ کر ملا دیں اور عرق کیوڑہ ۲ تولہ میں زعفران تین ماشہ ملا کر اوپر سے ملا دیں۔ علاوہ اس کے یہ قلب کو تقویت بھی پہنچاتا بھوک خوب لگاتا چہرہ کا رنگ تر و تازہ کرتا ہے۔

دیگر

کف دریا۔ اندر جوشریں۔ سمندر پھل۔ تخم پیاز۔ تخم کونچ۔ عقرقرحا۔ ریوند چینی۔ تخم اوٹنگن۔ سب ادویہ دس دس ماشہ ہونا چاہئیں۔

ترکیب

کوٹ چھان کر جملہ ادویہ کی بیس پڑیاں بنالیں اور ذیل کی ترکیب کے ساتھ کھائیں۔ ایک سالم انڈا لے کر اس کی سفیدی نکال کر پھر اس میں ایک پڑیا ڈال کر انڈے کا منہ آٹے سے بند کر کے بھوبھل میں دبا دیں۔ تھوڑی دیر کے بعد نکال کر کھائیں اس طرح روزانہ بیس یوم تک کھائیں۔

نوٹ۔ کیسی منی رقیق ہوگئی ہو یا معمولی خواب سے احتلام ہو جاتا ہو یا بلا ارادہ خارج ہو جاتی ہو تو اس نسخہ کا استعمال تین ہفتہ میں انسان کو اس قابل بنا دیتا ہے کہ اگر کپڑے پر گر جائے تو بعد خشک ہونے اس تری کے اگر ہاتھ سے مل دیں تو کپڑا صاف ہو

Mypdfsite.com

جاتا ہے۔ یہ ہے اس نسخہ کی تعریف ذرا آپ کھا کر تو دیکھئے۔

جریان کا تیر بہدف نسخہ

گائے کا دودھ لے کر پاؤ بھر تر بجبین خراسانی اس میں ڈال کر جوش دیں جب نصف دودھ رہ جائے اتار کر مل چھان کر پھر نصف سیر مصری ڈال کر قوام کریں بعد تیاری قوام بھمن سرخ ۴ تولہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ باریک پیس کر ملا دیں اور معجون تیار کریں خوراک ۹ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

نامردی۔ امساک۔ قوت باہ اور بداعتدالی کا علاج

مغز خربزہ۔ تخم مولی۔ ہالوں۔ جملہ ادویہ ہم وزن ہونا چاہئیں۔

کوٹ چھان کر دس ماشہ یومیہ ہمراہ شیر گاؤ پاؤ بھر استعمال کریں۔ باہ کے بڑھانے میں عجیب الفعل ہے۔

دیگر

ببول کا گوند کتیرا۔ گلنار۔ صندل سفید۔ طباشیر۔ موچرس۔ نشاستہ۔ خارخسک خورد۔ کشتہ قلعی ہر ایک چار ماشہ۔ کہرباء شمعی۔ مطلگی رومی۔ گیرو۔ ثعلب مصری۔ اندر جوشریں۔ پکھان بید۔ نعناع (یہ ایک قسم پودینہ کی ہے) مایہ شترا عرابی۔ لودھ گجراتی ہر ایک تین ماشہ۔ بالچھڑ دو ماشہ۔ تودری سرخ۔ تودری سفید ہر ایک ۹ ماشہ۔ مولسری۔ ببول۔ کچنال۔ جھربیری ہر ایک کی چھال پانچ پانچ ماشہ۔ سنگھاڑہ خشک پانچ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ کوٹ چھان کر ہم وزن ادویہ کے مصری ملا کر روزانہ ایک تولہ پانی کے ہمراہ

Mypdfsite.com

کھائیں۔

نوٹ۔ یہ نسخہ اعجاز نما اثر رکھتا ہے اور امتحان کرنے پر تعریف سے زائد فائدہ دکھلاتا ہے۔

امساک کا بیش بہا چٹکلہ

بھلانواں کا چھٹانک بھر شیرہ نکال لیجئے اور اس کو ڈھائی سیر دودھ میں جوش دیجئے۔ جب چہارم حصہ دودھ رہ جائے تو اس میں روغن کنجد چھٹانک بھر ڈال کر جوش دیجئے یہاں تک کہ غلیظ ہو کر گولی باندھنے کے قابل ہو جائے۔ پھر گولی بنا کر رکھ لیجئے۔ دو ہفتہ کے بعد قابل استعمال ہوگا۔ چھ ماشہ اس کو اور چھ ماشہ تل دھوئے ہوئے لے کر منہ میں رکھ لیجئے (نگل نہ جایئے گا) اس قدر شہوت اور تقویت اور امساک ہوگا آپ بہت خوش ہوں گے اور فریقین آپس میں الفت اور محبت کے ایسے دلدادہ ہمیشہ رہیں گے کہ تفریق دشوار ہوگی۔

قوت باہ کا آسان چٹکلہ

روزانہ شیر گاؤ نصف سیر جوش دیجئے جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے اس وقت چھٹانک بھر شکر ڈال دیجئے اور چلاتے رہیئے پانچ منٹ کے بعد ایک انڈا پھوڑ کر اس میں ڈال دیجئے اور برابر چمچہ سے چلاتے رہیں جب پاؤ بھر سے کچھ کم دودھ رہ جائے اُتار لیجئے۔ تھوڑی دیر میں یہ مثل دہی کے جم جائے گا۔ صبح کو اسی وقت تیار کر کے بطور ناشتہ کھایئے۔ ایک ہفتہ کے اندر قوت باہ کا موازنہ کیجئے۔

Mypdfsite.com

از حد مقوی باہ

پارہ۔ ہرتال ورقی۔ شنگرف۔ گندھک آملہ سار ہر ایک ایک تولہ۔ سنکھیا سفید تین ماشہ۔

چالیس انڈوں کی زردی نکال کر خوب کھرل کریں اور ذیل کی ادویہ ملائیں۔

تل سفید چار تولہ اور مال کنگنی چار تولہ پھر بذریعہ پتال جنتر تیل نکال لیں۔ ایک سینک پان میں لگا کر کھائیں اور ایک سینک حشفہ سیون چھوڑ کر عضو مخصوص پر لگائیں۔ اس قدر باہ کو تقویت ہوگی کہ بعد تجربہ دل ہی دل میں محفوظ ہونگے۔

ماندگی اور کمزوری دور کرنے والا

اسپند سوختنی سات ماشہ نصف بھونیں اور نصف کچی رکھیں اس کے بعد پوست خشخاش اور تل سیاہ ہر ایک سات ماشہ اور قند سیاہ کہنہ پانچ سالہ ۶ تولہ ہونا چاہئے۔

ترکیب

ان ہر ۳ ادویہ کو نرم کوٹ کر قند سیاہ میں ملا کر (۲۸) گولیاں بنالیں اور حفاظت سے رکھیں۔

فائدہ

بعد مجامعت چار گولیاں کھانا چاہئے اس سے ماندگی اور کمزوری کا مطلق اثر نہیں ہوتا۔ خواہ آپ روزانہ ہم بستر ہوں۔ لیکن واضح رہے کہ دوا بھی بدن کی طاقت پر اپنا اثر دکھلاتی ہے۔ جسم میں خون نہ ہو اور دوا سونے پر سہاگہ کا کام دے یہ ناممکن ہے۔

Mypdfsite.com

دیگر

نخود بریاں پاؤ بھر لے کر اور دس انڈوں کی زردی جوش دے کر نکال لیں اور اس میں ملا دیں اور پھر آدھ پاؤ شہد کے قوام میں ڈالیں یہ بطور معجون کے ہو جائے گی روزانہ ہمراہ شیر گاؤ بھر کر استعمال کریں۔ تقویت باہ میں بے نظیر ہے۔

دیگر

ماش یعنی اُرد کی دال پاؤ بھر پیاز کا عرق اس قدر کہ ایک انگل اوپر آ جائے پھر جب عرق پیاز خشک ہو جائے۔ اسی طرح دوبارہ اور ۳ بار خشک کریں۔ پھر چھلکے دور کر کے باریک پیس کر کچی کھانڈ پاؤ بھر کر ملا کر رکھ لیں۔ اس نسخہ کو چالیس دن پر تقسیم کر لیں اور روزانہ ایک حصّہ ہمراہ دو تولہ گھی کھا لیا کریں تقویت باہ میں بہت مفید ہے۔ جریان کو بھی اسی نسخہ نے کثیر فائدہ پہنچایا ہے۔

مرکب لاجواب نسخہ

معجون جوزی۔ معجون پنبہ دانہ، معجون لبوب صغیر۔ معجون لبوب کبیر۔ دواء المسک معتدل ہر ایک تین تولہ۔ جواہر مہرہ تین ماشہ قلعی کشتہ چھ ماشہ خوب ملا کر رکھ لیں اور روزانہ چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ بھر کے کھائیں اگر زیادہ قوی کرنا منظور نہ ہو آخر الذکر ہر دوا دو یہ نہ ملائیں۔ اگرچہ نسخہ قیمتی ہے لیکن فائدہ لاثانی ہے۔

غذا کا استعمال

قوت باہ جریان یا امساک وغیرہ کے نسخوں کے استعمال کرتے وقت دیسی

Mypdfsite.com

انڈوں کا حلوہ۔ دودھ۔ چاول۔ مرغ کا گوشت بکری کا گوشت۔ انڈا نیم برشت چوزوں کا گوشت اور کس قدر گھی کا استعمال زیادہ رکھنا چاہئے۔ حتی الوسع مناسب مرغن غذا کھانا چاہئے۔

چند مفید ہدایات

فی زمانہ اکثر حضرات امساک کے نسخوں کے بہت متلاشی رہتے ہیں اور مشتہرین نے انہیں سے شوقیہ نسخوں کی بدولت ہزار ہا روپیہ کمالیا۔ جسکی بدولت اکثر شائقین کو بہت نقصان پہنچا۔ جس قدر امساک زیادہ ہوتا ہے اسی قدر نقصان پہنچتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ جس قدر حرکت انسان کرتا رہے زیادہ اسی قدر روح تحلیل ہوتی ہے اور روح کے تحلیل ہونے سے عمر گھٹتی ہے اس کے علاوہ تمام دل و دماغ ماؤف ہو جاتا ہیں آخر میں یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ مکھیاں مارنے لگتے ہیں۔ ایسے حضرات کو محض شوق میں آکر اپنی جسمانی طاقت کو بیکار نہ کرنا چاہئے البتہ زود اثر تقویت پہنچانے والی دوائیں ضرور استعمال کرنا چاہئے۔ جس سے خون صالح پیدا ہو اور امساک بھی خاطر خواہ پیدا ہو۔ ہمارے کرم فرماؤں کا اصرار ہے کہ چند نسخہ جات ضرور ایسے ہونا چاہئیں جو ہر دو فوائد کو ملحوظ رکھیں۔ لہٰذا ہم چار چھ نسخے مجربہ ذیل میں تحریر کرتے ہیں۔

شیر کی چربی جو ایک سال سے زیادہ کی پرانی نہ ہو اور تخم اوٹنگن ہر ایک ایک تولہ خوب آپس میں ملا کر گولیاں جب مثل مرہم کے ہو جائے رکھ لیں وقت ضرورت پندرہ منٹ پہلے اس کو عضو مخصوص پر لگا کر ہم بستر ہوں۔ امساک بھی خوب ہوتا ہے اور مرد کی محبت عورت کے دل میں جاگزین ہوتی ہے۔

Mypdfsite.com

نوٹ۔ اگر خاطر خواہ نسخہ اپنا اثر نہ دکھلائے تو چربی کو پرانا سمجھنا چاہئے ورنہ کسی طرح اپنا نفع پورا پورا دکھلانے سے کوئی امر مانع نہیں ہے۔

دیگر

چمگادڑ کا تیل آتشی شیشی کے ذریعہ سے نکال لیجئے وقت ضرورت عضو مخوص پر لگانے سے عورت کسی دوسری طرف رخ نہیں کرتی بے مثل طلاء ہے۔

نوٹ۔ پر وغیرہ صاف کر کے اور آلائش نکال کر قیمہ بنا کر شیشی میں بھر کر تیل نکال لینا چاہئے۔

دیگر:

پرانے ڈھاک کے درخت میں جڑ کے قریب شگاف دے کر اس کے اندر ایک تولہ لونگ بھر دیں اوپر سے اس کو گل حکمت کر دیں چالیس یوم کے بعد نکال لیں۔ ایک دو لونگ پان میں رکھ کر کھالیں پھر اس کا لطف دیکھیں۔

دیگر

خرگوش کا پتہ خشک کر کے بائیں ران میں باندھنے سے بخوبی امساک ہوتا ہے۔

دیگر

نر سانپ کا گریہ جس کو دودھ والے جانور کی پشت پر رکھنے سے دودھ بند ہو جاتا ہیں اس کو صحبت کے وقت کمر میں باندھ لینے سے اچھا امساک ہوتا ہے۔

Mypdfsite.com

سفوف ممسک

خولنجان۔ جفت بلوط۔ کندر۔ مصطگی رومی۔ طباشیر۔ گلنار فارسی ہر ایک چھ ماشہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ ہم وزن ادویہ ہونا چاہئے۔ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں مقدار خوراک ساڑھے چار ماشہ ایک مرتبہ کی ہیں۔

ملذذ نسخہ بے نظیر

کافور ایک سرخ۔ نرکچور اور سہاگہ دو دو سرخ ہر ۳ کو باریک پیس کر ایک دو قطرہ پانی میں ملا کر طلاء کریں۔ اور بعد خشک ہونے کے ہم بستر ہوں۔ اچھی خاصی لذت اس چٹکلہ سے آجاتی ہے۔ بہت آسان مفت کا چٹکلہ ہے کر کے دیکھ لیجئے۔

نہایت سریع الاثر تجربہ شدہ معجون

مروارید ناسفتہ۔ بیخ مرجان ہر ایک ساڑھے چار ماشہ، بیخ کاکنج۔ بیخ عشق پیچہ ساڑھے تین ماشہ۔ شگوفہ اذخر۔ ناگرموتھہ۔ مائیں کلاں۔ دارچینی۔ تگر مصطگی رومی۔ ہر ایک سوا دو ماشہ۔ ببول کا گوند اور کتیرا ہر ایک ایک ماشہ چھ رتی۔ بادیان رومی۔ بھمن سفید ساڑھے دس ماشہ۔ شہد خالص عمدہ ہم وزن ادویہ ہونا چاہئے۔

ترکیب

ادویہ کو کوٹ چان کر شہد میں ملائیں اور جماع سے نصف گھنٹہ پیشتر ساڑھے چار ماشہ نیم گرم دودھ کے ساتھ کھالیا کریں۔ چند روز کے استعمال سے اس کا عجوبہ اثر ملاحظہ

Mypdfsite.com

فرمائیں۔ اور طاقت زائل

فائدہ یہ معجون باہ کو بڑھاتی اور حرارت کو ابھارتی اعصاب کو تقویت پہنچاتی عضو مخصوص کو سخت کرتی مرد کی دوستی عورت کے دل میں پیدا کرتی ہے۔ میرے تجربہ میں اس سے بہتر معجون نہیں آئی۔ اپنے دوستوں کو اسی کے استعمال کی رائے دیتا ہوں۔ آئندہ آپ جانیں اور آپ کا کام۔

سنہری بوند کا اکسیر اعظم نسخہ

یہ نسخہ ایک مسافر سیاح سے حاصل ہوا۔ جس کا ذریعہ معاش اسی پر تھا۔ بس وہ اسکی ایک شیشی اپنی جیب میں رکھتے تھے اور تمام مندرجہ امراض کا شرطیہ علاج کرتے اور ہزاروں روپیہ جھولی میں ہفتہ عشرہ کے اندر بھر لیتے تھے اور اسی نسخہ کی بدولت ایک امیر کبیر معلوم ہوتے تھے۔ جس مصیبت اور پریشانی اور لالچ سے یہ نسخہ حاصل ہوا اسکا قصہ بہت طول طویل ہیں۔ جس کو نظر انداز کرتا ہوں اور بفضلہٖ اس نسخہ نے جس جگہ پر ہم نے تجربہ کیا تیر بہدف پایا۔ اور آپ بھی اس نسخہ کی صفت جب بنا کر استعمال کریں گے تو بعد صحبت مارے خوشی کے پھولے نہ سمائیں گے۔

شنگرف رومی۔ گندھک آملہ سار۔ ہرتال طبقی۔ مغز تخم نیب ہر ایک ادویہ دو تولہ سم الفار سرخ اور سفید۔ گوگل۔ لوبان کوڑیہ۔ بورہ دندان فیل مغز پستہ۔ پھٹکری سفید۔ برادہ بارہ سنگھا۔ کافور ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران اور سلاجیت چھ چھ ماشہ۔ جند بیدستر ۲ ماشہ۔

اوّل ان ادویہ کو پاؤ بھر شیر مدار کے دودھ میں تر کر کے کھرل کریں۔ پھر ہمجنہ کا

Mypdfsite.com

عرق پاؤ بھر جذب کریں پھر موسی کرنی بوٹی پاؤ بھر کا عرق جذب کر کے گولیاں چھوٹی چھوٹی بنالیں اور بذریعہ آتشی تیل نکالیں (موسی کرنی بوٹی زمین پر پھیلتی ہے اور اس کا پتہ بجلسہ چوہے کے کان کی طرح ہوتا ہے اس کو درکنی اور بیخ بنفشہ جنگلی بھی کہتے ہیں۔

اب فوائد اس کے پڑھیئے

1۔ ایک سینک پان میں لگا کر کھایئے بخوبی امساک ہوگا۔

2۔ قوت باہ کے واسطے ایک قطرہ ہمراہ بالائی روزانہ ایک ہفتہ تک

3۔ اگر شوقیہ اس کا ایک قطرہ روزانہ ہمراہ بالائی چند سے کھائیں تو چہرہ سرخ مثل انار کے ہو جاتا ہے۔

4۔ اگر روزانہ بالائی میں دو قطرہ رکھ کر کسی نامرد کو کھلائیں ایک ہفتہ میں مردی پیدا ہو جاتی ہے اور دو تین ہفتہ استعمال کرنے پر کیا کہنا۔

5۔ بواسیر بادی ہو یا خونی اگر مکھن میں ملا کر روزانہ ایک قطرہ کھائیں تو عمر بھر کے واسطے ازالہ مرض ہو جاتا ہے۔ اگر چہ اس مرض میں کثرت سے لوگ مبتلا ہیں۔ لیکن یہ دوا بھی ان جملہ امراض کی جانی دشمن ہے۔

6۔ بچپن کی غلط کاریوں اور بداعتدالی میں ایک ہفتہ مالش عضو مخصوص پر کرنے سے تین ہفتہ میں بالکل اچھا ہو جاتا ہے۔ لیکن ایک ہفتہ تک مجامعت سے پرہیز لازم ہے۔

7۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال وغیرہ میں بھوسی اسپغول کی کھیر پکا کر ایک قطرہ اس میں ملا کر کھائیں۔ ایک ہفتہ میں ازالہ مرض ہو جاتا ہے۔

Mypdfsite.com

اگر ۳ ماشہ سفوف سونٹھ کے ساتھ ایک قطرہ ملا کر روزانہ ایک ہفتہ تک کھائیں تو پرانے سے پرانا ضیق النفس جاتا ہے۔

تجربہ اگر آتشک کے مریض کو ایک ہفتہ روزانہ ایک قطرہ کھلائیں تو آتشک کا نام و نشان باقی نہیں رہتا۔

کمزوری۔ سستی اور مایوسی وغیرہ کا تیر بہدف علاج

فی زمانہ ان امراض میں پچاس فیصدی مبتلا ہیں اور اشتہاری ادویہ کے ذریعہ ہزاروں اشخاص اپنا علاج کراتے ہیں۔ لیکن خاطر خواہ نفع پہنچنا تو درکنار اپنی کثیر رقم بیکار جاتی ہے۔ اور بعض اوقات بجائے فائدہ کے نقصان پہنچتا ہے۔ ان کو نفع سے کیا غرض میرے خیال میں ہر مقام پر شہر میں دو ایک حاذق طبیب ضرور ہوتے ہیں۔ ان سے اپنا عرض حال بیان کر کے علاج پورا پورا کرانا چاہئے۔ تاکہ زندگی کا پورا لطف حاصل ہو۔ جو لوگ اطباء وغیرہ سے بھی اپنا حال پوشیدہ رکھنا چاہتے ہیں اور بوجہ ندامت یا حیا کے وہ اظہار حالات سے قاصر ہیں تو بجنسہ ہمارے طریقہ مندرجہ پر ان کو خود اپنا علاج کرنا چاہئے۔ اللہ کو منظور ہے تو تمام شکایت رفع ہو جائے گی اور کسی طبیب یا ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت نہ ہوگی۔

اوّل ایک دریائی مینڈک کی چربی سوا تولہ لیں اگر نہ ملے تو مرغ یا بطخ کی چربی یہ بھی نہ ملے تو روغن بلسان یا زیتون کا تیل۔ عاقرقرحا ساڑھے دس ماشہ روغن گاؤ ساڑھے تین تولہ اوّل گھی کو گرم کر کے پھر اس میں چربی یا روغن ڈالیں پھر عقرقرحا باریک پیس کر اس میں اس قدر حل کریں کہ مثل مرہم کے ہو جائے۔ آپ نیم گرم حقنہ اور سیون وغیرہ کو

Mypdfsite.com

چھوڑ کر لیپ کر کے پان کچے سوت سے لپیٹ دیں۔ رات کو باندھیں صبح کھول دیں صرف ایک ہفتہ۔

ٹکور کا نسخہ۔

برادہ دندان فیل ۲ تولہ۔ مال کنگنی ۹ ماشہ۔ سیاہ تل ۹ ماشہ۔ آبنہ ہلدی ایک تولہ۔ میدہ لکڑی۔ مصطگی رومی۔ دار چینی۔ عاقر قرحا۔ قلمی تج ہر ایک تین تین ماشہ۔ لونگ ۲ ماشہ۔ کوٹ چھان کر ایک باریک کپڑے کی پوٹلی میں بندھ کر میٹھے تیل میں تر کر کے ٹکور کریں۔ ایک پوٹلی زیادہ سے زیادہ تین دن ٹکور کے کام میں لائی جا سکتی ہے۔ ٹکور ہر دو وقت کرنا چاہئے۔

نوٹ: گئے گذرے یا مایوس یا تھوڑی بہت خرابی والے اشخاص کے واسطے یہ بالترتیب نسخے حد درجہ مفید اور نہایت زود اثر ہیں۔ لیکن اگر عضو مخصوص میں خم ہے تو جناب والا پہلے گرہ کے نرم کرنے کی تدبیر کیجئے۔ وہ تدبیر یہ ہے کہ بیخ سوسن ۶ ماشہ آدھ پاؤ پانی میں خوب جوش دیکر جب نصف پانی رہ جائے اتار کر مل چھان کر روغن بابونہ دو تولہ اس میں ملا کر پکائیں کہ پانی جل کر تیل رہ جائے پھر چربی مرغ۔ چربی بطخ۔ موم زرد۔ گائے کی تلی کا گودا۔

فائدہ

ہر صبح کے وقت عضو مخصوص پر گرم کر کے ملنا چاہئے اور ہاتھ سے سیدھا کرنا چاہئے۔ کم سے کم آدھ گھنٹہ یہ عمل کرنا چاہئے۔ پھر گل بابونہ اور ناخونہ جس کو اکلیل الملک کہتے ہیں چھ چھ ماشہ نصف سیر پانی میں جوش دے کر اس سے دھارنا چاہئے ایک ہفتہ میں یہ عمل کریں یہاں تک کہ خم جاتا رہے اور اسی طرح روزانہ ہاتھ سے عضو کو سیدھا کرنا چاہئے۔

Mypdfsite.com

جب خم نہ رہے اس وقت ذیل کا طلاء استعمال کریں۔

نوٹ۔ خوب خیال رکھیں کہ جب مرض پرانا ہو جاتا ہے تو ذرا دیر سے جاتا ہے آپ گھبرائیں نہیں جب فائدہ آپ کو معلوم ہوگا تو آپ خود خوشی کے ساتھ اور چار چھ روز یہ عمل کر لیں گے۔ ہر مرض میں کچھ نہ کچھ زحمت ضرور ہوتی ہے۔ لیکن اطمینان کے ساتھ آپ کو اپنے علاج میں مصروف رہنا چاہئے۔

طلاء کا نسخہ

پھر یہ طلاء بنا کر استعمال کریں۔ ہرتال طبقی۔ سم الفار سفید۔ میٹھا تیلیا۔ نوشادر ہر ایک دو دو تولہ باریک پیس کر روغن گاؤ بھر میں ملائیں اور پھر دو تولہ پارہ ڈال کر خوب حل کریں۔ اس کے بعد ایک کڑچھے میں لوہے کے ڈال کر بہت ہلکی آنچ پر پکائیں یہاں تک کہ سب دوائیں جل کر بخوبی کوئلہ ہو جائیں پھر اوپر کا گھی نتھار کر رکھ لیں اور حشفہ سیون چھوڑ کر ہلکا ہلکا عضو مخصوص پر لگا کر اوپر سے بنگلہ پان باندھ کر کچے سوت سے باندھ دیں ایک ہفتہ اسی طرح روزانہ یہ عمل کرنا چاہیے اور ایک ماہ جماع سے پرہیز لازم ہے۔

نوٹ۔ جن حضرات کے عضو مخصوص میں خم ہے وہ پہلے بیخ سوسن والا نسخہ پھر چربی والا نسخہ پھر ٹکور کا نسخہ پھر طلاء کا نسخہ۔ بصورت دیگر مندرجہ کتب کے موافق اب اگر فربھی لانا منظور ہو۔ تو بنولہ جس کو پنبہ دانہ کہتے ہیں اس کا تیل نکلوا لیجئے اور بعد مجامعت بلاد ہوئے ہوئے اس تیل کی مالش کرنا چاہئے تا کہ چند روز میں فربھی پیدا ہو جائے۔ جب حسب منشاء اپنے ہو جائے تو پھر تیل کا استعمال ترک کر دیں۔

Mypdfsite.com

طلاء برائے درازی

اسگند ناگوری۔ افیون۔ آبنہ ہلدی۔ کنیر سفید کی جڑ ہر چہار اشیاء کوٹ چھان کر بھیڑ کے دودھ میں ملا کر خوب گھوٹیں کہ مثل سرمہ کے ہو جائے جس قدر گھوٹا جائے گا اس قدر جلد فائدہ ہوگا۔ وقت ضرورت طلاء کر کے اوپر سے پان بنگلہ باندھیں درازی فرجی اور شہوت کی زیادتی پیدا ہوتی ہے۔ ورنہ میں تو بلا مبالغہ یہ کہنے کو تیار ہوں۔ کہ ایک ہفتہ کا استعمال عضو مخصوص کو نہایت درجہ سخت بنا دیتا ہیں۔

طلاء خاص:

زفت رومی ڈیڑھ تولہ چربی شیر جو ایک دو سال سے زائد کی پرانی نہ ہو ڈیڑھ تولہ مکھن اور کنیر سفید کی جڑ کا پوست اور موم سب ایک ایک تولہ۔ کیچوئے ۶ ماشہ۔ عقرقرحا اور دارچینی ہر ایک ۳ ماشہ اول موم۔ چربی۔ مکھن کو آگ پر پگھلائیں جب جھاگ دور ہو جائے تو اول دوا یعنی زفت آگ پر گرم کر کے شامل کریں پھر کل ادویہ کو باریک پیس کر اس میں ملا کر خوب چوبیس گھنٹہ کھرل کریں کہ مثل مرہم کے ہو جائے پھر روغن چمیلی ذرا سا لے کر اور بقدر ضرورت طلاء اس میں ملا کر لگائیں اور پان رکھ کر کچے تاگے سے بندھیں ۲ گھنٹہ کے بعد کھول دیں۔ اس طلاء کو دن میں دو مرتبہ اور رات میں ایک مرتبہ لگانا چاہئے اور شام کو گرم پانی سے ڈھوڈالنا چاہئے۔

نوٹ۔ طریقہ ہے کہ پہلے عضو کو ایک موٹے کھردرے کپڑے سے سرخ کر لیتے ہیں۔

طلاء نمل:

قبرستان کے چیونٹے بڑے سات عدد روغن چمیلی دو تولہ میں حل کریں وقت

Mypdfsite.com

ضرورت تجربہ کریں۔

طلاء خراطین:

بھیڑ کے دودھ میں کپڑا تر کر کے یا کیچوئے ایک تولہ بھیڑ کے دودھ میں حل کر کے مثل مرہم کے جب ہو جائے عضو پر ایک کپڑے پر لگا کر چپکا دیں چھ گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے دھو ڈالیں جونک اور کیچوئے تین تین ماشہ روغن چمبیلی یا روغن کنجد میں ملا کر طلاء کریں۔

الغرض یہ تجربہ شدہ بہترین نسخے ہیں جن کو آسان سمجھیں بنا کر فائدہ اٹھائیں۔

طلاء عجیب وغریب

یہ نسخہ احقر کو کلکتہ کے ایک مشہور حاذق طبیب سے حاصل ہوا تھا جو نہایت زود اثر اور بیشل ہے مفت کا نسخہ ہے فائدہ میں عجیب وغریب ہے۔ بطخ کا جوڑا جب جوان ہو اور پہلی مرتبہ انڈا دے اس کو لے لیجئے۔ اور ایک گڑھا ڈیڑھ گز گہرا اور گز بھر لمبا کھود کر گھوڑے کی لید اس میں بھر کر درمیان میں اس وقت انڈر رکھ لیجئے۔ چالیس یوم کے بعد نکالئے انڈے کا کل جزو بہ شکل تیل برآمد ہوگا اس کو شیشی میں رکھ لیجئے۔ پھر چار عدد لونگ اور چار ماشہ جائفل باریک پیس کر شیشی میں ڈال دیجئے اور کھچڑی پکائے۔ جب کھچڑی دم پخت ہو جائے اس کے بیچ میں رکھ دیں۔ نصف گھنٹہ کے بعد نکال لیجئے بس تیار ہیں۔ ایک سینک پان پر لگا کر کھائے اور ایک قطرہ عضو مخصوص پر طلاء کریں۔ ہفتہ عشرہ کے استعمال سے نامرد مرد بن جاتا ہے۔

Mypdfsite.com

حب سم الفار

سنکھیا سفید ۳ ماشہ۔ نصف سیر عرق ادرک اس میں جذب کریں اس کے بعد ایک ایک رتی گولیاں بنالیں روزانہ بالائی میں رکھ کر ایک گولی نگل جایا کریں چھ گولی سے زیادہ کی ضرورت نہیں پڑتی کہ شہوت پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہے روغن زرد کا استعمال تا استعمال ادویہ روزانہ ہر دو وقت میں آدھ پاؤ رہے۔ موسم سرما میں اس کا استعمال کرنا چاہئے۔

طلاء

روغن دار چینی ایک حصہ اور روغن زیتون ۳ حصہ میں ملا کر رکھ لیں۔ صبح شام طلاء کریں اس سے لاغری کمزوری سب دور ہو جاتی ہیں۔

طلاء زعفرانی:

تخم ستیاناسی کا تیل ڈھائی تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ ملا کر دونوں کو حل کر کے رکھ لیں ایک یا دو قطرہ حسب ضرورت لگایئے تمام مردہ شدہ پٹھوں اور رگوں میں طاقت آجاتی ہیں۔

سہل الحصول مفید طلاء

روغن زرد اور مدار کا دودھ ہم وزن باہم ملا کر رکھ لیں اور عضو مخصوص پر اس طرح طلاء کریں کہ بہنے نہ پائے پھر بنگلہ پان باندھ دیں دو گھنٹہ کے بعد کھول ڈالیں اگر دانے پیدا ہو جائے تو موقوف کر دیں۔ جب دانے جاتے رہیں پھر لگائیں چند مرتبہ کے استعمال سے اچھا خاصہ ہو جاتا ہے۔

طلاء بے نظیر

اسگند ناگوری اور سیاہ مرچ ایک ایک تولہ سنکھیا زرد ۳ ماشہ بام مچھلی جس کو مار ماہی

Mypdfsite.com

کہتے ہیں ایک سیر کی ہو۔ آلائش سے صاف کر کے اس کے اندر سب ادویہ کو باریک پیس کر چار سیر پانی میں جوش دیں۔ جب چربی نکل آئے اور پانی کے اوپر تیرنے لگے اتار کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ حشفہ سیون چھوڑ کر عضو پر طلا کریں اور نصف گھنٹہ تک بلا باندھے ہوئے بیٹھے رہیں پھر گائے کے دودھ سے دھو ڈالیں دس یوم صرف اس طلاء کا لگانا کافی ہے قوت باہ میں بھی خوب تقویت ہوتی ہے اور مایوس العلاج دوبارہ زندگی حاصل کرتا ہے اس نسخہ سے ایک مریض جو اپنے علاج سے مایوس ہو گئے تھے ایک جوگی سے بنا کر استعمال کرایا تھا۔ میں نے بھی اس کا تجربہ کیا بہت مجرب نسخہ ثابت ہوا۔

سب سے بہتر طلاء

روغن خیری زرد ایک تولہ۔ مشک خالص ۶ رتی سوا دو چاول فرفیون پونے دو ماشہ عاقرقرحا ساڑھے تین ماشہ باریک پیس کر روغن خیری میں خوب حل کر کے جب مثل مرہم کے ہو جائے طلاء کریں۔ اس کے تین دن استعمال کرنے سے بالکل صحت ہونے کے علاوہ شہوت کا غلبہ بہت بڑھ جاتا ہے اگر یہ صورت پیدا ہو جائے تو بہت سرد پانی یا برف سے عضو کو ٹھنڈا کریں۔ قارئین کے ہزارہا استفسارات پر خیری کی تعریف اور ترکیب روغن بنانے کی ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

خیری زرد

اس کو گل شبو کہتے ہیں۔ اس نام سے یہ عام مشہور ہے اس کا پھول زرد، سفید، اودا تین قسم کا ہوتا ہیں۔ ذائقہ تلخ، پھیکا، گرم خشک ہے۔ بدل اس کا روغن بادام اور نرگس ہے۔

روغن شبو یا خیری

گل خیری کو روغن کنجد میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں جب اس میں اثر آجائے

Mypdfsite.com

پھول بدل دیں۔اس طرح دو مرتبہ نئے پھول ڈالنے سے روغن خیری زرد تیار ہوتا ہے۔

برصغیر میں یہ درخت اکثر ہوتا ہے چونکہ اس کا پھول شب کو پھولتا ہے اس وجہ سے اس کا نام گل شبو ہے۔

حبوب خیری زرد کا نسخہ بنا کر استعمال کریں تو ان کا کو تیار کر کے روزانہ ایک گولی صبح و شام کھانا چاہئے۔

حبوب اکسیر الاثر

موصلی سفید۔ کلونجی۔ جائفل۔ اسگند ناگوری۔ بیخ پیپل۔ عقرقرحا۔ لونگ ہم وزن ادویہ ہونا چاہئیں (جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں اور روزانہ صبح شام ایک ایک گولی نوش کریں۔

معجون سیلان الرحم

یہ معجون نہایت مفید اور بارہا کی تجربہ شدہ ہے باوجود اس کے ایک مرتبہ عاجز نے اس معجون کو حالت حمل میں ایک عورت کے خون بکثرت جاری ہو گیا تھا کھلائی فوراً تین چار مرتبہ کے استعمال سے خون بند ہو گیا۔لیکن خون آنے کی صورت میں بشکل سفوف کھلانا ہوتی ہے۔

موچرس۔ چھالیہ۔ نشاستہ۔ طباشیر۔ گل مختوم۔ مازو سبز۔ گل سرخ۔ تخم مورد۔ ہڑڑ۔ بھیڑا۔ آملہ۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید ہر ایک ایک تولہ۔ پوست انار ۹ ماشہ۔ آب انار ترش سوا تین تولہ۔ آب امرود سوا تین تولہ۔ مصری شہد دو چند ادویہ کے۔

Mypdfsite.com

بنانے کی ترکیب

اوّل ان سب ادویہ کو باریک پیس کر علیٰحدہ علیٰحدہ پھر تول کر ملا دیں پھر مصری اور شہد کا قوام کریں اور ادویہ بعد قوام ملا دیں اور خوب یکجان کر دیں۔ اس کے بعد آب انار اور آب امرود ملا کر رکھ لیں خوراک دو تولہ یومیہ۔

فرزجہ برائے اجراء حیض

اگر عورتوں کے ایام ماہواری میں کمی ہے یا خون بالکل نہیں آتا یا تکلیف کے ساتھ آتا ہے تو یہ نسخہ استعمال کرایا جائے تمام شکایات بفضلہٖ رفع ہو جائے گی۔

گوگل ۔ مین پھل ۔ پیپل۔ تخم کدوئے تلخ۔ جوا کھار۔ جائفل ۔ ہم وزن ادویہ۔ سب ادویہ باریک پیس کر چھان کر تین پوٹلی بنائیں۔ ایک دائیں اور ایک بائیں اور ایک سامنے رحم میں رکھیں یا شیاف بنا کر رکھیں یا شہد میں ملا کر رکھیں۔ واضح رہے کہ ململ کا نہایت باریک کپڑا ہونا چاہئے جس میں سے دوا چھنتی ہو۔

لمبوتری گولیاں

برائے ضیق اندام نہانی۔ پھٹکری سفید آٹھ ماشہ۔ چھالیہ، گل دہاوا، اور پوست چھال بیری، گل بیری، ہر ایک چار ماشہ سب کو جدا جدا باریک پیس کر تول کر لمبی لمبی گولیاں دو دو ماشہ کی بنا کر خشک کر کے وقت ضرورت مجامعت سے پانچ منٹ پہلے اندر رکھ لیں۔ اور پھر نکال دیں۔ اس کے بعد ہم بستر ہوں۔ وہ لطف آئے گا کہ باید و شاید۔ زیادہ عرصہ تک ان گولیوں کو نہ رکھیں ورنہ دخول مشکل ہوگا۔ بارہا تجربہ شدہ ہے۔

Mypdfsite.com

اولاد سے مایوسی

اول مسہل لیں اس کے بعد ایام ماہواری سے فارغ ہونے کے بعد غسل کر کے شیونگی بوٹی جس کو تیتر گوٹی بھی کہتے ہیں اس کے بیج ایک تولہ لے کر پاؤ بھر دودھ کے ہمراہ پھانک لیں صبح کو غذا نرم شام کو دہی چاول کھائیں اس طرح تین دن تک یہ عمل کریں اور ہر روز ایک تولہ تخم شیونگی پھانک لیا کریں۔ اور مرد کو چاہیے کہ برابر تین دن تک قربت بیوی سے کرے بفضلہٖ حمل قرار پائے۔ اگر پہلے ماہ حمل قرار نہ پائے تو دوسرے اور تیسرے ماہ میں بھی یہ عمل کرنا چاہئے اگر کامیابی نہ ہو تو سمجھ لینا چاہئے کہ مرد یا عورت ہر دم میں سے کسی میں نقص ہے اس کا علاج کرنا چاہئے۔

نوٹ۔ اس پروردگار کا لاکھ شکر ہے کہ اس بوٹی نے چند اشخاص کو اولاد عطا فرمائی۔ اس اولاد کی خاطر نہ معلوم کیا کیا جائز ناجائز کھڑاک کئے جاتے ہیں۔

سفید داغ کا بہترین علاج

اوّل یہ منضج سات دن پلائیں۔ منڈی۔ شاہترہ۔ چوب چینی ہر ایک ۲ ماشہ بسفائج فستقی گل سرخ ہر ایک ۳ ماشہ۔ عناب ۵ دانہ پاؤ بھر پانی میں جوش دے کر صاف کر کے شہد خالص دو تولہ ڈال کر صبح کو پلائیں۔ پھر ایک مسہل دیں۔ یہ دوا سات یوم پلا کر مسہل پھر دینا چاہئے۔ پھر سات یوم دوا پلائیں۔ پھر ایک مسہل دیں۔ پھر اسی طرح ایک مرتبہ اور عمل کریں مابعد۔ ہلدی۔ انتر چھال۔ نیب۔ گل منڈی ہر ایک نصف سیر۔ قند سیاہ کہنہ پانچ سالہ۔ نصف سیر۔ دس سیر پانی ڈال کر عرق کھینچئے۔ چھ تولہ صبح اور چھ تولہ شام پینا چاہئے اور یہ ضماد روزانہ داغوں پر لگانا چاہئے۔

Mypdfsite.com

گھریلو طبی نسخے

خاکستر خار مچھلی اور سرمہ سیاہ ہر ایک ۶ ماشہ مازو سبز اور پھٹکری بریاں ہر ایک ۳ ماشہ۔ شیطرج ہندی ۲ تولہ۔

ترکیب استعمال

خوب لیز اور تند سرکہ میں باریک پیس کر لگائیں۔ یہاں تک کہ سفید داغ دور ہو جائیں۔

پرہیز

نمک نہ کھائیں۔ گوشت سُرخ مرچ۔ دودھ لہسن۔ پیاز۔ تیل۔ ترشی بادی۔ اشیاء اور مجامعت سے پرہیز رکھیں۔ بعدہ ذیل کی معجون کھائیں تا کہ چہرہ کا رنگ اصلی اور خوب طاقت آجائے۔

ہلیلہ کابلی۔ امربیل۔ گاجر کا بیج۔ بھیڑا۔ آملہ۔ پیپل۔ ہر ایک ایک تولہ ۱۰ ماشہ جائفل۔ عاقر قرحا۔ شیطرج ہندی ہر ایک ۹ ماشہ پاؤ بھر شہد میں ملا کر معجون بنائیں۔

۳ دن تک سترہ ماشہ یومیہ پھر ۳ دن ناغہ کریں پھر اسی طرح کھائیں یہاں تک کہ دوا پوری ہو جائے۔

فائدہ

آپ یہ اعتراض نہ فرمائیں کہ ایک ہی نسخہ تمام دنیا کو فائدہ پہنچائے گا۔ تجربہ فرما کر دیکھے اللہ پاک نے اسی نسخہ سے مایوس مرضاء کو دوبارہ رشتہ حیات کا امیدوار بنایا ہے۔

جذام کا اکسیر علاج

اللہ پاک اس مرض سے سب کو بچائے رکھے بڑا پھوت دار مرض ہے اور مریض

Mypdfsite.com

کو بحالت مرض زندہ درگو سمجھنا چاہیے۔ جب ہاتھ پیر گلنا شروع ہو جاتے ہیں تو اکثر اس مرض کے بوجہ تکالیف سخت خودکشی کر لیتے ہیں۔ مجھے جب ایسے امراض میں کامیابی ہوتی ہیں تو مسرت کی کوئی انتہا نہ تھی۔ لیکن یہ سب اس کے فضل وکرم پر منحصر ہے۔ ہم نہایت اطمینانی علاج لکھتے ہوئے باری تعالیٰ کے رحم وکرم سے امید رکھتے ہیں کہ اس نسخہ کا استعمال کرنے والا شفایاب ہوگا۔

ہدایت

مرض کا علاج شروع کرتے ہوئے نمک قطعاً چھوڑا دینا چاہیے۔ پھر منضج پلانا شروع کریں۔

شاہترہ، سرپہوکہ۔ گل منڈی۔ صندل سرخ ہر ایک ۶ ماشہ۔ افتیمون ولایتی، بسفائج فستقی ہر ایک ۵ ماشہ۔ عناب ۵ دانہ۔ گاؤزباں ۴ ماشہ۔

پاؤ بھر گرم پانی میں بھگو کر صبح صاف کر کے ۲ تولہ گلقند ڈال کر پلائیں۔ جب مادہ نضج پا جائے۔ خرپزہ۔ کاسنی۔ سونف۔ نیلوفر۔ مکوہ خشک۔ گل سرخ۔ سناء مکی ہر ایک ۶ ماشہ۔ مغز فلوس خیارشنبر ۶ تولہ۔ شیر خشت ۴ تولہ۔ ترنجبین خراسانی ۴ تولہ۔ روغن بادام ۱ تولہ اضافہ کر کے مسہل پلائیں۔ دوسرے مسہل میں ہلیلہ جات بڑھا دیں اور صندل سرخ مسہل کے نسخہ میں نہ ڈالیں اس طرح پھر تیسرا مسہل دیں۔ بعد فارغ ہونے مسہل کے یہ عرق پلانا چاہیے۔

عرق برائے جذام

آنبہ ہلدی۔ انتر چھال نیب۔ قند سیاہ کہنہ ہر ایک چونسٹھ تولہ پانی پینتالیس سیر ملا کر گھوڑے کی لید میں دو ہفتہ دفن کر رکھ کے پھر عرق کشید کریں۔ خوراک آدھ پاؤ صبح اور آدھ

Mypdfsite.com

پاؤ شام مُسہل جذام والا برص میں بھی وہی پلانا چاہئے۔ دو مریض بالترتیب ایک برص ایک جذام کا صحت یاب ہوا ہے جو پرہیز جذام میں درج ہے وہی یہاں لازم سمجھنا چاہئے۔

کھنٹھ مالا کا شرطیہ علاج

یہ نسخہ بڑی مصیبت اور پریشانی سے ہاتھ آیا تھا۔ بعد تحریر اس قدر بے نظیر ثابت ہوا کہ تمام تکالیف بھول گیا سیاہ سانپ کے گریے ایک تولہ۔ جونک ۳ عدد۔ ریت دریا کے کنارہ کی جس کو بالو کہتے ہیں ۳ ماشہ۔ گیرو۔ مردار سنگ ہر ایک ۳ ماشہ۔ روغن سرسوں چھٹانک بھر میں خوب گھوٹ کر رکھ لیں اور روزانہ پُھریری سے لگایا کریں۔

فائدہ

اگر عمر بھر مرض کنٹھ مالا میں زندگی بسر ہوئی ہو تب بھی بفضلہٖ نیست نابود ہو جاتا ہے۔

ناسور کا شرطیہ علاج

ناسور کا مرض بہت کم جاتا ہے اور ہمیشہ بھرتا پھوٹتا رہتا ہیں۔ ناسور خواہ کسی جگہ پر ہو حتیٰ کہ آنکھ جیسے نازک مقام پر بھی وہی اثر رکھتا ہے اور پھر صفت یہ ہے کہ پھر عمر بھر نہیں ہوتا۔ البتہ آنکھ میں ذرا تیز یہ دوا لگتی ہے۔ یہ بوٹی بنام جتاور بوٹی مشہور ہے ذرا سی جڑ اس کی پانی میں گھس کر بتی میں آلودہ کر کے اندر رکھ لیتے ہیں۔ اگر جگہ کم ہے تو کشادہ کر کے رکھنا چاہئے یا کسی سلائی وغیرہ میں لگا کر اندر دوا پہنچا دینا چاہئے۔ یہ بوٹی بھوپال کے سوائے دوسری جگہ پیدا نہیں ہوتی کسی دوست وغیرہ سے بھوپال لکھ کر منگوالیں۔

Mypdfsite.com

داد کا سریع الاثر نسخہ

یہ داد کا نسخہ نہایت اچھا ہے۔ فوراً داد چلا جاتا ہے اور پھر صفت یہ ہے کہ لگتا بالکل نہیں ہے سینکڑوں دادوالے اس نسخہ سے اچھے ہو چکے ہیں اور ہمیشہ اسی نسخہ کا ہمارے یہاں استعمال ہوتا ہے۔ واضح رہے کہ داد کو کسی موٹے کپڑے سے رگڑ کر پھر دوا لگانا چاہئے تاکہ دوا با آسانی مسامات میں سرایت کر جائے۔

گندھک آملہ سار۔ رال سفید۔ سہاگہ ہر ایک ایک تولہ۔ شکر صابون دیسی ہر ایک ۳ ماشہ عرق لیموں میں گھونٹ کر ٹکیاں بنالیں۔ ایک قرص عرق لیموں یا سرکہ میں گھس کر یا باسی تھوک میں گھس کر لگانا چاہئے۔

اکوتہ

یہ بھی قسم داد کی ہے۔ اوّل تازہ مہندی کی پتی باریک پیس کر تین دن لگائیں پھر روغن دار چینی ۳ ماشہ روغن زیتون ۶ ماشہ میں ملا کر لگائیں ایک ہفتہ تک، پھر چھالیا سوختہ پھٹکری سوختہ۔ سہاگہ بریاں۔ ہلدی سوختہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ مسور سوختہ۔ بانجی سوختہ۔ کوکنار سوختہ۔ سیاہ مرچ سوختہ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ رال سفید۔ مہندی کی پتی۔ ایلوا ہر ایک ۳ ماشہ کتھا سفید ۲ ماشہ۔

ترکیب استعمال

روغن سرسوں چار تولہ میں گھونٹ کر پہر ایک پھریری سے لگایا کریں اور اوپر سے مہوے کا پتہ باندھ دیں جس طرح نفع دیکھیں عمل کریں۔ دو ہفتہ میں اکوتہ کا نام و نشان باقی نہیں رہتا۔

Mypdfsite.com

نسخہ تیل:

ایک گرگٹ پرانا سرسوں کے تیل میں جلا کر پھینک دیں اور پھریری سے تیل لگایا کریں۔ ایک ہفتہ میں آرام ہو جاتا ہے۔ او چھابن کے واسطے بھی یہ گرگٹ والا تیل نمزلہ اکسیر کے ہے۔ قدیم وجدید چھاجن بفضلہٖ اس سے چلی جاتی ہے۔

دوسرا مجرب نسخہ

نیلا تھوتھا۔ کتھا سفید۔ پلاس پاپڑا ہر ایک تین ماشہ کافور ایک ماشہ۔ لیموں کاغذی کے عرق میں خوب گھونٹ کر پھر دوا لگانا چاہئے۔

کوتہ کا مجرب نسخہ

چھالیہ ۲ تولہ۔ کتھا سفید ۴ ماشہ۔ مردار سنگ۔ سنگ جراحت سیاہ مرچ ہر ایک ڈہائی ماشہ۔ وہوانسہ ۲ ماشہ نیلا تھوتھا پانچ رتی سب ادویہ اس طرح بریاں کریں کہ جل نہ جائیں۔ پھر روغن زرد آدھ پاؤ میں ملا کر کافور ڈہائی تولہ اضافہ کر کے چھاجن پر لگائیں یہ نسخہ چھاجن کے واسطے بہت مفید ہے

خارش خشک اور تر کے لیے تجربہ شدہ نسخہ جات

ایک صاحب بھوپال میں اپنی بسر اوقات اسی پر رکھتے تھے اور خود دوا تیار کر کے دیتے تھے اور پیشگی تین روپیہ لیتے تھے۔ تین دن میں کیسی ہی خارش ہو۔ کافور ہو جاتی ہے میرے ایک خاص مہربان نے بہت لالچ دے کر باہم تبادلہ خیالات اور چند نسخہ بہترین دے کر حاصل کیا۔

گندھک آملہ سار۔ گڑ پنج (بچھ) چوک ہر ایک ۶ ماشہ ہر ۱۳ ادویہ کو باریک پیس

Mypdfsite.com

کرایک کپڑے کی پوٹلی میں باندھ لیں۔ کپڑا انہایت باریک ہونا چاہئے۔ پھر تین پاؤ دودھ گائے کا لے کراس پوٹلی کو دودھ میں ڈال کر جوش دیں نصف دودھ رہ جانے پر پوٹلی نکال کر رکھ لیں اور دودھ کو خفیف سی شکر ڈال کر پی لیں۔ غذا اس دن کچھ نہ دینا چاہئے۔ اب پوٹلی کی دوا نکال کر اس میں ۲ رتی نیلا تھوتھا ملا کر میٹھا تیل بقدر ضرورت مالش جس سے تمام جسم یا جس جگہ ہو۔ لے کر اس میں خوب ملائیں کہ رقیق مرہم ہو جائے پھر دھوپ میں بیٹھ کر خوب مالش کریں۔ یا بعد مالش دھوپ میں بیٹھیں اور چار گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے صابن جسم پر لگا کر غسل کریں۔ اب بعد غسل دودھ۔ چاول کھائیں۔ انشاء اللہ العزیز ایک دن میں صحت ہو جاتی ہے۔ دو مرتبہ اور مزید احتیاطاً یہ عمل کر لیں۔ تاکہ پھر خارش کی آئندہ شکایت نہ پیدا ہو

دیگر

پوست ہلیلہ کابلی ڈھائی تولہ۔ جھاؤ کی لکڑی گیارہ ماشہ۔ گلاب کے پھول ۶ ماشہ آملہ خشک دس ماشہ۔ ہلیلہ دس ماشہ۔ شاہترہ ریوند چینی ہر ایک ۳ ماشہ۔ سناء مکی ۲۰ ماشہ شکر سفید ۹ ماشہ سفوف بنالیں اور شب کو شاہترہ ۶ ماشہ پانی میں بھگو کر شبنم میں رکھ دیں صبح اس کو نتھار لیں۔ ڈیڑھ تولہ سفوف کھا کر اوپر سے نقوع شاہترہ پی لیں۔ ایک ہفتہ تک اور ذیل کا مرہم اگر خارش ہے تو پھنسیوں پر لگائیں اور اگر خارش خشک ہے تو جس پر مالش کریں تین گھنٹہ کے بعد غسل کریں۔ کتنی ہی پرانی ہو تجربہ شرط ہے۔

مرہم کا نسخہ

تخم کھرنی۔ افیون۔ سونا مکھی۔ سہاگہ۔ شورہ قلمی۔ گندھک۔ رال۔ کافور۔ مہندی خشک۔ اجوائن خراسانی۔ ہانچی۔ میفسل۔ رسکپور۔ مردار سنگ۔ نیلا تھوتھا۔ کتھا سفید

Mypdfsite.com

ہرایک چھ چھ ماشہ لے کر آدھ پاؤ مکھن ایک سوایک بار دھوئے ہوئے میں ملا کر لگائیں۔
اگر فوطوں میں خارش ہوتی ہو تو صرف یہ مرہم لگائیں۔

دیگر بے نظیر نسخہ

باپچی۔ اجوائن خراسانی۔ گندھک آملہ سار۔ صندل سرخ۔ تخم ستیاناسی۔ نیلا تھوتھا۔ مرچ سیاہ۔ خوب باریک پیس کر سرسوں کے تیل میں ملا کر روزانہ صرف تین دن شب کو سوتے وقت تمام جسم پر مل کر سو رہیں۔ صبح نیب کے پانی سے غسل کریں۔ اور تخم ستیاناسی لے کر باریک پیس کر بقدر نخود گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح ایک شام کھائیں جسم میں خارش کا نام ونشان بھی باقی رہے گا۔ بحر حال اس امر کا خیال ملحوظ رکھیں کہ اگر ایک نسخہ سے خدانخواستہ کسی وجہ سے فائدہ نہ ہو تو دوسرا نسخہ ضرور بنا کر استعمال فرمائیں۔

مرہم زنگاری

موم اور پھٹکری ہرایک ۱۴ ماشہ بہروزہ ترے ماشہ۔ زنگار ۱۵ ماشہ۔ نیلہ تھوتھا ۷ ماشہ۔
سہاگہ بریاں چار ماشہ۔

اول روغن گل یا میٹھے تیل تین تولہ کو آگ پر چڑھائیں جب خوب گرم ہو جائے تو موم اور بہروزہ ڈالیں بعدہ باریک کر کے دوسری ادویہ شامل کریں۔ یہ مرہم پھوڑا کیسا ہی سخت ہو جلد پھوڑ دیتا ہے اور کنٹھ مالا میں بھی مفید ہے۔ الغرض بڑا بے نظیر مرہم ہے۔

مرہم سفید کا نسخہ

موم سفید اور چربی گاؤ یا بکری ہرایک ۴ تولہ روغن کنجد بارہ تولہ میں پگھلا کر سفیدہ

Mypdfsite.com

کاشغری تین تولہ۔ کافور ایک تولہ ملا کر مرہم بنالیں۔ یہ مرہم پھوڑے کو خشک کرتا ہے بس یہ وہ مرہم ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں میں ہمارے معمول مطب ہیں بفضلہٖ آج بارہ سال سے ہیں ان مرہموں کا استعمال صدہا مریضوں پر کیا جا چکا ہے کسی دوسرے مرہم بنانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔

Mypdfsite.com

کتاب میں درج اوزان کی تشریح اور وضاحت

اوزان	تشریح
ستاور	ایک تولہ آٹھ ماشہ دورتی لیکن شیخ بوعلی سینا کے قول کے مطابق 1 تولہ دس ماشہ 6 رتی کے برابر ہے۔
اوقیہ	دو تولہ نو ماشہ 6 رتی۔
باقلا	1 ماشہ 6 رتی۔
تولہ	بارہ ماشہ۔
ٹانک	4 ماشہ۔
حبہ	دو جو۔
حمصہ	ساڑھے دس ماشہ۔
دام	14 ماشہ۔
دام پختہ	اکیس ماشہ۔
دانگ	6 رتی۔
درم	عربی میں درہم کہتے ہیں۔ ساڑھے تین ماشہ۔

Mypdfsite.com

رطل	جہاں صرف رطل لکھا ہو وہاں اس سے مراد رطل بغدادی ہے جس کا وزن 33 تولہ 9 ماشہ کے برابر ہے۔
سیر شاہجہانی	دہلی میں چھبیس تولہ 3 ماشہ برابر مستعمل ہے۔
سیر شاہی	اکیس ماشہ۔
سیر اکبری	باون تولہ 6 ماشہ۔
سیر عالم گیری	ستتر تولہ (77)
سیر فرخ شاہی	چوراسی تولہ۔
سرخ	پاکستان اور ہندوستان میں رتی کے نام سے مشہور ہے۔
قیراط	تین رتی۔
ماشہ	آٹھ رتی۔
مثقال	ساڑھے چار ماشہ۔
من طبی	سرسٹھ تولہ چھ ماشہ۔
من تبریزی	دوسو پچیس تولہ۔
من ہندی	چالیس سیر۔
من روسی	ستاون تولہ۔